# عامل بنانے والی کتاب

# خلاصہ عملیات وتعویذات

مصنف
ملازم حسین

# فہرست مضامین



| صفحہ نمبر | مضمون |
|---|---|
| ۳ | عرض مصنف ۔ |
| ۴ | نقوش کی زکات |
| ۸ | حصار |
| ۹ | رُجُعَت |
| ۱۰ | عامل کیلئے خصوصی ہدایات |
| ۱۳ | مسائل کی تشخیص اور نقوش کا استعمال |
| ۱۵ | بندش |
| ۱۷ | حروفِ صوامت |
| ۱۸ | اصطلاحاتِ علم آثار |
| ۴۱ | حروفِ تہجی |
| ۴۲ | جدولِ ابجد |
| ۴۳ | اعداد نکالنے کا قاعدہ |
| ۴۴ | ہمزہ کی تشریح |
| ۴۵ | نام کے اعداد کی احتیاط |
| ۴۶ | تعویذات |
| ۴۷ | مثلث کی چاروں عنصری چالیں |
| 〃 | آتشی چال |
| 〃 | بادی چال |
| 〃 | آبی چال |
| ۴۸ | خاکی چال |

# فہرست مضامین



| مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|
| مثلث کے خانوں کی تاثیر | ۴۸ |
| مثلث نقش پُر کرنیکا قاعدہ | ۴۹ |
| نقش مثلث آتشی | 〃 |
| نقش مثلث بادی | ۵۰ |
| نقش مثلث آبی | ۵۱ |
| نقش مثلث خاکی | 〃 |
| مربع کی چاروں عنصری چالیں | ۵۳ |
| آتشی چال ۔ | 〃 |
| بادی چال | 〃 |
| آبی چال | ۵۴ |
| خاکی خال | 〃 |
| مربع نقش پُر کرنے کا قاعدہ | ۵۵ |
| نقش مربع آتشی | 〃 |
| نقش مربع بادی | ۵۶ |
| نقش مربع آبی | ۵۷ |
| نقش مربع خاکی | 〃 |
| ہمزاد و موکلات جنات کو تابع کرنا | ۵۸ |
| حصار | ۶۵ |
| حروفِ تہجی کی زکات | ۶۷ |
| جدول حروف تہجی معہ موکلات | ۶۸ |

# فہرست مضامین


| مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|
| زائچہ کے بارہ گھروں کے منسوبات | ۷۰ |
| زائچہ مسلم الرحل | ۷۱ |
| کام کرنے سے پہلے قمر کی سعادت و نحوست معلوم کرنا | ۷۴ |
| عملیات کیلئے ستاروں کی باہمی نظرات | ۷۵ |
| ستاروں کی باہمی نظرات | ۷۹ |
| دائرہ بروج برائے عملیات | ۸۱ |
| نظرات کے ثمرات | ۸۲ |
| ساعتوں کے موافق عملیات و تعویذات | ۸۶ |
| نقشہ ساعت دن اور اثرات | ۸۸ |
| نقشہ ساعت شب اور اثرات | ۸۹ |
| شرف و ہبوط اوج حضیض سیارگان | ۹۰ |
| ستارہ کی کس ساعت میں کونسا کام کرنا چاہیئے ۔ | ۹۱ |
| تقسیم ہفتہ | ۹۲ |
| تقسیم اوقات | 〃 |
| تقسیم ماہ | 〃 |
| اوقات استخارہ | 〃 |
| تقسیم سال | ۹۳ |
| نقش پندرہ یہ حرکات کی مخفی ترکیب | ۹۶ |
| تاریخ پیدائش کے مطابق برتھ سٹون | ۹۸ |
| ایک خیال یہ بھی ہے | ۹۹ |


Ghulam Yaseen

# فہرست مضامین


| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| امتحان میں پاس یا فیل معلوم کرنیکا طریقہ | ۱۰۰ |
| خطابیرگی | ۱۰۱ |
| کیریئر کا انتخاب | ۱۰۲ |
| اعضاء پھڑکنے کا نتیجہ | ۱۰۴ |
| شگون | ۱۰۶ |
| علم الرمل | ۱۰۸ |
| اصول و قواعد احکام شکلیہ | ۱۱۵ |
| سال کے کس حصے میں کون عمل کیا جاسکتا ہے . | ۱۱۸ |
| زائچہ رمل میں گھروں کے منسوبات | ۱۲۱ |
| خواب اور اسکی تعبیر | ۱۲۷ |
| جنات کو دیکھنے کا فن | ۱۵۵ |
| عجیب تصوراتی عمل | ۱۶۰ |
| برائے حب لبغض یا کسی سے کوئی بات منوانا | ۱۶۱ |
| ہر طرح کی بندش کھولنے کا عجیب عمل . | ۱۶۳ |
| عجیب عمل برائے شادی | ۱۶۵ |
| محفلِ حاضرات | ۱۶۶ |


Ghulam Yaseen

## عرضِ مصنف :-

یہ بات حقیقت میں بالکل اٹل اور صد فی صد درست ہے ۔ آپ بھی اس حقیقت کو تسلیم کریں گے ۔ کہ جب کوئی شخص اپنے فن میں ماہر ہو جاتا ہے ۔ تو وہ اپنے فن کو اخفائے راز میں استعمال کرتا ہے ۔ تاکہ کوئی دوسرا شخص اس فن کی باریکیوں کو جان کر عمل پیرا نہ ہو سکے :

اس فن کے شوقین جب عملیات کے میدان میں آتے ہیں ساری عمر اس فن کو حاصل کرنے کیلئے صرف کر دیتے ہیں ۔ لیکن پھر بھی وہ اپنی منزل تک نہیں پہنچ سکتے ۔ اور مایوس ہو کر اس علم سے نفرت کرنے لگتے ہیں ۔

علم دینے سے علم بڑھتا ہے ۔ کم نہیں ہوتا ۔ لیکن عامل لوگ بخیل ہیں ۔ کسی کو اپنے علم کی ہوا تک نہیں لگنے دیتے اور پھر یہ علم قبر والے سینوں جانب چلے جاتے ہیں ۔

مجھے فخر ہے ۔ کہ جو کچھ مجھے ملا یا حاصل ہوا ۔ اسکو نہایت ہی فراخدلی اور فیاضی سے پیش کر رہا ہوں ۔ یہ جذبہ محض اسلئے تاکہ لوگ یہ علم سیکھ کر کمال کر اللہ کے بندوں کی خدمت کر سکیں :


ہم نے اس کتاب میں ان بنیادی باتوں کی تشریح دل کھول کر کر دی ہے ۔ جنہیں نظر انداز کر کے عملیات کے میدان میں کامیابی حاصل مشکل ہی نہیں بلکہ محال ہے ۔


دعا گو ہوں کہ رب العزت آپ سب کو کامیابی سے ہمکنار کرے ۔

خاکسار :-


ملازم حسین

Ghulam Yaseen




Ghulam Yaseen


دائرہ عملیات
برج حمل ستارہ مریخ
برج حوت ستارہ مشتری
برج ثور ستارہ زہرہ
برج جوزا ستارہ عطارد
برج سرطان ستارہ قمر
شرقی - آتشی - سرخ
شمالی - آبی - سفید
جنوبی خاکی - سفید
ہبوط زحل وبال زہرہ
ہبوط وبال عطارد
وبال مریخ
وبال آفتاب
شرف آفتاب
شرف زہرہ
شرف قمر
شرف راس
شرف مشتری
مذکر - منقلب
منگل
جمعہ

# نقوش کی زکات

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ١١ | ١٤ | ١ |
| ١٣ | ٢ | ٧ | ١٢ |
| ٣ | ١٦ | ٩ | ٦ |
| ١٠ | ٥ | ٤ | ١٥ |

جو لوگ عملیات کا شغل اختیار کرنا چاہئیں اُن پر لازم ہے ۔ کہ وہ سب سے پہلے نقوش کی زکات ادا کریں ۔ تاکہ ان میں تاثیر پیدا ہو۔ نقوش کی زکات ادا کرتے وقت اُن بنیادی باتوں کی تشریح کی جا رہی ہے ۔ جو کہ زکات کی ادائیگی کے دوران عامل کیلئے ضروری ہیں ۔ عامل اگر دی ہوئی ہدایت کے مطابق نقوش کی زکات ادا کریگا ۔ تو کامیابی انشاء اللہ صد فیصد ملے گی ۔ بعد از ادائیگی زکات جب بھی وہ نقوش جس مقصد کیلئے بھی سائل کو لکھ کر دے گا ۔ انشاء اللہ گولی کی طرح کام کریں گے : ۔

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ١ | ٨ |
| ٧ | ٥ | ٣ |
| ٢ | ٩ | ٤ |

(١) اس مقصد کیلئے ایک علیحدہ کمرہ ہونا چاہئیے ۔ جس میں سوائے عامل کے کوئی دوسرا شخص داخل نہ ہو ۔ کمرہ پُرسکون ہو ۔ اور خالی ہو ۔ پاک صاف ہو ۔ کمرے میں کوئی اسطرح کی چیز نہیں ہونی چاہئیے ۔ جس سے روحانیت آکر بیزار ہو ۔ کوئی ایسا کیلنڈر نہ ہو ۔ جیسے عورت مرد کی برہنہ تصویر نہیں ہو ۔ ٹی وی اور وی سی آر نہ چلتا ہو ۔ کوئی فحش کام نہ ہوتا ہو ۔

(٢) نقش با طہارت لکھیں ۔ اور چال کے مطابق لکھیں ۔ اس مقصد کیلئے فوٹو سٹیٹ نقش کارآمد نہ ہونگے ۔ نقش لکھتے وقت اگر کسی نقش میں غلطی ہو جائے ۔ تو اس نقش کو چھوڑ دیں ۔ اور نیا نقش لکھیں ۔ اور اس نقش کو گنتی میں شامل نہ کریں ۔

GhulamYaseen

(۳) نقوش کی زکات عموماً نوچندی جمعرات سے شروع کی جاتی ہے ۔ زکات کے نقوش لکھنے کیلئے کسی خاص قلم دوات کی ضرورت نہیں ہوتی ۔ آپ بال پین سے بھی لکھ سکتے ہیں : ۔ نقش لکھنے کا روزانہ ایک وقت مقررہ ہونا چاہیے زکات کی ادائیگی تک اس میں کمی بیشی نہ ہو ۔ نہ ہی کسی روز ناغہ ہو ۔ اگر ناغہ ہو گیا ۔ تو نقش کی تاثیر کم ہو جائیگی ۔

(۴) زکات کے نقوش لکھتے وقت کسی سے بات چیت ہرگز نہ کریں ۔ خواہ کتنی ہی مجبوری کیوں نہ ہو ۔

(۵) دوران زکات کسی بھی سائل کو تعویذات لکھ کر مت دیں ۔ نہ ہی اس مقصد کیلئے کسی کے گھر جائیں ۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا احتمال ہے ۔

(۶) اگر دوران زکات اپنا منہ کسی خاص سمت رکھنے کی شرط ہو ۔ تو اس پر عمل کریں ۔

(۷) جس کمرے میں آپ زکات ادا کر رہے ہیں ۔ اسکو تبدیل ہرگز نہ کریں ۔ اگر تبدیل کریں گے ۔ تو عمل کو بیکار جانو !

(۸) زکواۃ کے نقوش روزانہ دریا میں ڈالنے کی شرط نہیں ہوتی ۔ آپ آخری دن بھی سب نقوش اکٹھے کر کے ڈال سکتے ہیں ۔ تاہم اگر روزانہ لکھ کر دریا میں ڈالے جائیں ۔ تو یہ بات نفع سے خالی نہ ہوگی ۔ اگر کوئی شخص اصلاح کر لیگا ۔ تو انشاء اللہ نقوش میں کلی تاثیر ملا کریگی ۔

(۹) زکات کے نقوش دریا میں ڈالتے وقت کوئی دوسرا شخص ہرگز نہ دیکھے ۔ نہ ہی آتے جاتے وقت کسی شخص کی

نظر آپ پر پڑے ۔ نقش دریا میں ڈالتے وقت پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھیں ۔ ورنہ خطا ہوگی ۔

(۱۰) دوران زکات گھر میں کوئی ایسی عورت موجود نہیں ہونی چاہیئے ۔ جسکو ماہواری آرہی ہو ۔ ورنہ عمل کو بیکار جانو! یہ ایک خاص نکتہ تھا ۔ جسکی وضاحت کی جارہی ہے ۔ اکثر لوگ یہ شکوہ کرتے ہیں ۔ کہ ہم نے نقش کی زکات ادا کی ہے لیکن نقش نے کام نہیں کیا ۔ میں یقین دلاتا ہوں ۔ کہ اگر ان شرائط کو مدنظر رکھ کر زکات ادا کی جائے ۔ تو یہ ہو ہی نہیں سکتا ۔ کہ نقش میں تاثیر پیدا نہ ہو ۔ بلکہ زکات کے بعد نقش کوئی بھی طرح کام کریگا ۔

(۱۱) اگر دوران زکات یا دریا میں نقش ڈالتے وقت سر اور کندھے وزنی ہو جائیں ۔ تو سمجھ لو ۔ میرا عمل کامیاب جارہا ہے ۔

(۱۲) دوران زکات اگر نقش کے موکلین حاضر ہوں ۔ یا نقش دریا میں ڈالتے وقت یا آتے جاتے وقت حاضر ہوں تو ان سے مطلق کوئی بات نہ کریں ۔ جب تک زکات ادا نہیں ہوجاتی ۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے ۔

(۱۳) زکات کی ادائیگی کے دوران بازو یا جیب میں کسی بھی طرح کا نقش نہیں ہونا چاہیئے ۔

(۱۴) بعض خواتین کی یہ مجبوری ہوتی ہے ۔ کہ وہ زکات کے نقوش دریا برد کرنے پر نہیں جاسکتی ۔ انکو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ کسی دوسرے شخص کو نقش دے دیں ۔ جو دریا میں ڈال آئے ۔ لیکن یہ شرط صرف خواتین کیلئے ہے ۔ مردوں میں صرف ان لوگوں کو اجازت ہے ۔ جو لوگ ــــــ معذور ہوں ۔ چل نہ سکتے ہوں ۔

(۱۵) دوران زکات عالم خواب یا عالم بیداری میں مشاہدات نظر آئیں ۔ تو ان کا ذکر بھولے سے بھی کسی سے نہ کریں ۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے ۔

(۱۶) نقش کو دائیں ہاتھ سے ہی لکھنا افضل ہے ۔ تاہم اگر کسی کا دایاں ہاتھ کٹ گیا ہو ۔ یا انگلیاں کٹی ہوئی ہوں ۔ تو پھر وہ الٹے ہاتھ سے لکھ سکتا ہے ۔

Ghulam Yaseen

(۱۷) بعد از زکات عمل کو قابو رکھنے کیلئے روزانہ ۳ ۔ ۵ ۔ ۷ ۔ ۱۱ نقش لکھیں ۔ جب یہ اکٹھے ہو جائیں ۔ تو انکو بھی دریا میں ڈال دیا کریں ۔ اگر کسی نے چالیس تک نقش نہ لکھے ۔ تو پھر تاثیر جاتی رہے گی ۔ اور دوبارہ زکات ادا کرنے پر وہ تاثیر ظاہر نہ ہوگی ۔ اسلئے اس شرط کا خاص خیال رکھیں :

(۱۸) زکات کے دوران عورت سے قطعی پرہیز کرے ۔ کوشش کرے ۔ کہ زکواۃ کے دوران کسی غیر محرم عورت سے بھی بات چیت نہ کرے ۔ نہ ہی کسی عورت کا سایہ آپ پر پڑے ۔ اگر عامل ان شرائط پر سختی سے عمل کرے گا ۔ تو پھر کامیابی میں کوئی شبہ نہیں ہے ۔ انشاء اللہ بہت جلد عامل کو کنٹرول ملے گی ۔

(۱۹) زکات کے نقش [illegible] دریا میں ڈالتے وقت اگر کوئی نقش بہاؤ کی طرف جانے کے الٹی طرف لینی پانی کے مخالف تیزی سے جائے ۔ تو اسکو فوراً پکڑ لیں ۔ یاد رہے ۔ کہ نقش پکڑتے ہی آپکا جسم سن ہو جائیگا ۔ سر اور کندھے وزنی ہو جائیں گے ۔ جسم میں جھٹکے بھی محسوس ہونگے ۔ لیکن اسکی پرواہ ہرگز نہ کریں ۔ اس نقش کے موکلین حاضر ہوں گے ۔ اور پھر عامل کی خود ہی راہنمائی کریں گے ۔ (عقل مند را اشارہ کافی است)

(۲۰) بعد از زکات سوا پاؤ یا سوا سیر کی مٹھائی لیکر ایک سیر ختم دیکر بچوں میں تقسیم کر دیں ۔

Ghulam Yaseen

# حصار

عامل حضرات کیلئے ! ڈائن ۔ جوگن ۔ جنات ۔ بھگت ۔ جادوگر ، اور شعبدے باز کا حسد ذاہ بدگمانی اور ضرر پہنچانا فطرتی بات ہوتی ہے ۔ اسلئے عامل حضرات اس ترکیب کے ساتھ اپنی جگہ یا دور دراز سائل کے ساتھ جائیں گے ۔ تو انشاء اللہ ان لوگوں کا کوئی بھی حربہ کارگر نہ ہوگا ۔ بلکہ عامل حضرات کی موجودگی تک وہ جگہ چھوڑ دیں گے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱ قَالَ اَلْقُوْا فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ٥ پارہ 9 × رکوع ۳ × آیت ۱۱۵

۲ قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۙ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ــــ پارہ ۱۱ رکوع ۱۳ آیت ۸۱

۳ والفاسدات والساحرات

۴ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ پارہ ۱۱ × رکوع ۱۳ × آیت ۸۲

۵ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ پارہ 9 × رکوع ۳ × آیت ۱۱۸

اس ترکیب سے تین بار پڑھ کر جو عطر استعمال کرتے ہوں اسپر پھونکیں یا ایک چھوٹی سوئی پر پھونک کر پاکٹ میں رکھنا ہے ۔ عطر ختم ہوجائے یا سوئی کھو جانے کے بعد دوبارہ پڑھ لیں ۔

## رُجعت :-

اکثر لوگ کتابوں اور رسالوں سے عمل پڑھ کر چلّے شروع کر دیتے ہیں۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ کئی لوگ رُجعت کا شکار ہو جاتے ہیں۔ میری اپنی ذاتی رائے یہی ہے۔ کہ جب تک کسی عامل کامل کی طرف سے عمل کرنے کی اجازت نہ ملے۔ اسوقت تک کسی عمل کو ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔ کیونکہ اکثر عملوں میں رُجعت کا خوف ہوتا ہے۔ اور جب رُجعت ہو جاتی ہے۔ تو پھر کوئی علاج کارگر نہیں ہوتا۔ بعض اوقات یہ دیکھا گیا ہے کہ عمل میں غلطی کے سبب دماغ پر بڑے ہی گہرے اثرات مرتب ہوتے ہیں اکثر لوگ پاگل ہو جاتے ہیں۔ میرے پاس اسطرح کے سینکڑوں لوگ آئے ہیں جو کہ رُجعت کا شکار تھے۔ انہوں نے بتایا کہ ہمیں فلاں عامل نے یہ عمل بتایا کہ آپ کریں۔ ہم نے کیا اور رُجعت کا شکار ہو گئے۔

کئی عاملین کو دیکھا گیا ہے۔ کہ وہ دوسروں کو عمل بتا دیتے ہیں لیکن خود اس عمل کے عامل نہیں ہوتے اسلئے ایسے لوگوں سے پرہیز کرنی چاہیے۔ جب تک یہ پختہ یقین نہ ہو جائے۔ کہ یہ شخص خود اس عمل کا عامل ہے اُسوقت تک کسی عمل کو نہیں کرنا چاہیے۔ رُجعت کسطرح ہو جاتی ہے۔ اسکی تفصیل یہیں جاری ہے تاکہ لوگ محتاط رہیں

(۱) کئی لوگ اسطرح کے ہوتے ہیں۔ کہ جب وہ چلّہ شروع کرتے ہیں۔ تو انکو اچانک کوئی ایسی مجبوری ہو جاتی ہے کہ وہ عمل کو جاری نہیں رکھ سکتے۔ اور درمیان میں چھوڑ دیتے ہیں۔ مثلاً گھر میں کسی شخص کا بیمار ہو جانا۔ بیوی یا بچوں کا بیمار ہو جانا۔ یا کسی عزیز رشتہ دار کا فوت ہو جانا۔ ان وجوہات کی بنا پر لوگ عمل چھوڑ دیتے ہیں نتیجہ یہ نکلتا ہے۔ کہ وہ رُجعت کا شکار ہو جاتے ہیں۔

(۲) کچھ لوگ کمزور دل اور ڈرپوک ہوتے ہیں۔ دوران چلّہ ڈر جاتے ہیں۔ اور چلّے سے بھاگ جاتے ہیں۔ اور پھر رُجعت کا شکار ہو جاتے ہیں۔

(۳) تیسری طرح کے لوگ اسطرح کے ہوتے ہیں۔ کہ چلّے کے دوران کئی بُری روحیں حاضر ہوتی ہیں۔ اور کہا جاتا ہے۔ کہ ہم حاضر ہو گئے ہیں۔ عمل پڑھنا بند کر دیں۔ لوگ انکے چکروں میں آ کر عمل چھوڑ دیتے ہیں۔ اور بعد ان ہی چیزوں کا خود شکار ہو کر رُجعت میں گرفتار ہو جاتے ہیں

Ghulam Yaseen

# عامل کیلئے خصوصی ہدایات

حاضرات کے اعمال کرنے سے قبل جن باتوں کا جاننا ضروری ہے انکو وضاحت سے لکھ دیا ہوں۔ تاکہ کوئی بھی نکتہ پوشیدہ نہ رہے اگر عامل دی ہوئی ہدایت پر عمل کرے گا۔ تو انشاء اللہ کبھی بھی ناکامی نہ ہو گی۔

(۱) حاضرات کے اعمال کرنے سے قبل کسی میٹھی چیز پر حضرت غوث پاکؒ اور ان کے خصوصی گیارہ مریدین کے نام فاتحہ دلا کر وہ چیز بچوں میں تقسیم کر دیں۔ اور کامیابی عمل کی دعا کریں

(۲) حاضرات کے اعمال عموماً نوچندی جمرات سے ہی شروع کیے جاتے ہیں۔ لیکن مجھے جو بزرگوں کی طرف سے اعمال ملے ہیں۔ وہ زیادہ تر چاند کی گیارہویں کو شروع ہوتے ہیں۔

(۳) اکثر لوگ نوچندی جمرات کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ مثلاً آج چاند کی یکم دو یا تین تاریخ ہے اور جمرات کا دن ہے۔ تو یہ جمرات نوچندی نہ ہو گی۔ اس سے آگے آنے والی جمرات نوچندی ہو گی

(۴) ان اعمالوں کو کرنے کیلئے کسی علیحدہ کمرے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کمرہ مخصوص ہو۔ جہاں پر عمل کے شروع سے لیکر تا اختتام عمل کوئی دوسرا شخص ہرگز داخل نہ ہو۔

(۵) حاضرات کے تمام عملوں میں ہر قسم کا گوشت کچا لہسن پیاز اور جماع سے قطعی پرہیز ہوتی ہے

(۶) عمل شروع کرنے سے قبل صاحب عمل یا کسی عامل کامل سے اجازت لینی شرط ہے۔ تاکہ رجعت کا خوف نہ رہے۔

(۷) ہر عمل کی میعاد مقررہ ہوتی ہے۔ لیکن اوقات عامل کی اندرونی قوتوں کی کمی کی وجہ سے دن زیادہ لگ جاتے ہیں۔ اسلئے اگر ایک چلے میں کامیابی نہ ہو۔ تو اسکو دوبارہ کرنا چاہیئے بعض تین چلوں میں جاکر کامیابی ہوتی ہے۔ اسلئے بددل نہیں ہونا چاہیئے۔ ہر انسان میں قوتیں

یکساں نہیں ہوتی۔ کسی میں کم کسی میں زیادہ۔ یہ وجہ ہوتی ہے۔ کہ بعض لوگوں کو پہلے دن سے ہی مشاہدات نظر آنے لگتے ہیں۔ بعضوں کو دو دو ماہ تک نظر کچھ نہیں آتا۔

(۸) عمل حیوانی کے عادی شخص کو عمل نہ کرنا چاہیئے۔ کیونکہ عمل کے دوران قطعی پرہیز رہیگی

(۹) ایسے لوگ جنکے دل کمزور ہوں۔ ان کو بھی عمل نہیں کرنا چاہیئے۔ کیونکہ عملوں کے دوران ڈر خوف آتا ہے۔ اگر ڈر گیا۔ تو پاگل ہو جائیگا۔ یا پھر رجعت میں گرفتار ہو جائیگا اسلیئے عمل کرنے سے پہلے اچھی طرح سوچ لینا چاہیئے۔ کہ میں یہ عمل کر بھی سکوں گا۔ یا کہ نہیں؟

(۱۰) ایسے لوگ جو کہ کسی مرض کا شکار ہوں۔ یا کسی پر کوئی ذی روح حملہ آور ہو۔ اگر وہ تندرست بھی ہو جائیں۔ تو پھر بھی عمل ہرگز نہ کریں۔

(۱۱) ایسے لوگ جو کہ کسی بیماری کا شکار ہوں۔ جیسے مرگی۔ سکتہ وغیرہ انکو ایسے اعمال نہیں کرنا چاہیئے۔

(۱۲) جن حاضرات میں زکات کی شرط ہو۔ انکو بغیر زکات کبھی بھی حاضرات نہ کریں۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

(۱۳) اگر ایک چلے میں کامیاب نہ ہو۔ تو ہمت نہ چھوڑیں لگاتار تین چلے کریں۔ بددل نہ ہوں۔ یقین کامل رکھیں۔ کہ میں اس عمل میں ضرور کامیاب ہو جاؤنگا۔ کیونکہ بعض اوقات عملیات کا ظہور دیر سے ہوتا ہے۔

(۱۴) دورانِ عمل کئی طرح کے مشاہدات نظر آتے ہیں۔ چاہیئے کہ انکا ذکر بھولے سے بھی کسی سے ہرگز نہ کریں۔ پردہ داری شرط ہے۔

(۱۵) عمل علیحدہ کمرے میں کیا جاتا ہے۔ جہاں پر کوئی دوسرا شخص نہ ہو۔ کئی لوگوں کی مجبوری ہوتی ہے۔ کہ انکے پاس علیحدہ کمرہ نہیں ہوتا۔ اسکا بہترین حل یہ ہے۔ کہ آبادی سے دور کھلی جگہ پر عمل کو بجا لائیں۔ لیکن اسکی شرط یہ ہے۔ کہ آتے جاتے وقت کوئی شخص آپکو نہ دیکھے نہ ہی کسی کو پتہ چلے۔ کہ آپ چلہ کرنے کیلئے جاتے ہیں۔ ورنہ کچھ کام تو نہ آئیگا۔

Ghulam Yaseen

(۱۶) دورانِ چلہ جس قدر ہو سکے ۔ تنہائی اختیار کرو ۔ لوگوں سے ملنا جلنا بند کر دیں ۔ اگر انتہائی مجبوری ہے ۔ تو پھر کسی سے ملنے میں کوئی مضائقہ نہیں ۔

(۱۷) دورانِ چلہ کسی سائل کو تعویذات بالکل مت دیں ۔ اگر کوئی آسیبی مریض آپ کے پاس آجائے ۔ تو اسکا علاج مت کریں ۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے ۔

(۱۸) عمل کیلئے جو کمرہ مخصوص کیا ہے ۔ اسکو ہرگز تبدیل نہ کریں ۔ اگر تبدیل کریں گے ۔ تو چلے کو بیکار جانو ! اسطرح جو وقت پڑھائی کا مقررہ ہے ۔ اسمیں بھی کمی بیشی نہ ہونے پائے کیونکہ روحانیت وقت مقررہ پر حاضر ہوتی ہے ۔ اگر وقت آگے پیچھے ہو جائے ۔ تو پھر روحانیت بیزار ہو جاتی ہے ۔

(۱۹) اگر دورانِ چلہ آپکا سر اور کندھے بھاری ہو جائیں ۔ دماغ سُن ہو جائے ۔ تو سمجھ لو ۔ کہ آپکا عمل کامیاب جا رہا ہے ۔

(۲۰) چلہ کے دوران بعض اوقات کئی طرح روحیں بزرگوں کی روپ میں حاضر ہو جاتی ہیں ۔ عامل کو کہا جاتا ہے ۔ کہ ہم حاضر ہو گئے ہیں ۔ عمل پڑھنا بند کر دیں ۔ یاد رہے ۔ کہ انکی باتوں میں بھولے سے بھی نہ آؤ ۔ نہ ہی انکی کسی بات کا جواب دو ۔ جب تک کہ چلہ پورا نہیں ہو جاتا ۔ ورنہ بعد میں سوائے پچھتاوے کے کچھ حاصل نہ ہوگا ۔ اسلیئے مکمل احتیاط کریں ۔ اکثر لوگ اسی وجہ سے ناکام اور رجعت کا شکار ہوتے ہیں ۔ یہ ایک خاص نکتہ تھا ۔ جسکی تشریح سامنے کر دی ۔ تاکہ عاملین کو کسی بھی موڑ پر ناکامی کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔

(۲۱) اگر گھر میں کوئی شخص آسیبی مرض کا شکار ہے ۔ تو اسجگہ پر عمل کو مت کریں ۔ جنات عملوں میں رکاوٹ کا باعث بنتے ہیں ۔ اور مریض کو بھی زیادہ تکلیف ہوتی ہے ۔

(۲۲) کسی ایسی جگہ پر عمل مت کریں ۔ جہاں پر کسی کی موت غیر طبعی ہوئی ہو ۔ ورنہ جانی یا کسی نقصان کا امکان ہے ؛ ۔ ("ماخوذ کتاب محفل حاضرات")

Ghulam Yaseen

# مسائل کی تشخیص اور نقوش کا استعمال

قارئین اس سے قبل نقوش کی زکات کے بارے میں مفصل تفصیل بیان کی گئی ہے ۔ یاد رہے ۔ صحیح طور پر دی گئی زکات ہی سے نقش میں تاثیر پیدا ہوتی ہے ۔ اور پھر وہ کام کرتے ہیں ۔ کیونکہ اکثر لوگ ہیں ۔ جو کہ نقوش کی زکات ادا کرتے ہیں ۔ اور پھر انکی بے اثری کا رونا روتے ہیں ۔ اور کہتے ہیں ۔ کہ نقش کام نہیں کرتے :-

اب ہم نقوش لکھنے کا طریقہ بیان کرتے ہیں ۔ کیونکہ اکثر لوگ غلطیاں کرتے ہیں ۔ سائل کا مسئلہ کچھ اور ہوتا ہے ۔ تعویذ اسکو کچھ اور دے دیا جاتا ہے یا بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے ۔ کہ سائل عامل کی دی ہوئی ہدایت کے مطابق نقش کا صحیح استعمال نہیں کرتے ۔ اور پھر رونا روتے ہیں ۔ کہ جی ہمارا کام نہیں ہوا ۔

عامل کو چاہیے ۔ کہ جب بھی آپکے پاس کوئی سائل اپنا مسئلہ لیکر آئے ۔ اور جو وہ اپنا مسئلہ بیان کرے ۔ سب سے پہلے اسپر غور کریں ۔ کہ اسکا مسئلہ کس نوعیت کا ہے ۔ مثلاً ایک سائل عامل کے پاس آتا ہے ۔ اور وہ کہتا ہے ۔ کہ میرا کاروبار نہیں چلتا ۔ شادی نہیں ہو رہی ۔ یا اولاد نہیں ہے ؟ وغیرہ تو عامل کو چاہیے ۔ کہ سائل کے ان مسائل کی سب سے پہلے تشخیص کرے ۔ کہ آیا ؟ کاروبار بند ہونیکی کیا وجوہات ہیں ۔ سائل کا جس جگہ کاروبار ہے ۔ وہ جگہ آسیبی تو نہیں ۔ یا کسی نے بندش تو نہیں لگائی ہوئی ۔ یا سائل خود آسیبی مریض تو نہیں ۔ جب مسئلے کی تشخیص ہو جائے ۔ تو پھر سائل کو نقش تیار کر دیں ۔ مثلاً آپ نے سائل کی یہ تشخیص کی ہے ۔ کہ اسکا کاروبار کسی نے بند کیا ہوا ہے ۔ تو سائل کا جو مسئلہ ہے ۔ اسکا تعلق بندش سے ہے ؛

اب ہم سائل کو بندش ہٹانے کیلیے نقش دیں گے ۔ تو

Ghulam Yaseen

بندش بیٹھنے کی صورت میں اسکا کاروبار چل پڑے گا۔ اگر ہم تشخیص نہ کرتے۔ ویسے ہی اسکو کاروبار کی برکت کیلئے نقش دے دیتے۔ تو سائل کو کبھی بھی فائدہ نہ ہوتا۔ بلکہ مزید بندش میں اضافہ ہوتا:۔

اسی طرح دوسری مثال شادی کی ہے۔ اسکے اسباب معلوم کریں۔ کہ شادی نہ ہونیکی کیا وجہ ہے؟ کسی نے بندش لگائی ہوئی ہے، یا ویسے ہی شادی نہیں ہو رہی۔ یا اکثر ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ سائل کا گھر آسیبی ہوتا ہے۔ یا گھر میں کوئی شخص آسیبی مریض ہوتا ہے۔ اسوجہ سے بھی بندش رنگ جاتی ہے۔ اور رشتے نہیں آتے۔ یا آکر واپس چلے جاتے ہیں۔ غرض یہ ہے۔ کہ ہر طریقے سے چیک کریں۔ پھر سائل کو نقش دیں۔

تیسری مثال اولاد کا نہ ہونا۔ اسکی تشخیص کریں۔ کہ آیا مرد/عورت میں کوئی نقص تو نہیں ہے۔ یا عورت/مرد میں سے کوئی آسیبی مریض تو نہیں ہے۔ یا کسی نے بندش تو نہیں لگائی ہوئی۔ اگر مسئلہ روحانی ہو۔ تو پھر علاج کریں۔ اور اگر مرض جسمانی ہو۔ عورت/مرد میں کوئی نقص ہے۔ تو انکو تاکید کریں۔ کہ وہ اپنا علاج کسی ڈاکٹر سے کروائیں:۔

میں نے اکثر لوگوں کو دیکھا ہے۔ کہ جب بھی کوئی سائل عامل کے پاس آکر اپنا مسئلہ بیان کرتا ہے۔ تو عامل لوگ بغیر تشخیص کیے ان کو تعویذ لکھ کر دے دیتے ہیں۔ اور بندش کی صورت میں ان لوگوں کو ~~جلدی~~ فائدہ ہونے کی بجائے نقصان ہوتا ہے۔ اور لوگوں کے مسائل حل نہیں ہوتے۔ اور پھر عامل لوگ بدنام ہوتے ہیں:۔

Ghulam Yaseen

## بندش :-

آج کل ہر انسان کسی نہ کسی مسئلے کا شکار ہے ۔ لیکن آج کل کے دور میں جو اہم مسئلہ ہے ۔ وہ بندش کا ہے ۔ بندش ایک ایسا خطرناک اور لاعلاج مرض ہے ۔ کہ جس شخص پر لگ جائے ۔ وہ تباہ و برباد ہو کر رہ جاتا ہے ۔ کاروبار بند ہو جاتا ہے ۔ حصولِ رزق کے تمام راستے بند ہو جاتے ہیں ۔ وہ ہزار کوشش کریگا ۔ نت نئے جتن اور ہر قسم کے وسائل کے استعمال کے باوجود اسکے ہاتھ کچھ بھی نہ آسکے گا ۔ یہاں تک کہ اسے کوئی شخص بھیک دینے پر بھی تیار نہ ہوگا ۔ معاشی طور پر ہلاکت کے گھاٹ اُتر جائیگا ۔ اسکے اپنے بیگانے بن جائیں گے ۔ شناسا اجنبی ہو جائیں گے ۔ دوست و مددگار دشمن بن جائیں گے ۔ یہاں تک کہ اسکی کوئی اچھی کہی ہوئی بات بھی دوسروں کو اچھی نہیں لگے گی ۔ ہر شخص اس سے خداواسطے کی دشمنی رکھے گا ۔ مالی و معاشی طور پر تباہ حال شخص دوسروں کی نظروں میں ذلیل اور تماشہ بن کر رہ جاتا ہے :۔

س ۔ بندش کسطرح لگتی ہے ۔؟

ج : میرے تجربے کے مطابق بندش دو طریقوں سے لگتی ہے ۔

(۱) دوسرے لوگوں سے (۲) مخالف یا حاسد قسم کے لوگ بندش کروا دیتے ہیں

میری تحقیق کے مطابق تقریباً ۵۰ فیصد لوگ آسیبی مریض ہیں ۔ وہ جہاں جہاں جاتے ہیں ۔ اسی جگہ پر بندش لگ جاتی ہے ۔ جس گھر میں جائیں گے ۔ وہاں بندش لگ جائیگی ۔ جس دکان میں جائیں گے ۔ وہاں بندش لگ جائیگی ۔ جس گاڑی میں سفر کریں گے ۔ وہاں بندش لگ جائیگی :۔

Ghulam Yaseen

اسطرح بعض لوگ بطور دشمنی و انتقامی کاروائی کیلئے بندش کروا دیتے ہیں ۔

انتباہ :- جب بھی کوئی سائل اسطرح کا آئے ۔ جو کہ بندش کا شکار ہو ۔ تو اسکو کوئی بھی عمل پڑھنے کیلئے ہرگز نہ دیں ۔ نہ ہی اسکو کوئی تعویذ اپنے پاس رکھنے کیلئے دیں ۔ ورنہ بجائے فائدے کے سخت نقصان ہوگا ۔ (مرض بڑھتا گیا ۔ جوں جوں دوا کی)

**انتباہ :-**

اگر آپ ایسی مریض ہیں ۔ اور بندش کا شکار ہیں ۔ تو ایسی صورت میں کوئی بھی عمل ہرگز نہ پڑھیں ۔ نہ ہی کوئی تعویذ لیکر بازو یا گلے میں ڈالیں ۔ ورنہ سخت نقصان کا اندیشہ ہے ۔

Ghulam Yaseen

# حروفِ صوامت

حروفِ صوامت بے نقطہ حروف کو کہتے ہیں۔ جو کہ تعداد میں تیرہ (۱۳) ہیں۔ ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ
ان کے اعداد ۵۴۳ ہیں۔ ان کو ملا کر اسطرح لکھا جاتا ہے۔

احدرسص طعک لموہ

زکات کے دو طریقے ہیں: (۱) قمری (صغیر) (۲) شمسی (کبیر)

## ترکیبِ زکات

سورج گرہن یا چاند گرہن میں ان حروف کو ۵۴۳ مرتبہ ایک ہی نشست میں لکھیں۔ لکھتے وقت بولنا کسی سے نہیں ہے۔ پھر ان کو زمین میں دفن کر دیں۔ آئندہ گرہن تک آپ اس کے عامل ہیں۔ بعد از زکات ان حروف کو ۱۳ مرتبہ روزانہ لکھنا ہوگا۔ جب زیادہ ہو جائیں۔ تو ان کو بھی زمین میں دفن کر دیں۔ عمل قابو میں رہے گا۔

نکتہ:۔ تین سال لگاتار زکات ادا کرنے سے زکات اکبر ادا ہو جاتی ہے۔ پھر روزانہ لکھنے کی ضرورت نہیں پڑتی:۔

زکاتِ کبیر:۔ شمسی گرہن میں ان حروف کو ۳۴۶۵ مرتبہ لکھیں اور زمین میں دفن کر دیں۔ یہ زکات کبیر ہے۔ اس زکات کی نہ ہی تو تجدید ہوتی ہے۔ اور نہ ہی مداومت کی ضرورت ہے:۔

Ghulam Yaseen

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
|---|---|---|
| ۱ | ابجد | حروف تہجی جو عربی میں اٹھائیس[۲۸] فارسی میں بتیس[۳۲] اور اردو میں پینتیس[۳۵] ہیں |
| ۲ | ابجد قمری | |

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د | ہ | و | ز | ح | ط | ی | ک | ل | م | ن |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۲۰ | ۳۰ | ۴۰ | ۵۰ |
| س | ع | ف | ص | ق | ر | ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| ۶۰ | ۷۰ | ۸۰ | ۹۰ | ۱۰۰ | ۲۰۰ | ۳۰۰ | ۴۰۰ | ۵۰۰ | ۶۰۰ | ۷۰۰ | ۸۰۰ | ۹۰۰ | ۱۰۰۰ |

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
|---|---|---|
| ۳ | ابلیس | شیطان ۔ خبیث ۔ شریر ۔ |
| ۴ | احاد | احد کی جمع اکائیاں ۔ ایک سے نو تک گنتی یا ہندسے |
| ۵ | احد | ایک اکیلا خدا تعالیٰ کا صفاتی نام |
| ۶ | اربعہ عناصر | چار عنصر ۔ مٹی ۔ آگ ۔ ہوا ۔ پانی |
| ۷ | ارواح | رُوح کی جمع ۔ |
| ۸ | اسلاف | اگلے وقتوں کے لوگ ۔ بزرگ |
| ۹ | اسم جلالی | اللہ تعالیٰ کا وہ نام جس میں شان جلالی کا اظہار ہو ۔ جیسے قہّار، جبّار ۔ |
| ۱۰ | اسم جمالی | اللہ تعالیٰ کا وہ نام جس میں شان رحمت کا اظہار ہو ۔ |
| ۱۱ | اصحاب کہف | صاحبان غار ۔ مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق وہ پانچ سات یا نو آدمی جو ہزاروں سال سے کہف یعنی غار میں سو رہے ہیں ۔ اور قیامت کے دن اُٹھائیں جائینگے ۔ |
| ۱۲ | افسون | جادو ۔ |

Ghulam Yaseen

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
| --- | --- | --- |
| ۱۳ | الہام | خدا کی طرف سے دل میں آئی ہوئی بات |
| ۱۴ | اکلِ حلال | حلال روزی ۔ |
| ۱۵ | ایام خارجہ | جلالی اعمال کو ایام خارجہ میں کرتے ہیں ۔ یہ قمری تاریخیں ہیں ۔ |
| ۱۶ | ایام داخلہ | جمالی اعمال کو ایام داخلہ میں کرتے ہیں ۔ یہ قمری تاریخیں ہیں ۔ |
| ۱۷ | اسمائے الٰہی | خداوند کریم کے نام سے منسوب ہے ۔ |
| ۱۸ | استنطاق | مختصر کرنا ۔ چھوٹا کرنا ۔ کم کرنا ۔ |
| ۱۹ | آتشی تعویذ | نقش لکھ کر آگ میں جلائے جاتے ہیں ۔ بتیاں بھی بنائی جاتی ہیں ۔ انکو چراغ میں جلایا جاتا ہے ۔ |
| ۲۰ | آبی تعویذ | کاغذ پر تعویذ لکھ کر مطلوب کو پلاتے ہیں ۔ یا چینی کی پیالی پر لکھ کر پلاتے ہیں ۔ یا پانی میں بہائے جاتے ہیں ۔ پانی کے کنارے دفن کرتے ہیں ۔ ندی نالے دریا یا کنوئیں میں ڈالتے ہیں ۔ |
| ۲۱ | امتزاجِ دینا ۔ | ایک حرف طالب کا ایک حرف مطلوب کا لینا ۔ |
| ۲۲ | استخراج کرنا ۔ | نکالنا ۔ |
| ۲۳ | اعداد | قیمت |
| ۲۴ | اعداد سے حروف بنانا ۔ | مثلاً ۔ ۔ ۔ ۵ ۔ ۶۰ ۳۰۰<br>ہ س ش |
| ۲۵ | آسیب اُتارنا | جن اُتارنا ۔ بھوت بھگانا ۔ |
| ۲۶ | آسیب زدہ | آسیب کا مارا ہوا ۔ جن بھوت کا ستایا ہوا ۔ |
| ۲۷ | آسیب کا اثر | آسیب کا خلل جن بھوت کا اثر ۔ سایہ |


Ghulam Yaseen

| نمبر | اصطلاحات | تشریح |
| --- | --- | --- |
| ۲۸ | آسیبی | آسیب زدہ ۔ |
| ۲۹ | آسیبی مکان ۔ | وہ مکان جس میں جن بھوت رہتے ہوں ۔ |
| ۳۰ | اعداد قبلی نکالنے کا قانون ۔ | نام کے جتنے حروف ہوں ۔ انکے اعداد نکالیں ۔ مثلاً ملازم حسین م ۔ ل ۔ ا ۔ ز ۔ م ۔ ح ۔ س ۔ ی ۔ ن = ۲۴۶ = ۱۲ پھر دوبارہ جمع کیا ۔ ۲ + ۱ = ۳ عدد قبلی ہے ۔ |
| ۳۱ | استقبال | جب شمس و قمر کا مقابلہ ہو ۔ |
| ۳۲ | احتراق | جب شمس کے ساتھ کسی ستارہ کا قران ہو ۔ |
| ۳۳ | انتقال | قمر کے کسی برج میں داخلے کا وقت ۔ |
| ۳۴ | استخراج | حروف سے حروف پیدا کرنے کا نام استخراج ہے ۔ |
| ۳۵ | اضمار | جفر کے وہ قواعد جن سے ہر سوال کا جواب نکلتا ہے ۔ |
| ۳۶ | آثار | جفر کے وہ قواعد جن سے نقوش اور اعمال تیار ہوتے ہیں ۔ |
| | (ب) | |
| ۳۷ | بشارت | خوش خبری ۔ الہام |
| ۳۸ | بڑ (بوہڑ) | ایک درخت برگد |
| ۳۹ | بصارت | نظر بینائی ۔ |
| ۴۰ | بغض ۔ | نفرت ۔ عداوت ۔ دشمنی ۔ |
| ۴۱ | برج | برج کے معنی گھر جو آسمان پر اہل فن نے فرضی شکلیں کا اظہار کیا ہے ۔ جو بارہ ماہ سے تعلق رکھتے ہیں ۔ حمل ۔ ثور ۔ جوزا ۔ سرطان ۔ اسد ۔ سنبلہ ۔ میزان عقرب ۔ قوس ۔ جدی ۔ دلو ۔ حوت وغیرہ ۔ |

Ghulam Yaseen


| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
| --- | --- | --- |
| ۴۲ | بخور | وہ شئے ہے ۔ جس سے ہر ستارے اور بروج موکل کے متعلق کوئی چیز جلاکر دھواں اٹھایا جائے ۔ |
| ۴۳ | بسطِ حرفی | یعنی لفظوں کے تمام حروف کو علیحدہ علیحدہ کرنا ۔ مثلاً ملازم حسین ۔ م ۔ ل ۔ ا ۔ ز ۔ م ۔ ح ۔ س ی ۔ ن ۔ |
| ۴۴ | بسطِ ملفوظی | احمد کا بسط ملفوظی یہ ہوگا ۔ الف ۔ حا ۔ میم ۔ دال ۔ |
| | (پ) | |
| ۴۵ | پامسٹ | ہاتھ کی لکیروں سے حالات بتانے والا |
| ۴۶ | پُتلا | بُت ۔ مورتی ۔ |
| ۴۷ | پری کا اثر | پری کا سایہ ۔ |
| ۴۸ | پنج تن | رسول اکرمؐ ۔ حضرت علیؓ ۔ حضرت فاطمہؓ ۔ حضرت امام حسنؑ حضرت امام حسینؑ |
| ۴۹ | پنج سورہ | قرآن مجید کی پانچ سورتوں کا مجموعہ ۔ |
| ۵۰ | پنج شنبہ | جمعرات ۔ |
| ۵۱ | پنجگانہ | پانچوں وقت کی نماز ۔ |
| | (ت) | |
| ۵۲ | تبرک | وہ چیزیں جس میں برکت ہونیکا اعتقاد ہو ۔ |
| ۵۳ | تبرکات | بزرگانِ دین کی چیزیں ۔ جو برکت کے طور پر رکھی جائیں ۔ |
| ۵۴ | ترکِ حیوانات | وہ چیزیں جو حیوانات سے بنی ہیں ۔ اِن سے دُور رہنا (گوشت ۔ دودھ ۔ دہی وغیرہ) |

| تشریح | اصطلاحات | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| سوال یا عملیات کی سطر قائم کر کے ایک حرف بائیں سے ایک دائیں سے یعنی دوسری سطر تیار کرنا ۔ ہر سطر پر یہی عمل کرنا ۔ حتیٰ کہ سطر اصل ظاہر ہو جائے ۔ مثلاً<br>ا ح م د<br>د ا م ح<br>ح د م ا<br>ا ح م د | تکسیر | ۵۵ |
| جب دو ستاروں کے درمیان ۹۰ درجے کا فاصلہ ہو ۔ | تربیع نحس نظر | ۵۶ |




۱ ۔ مریخ کی نظر شمس کے ساتھ تربیع ہے ۔
۲ ۔ مریخ کی نظر زہرہ کے ساتھ تربیع ہے ۔

| نمبر | اصطلاحات | تشریح |
|---|---|---|
| ۵۷ | تثلیث | تین حصّوں میں تقسیم کرنا ۔ مسیحی مذہب کے مطابق خدا کی وحدانیت کی تین شاخیں یعنی باپ ۔ بیٹا ۔ روح القدس ۔ نجومیوں کی اصطلاح میں دو ستاروں کے درمیان ۱۲۰ درجے کا فاصلہ ۔ |





۱ ۔ مریخ اور زحل کی نظر تثلیث ہے ۔

۲ ۔ مریخ اور شمس کی نظر تثلیث ہے ۔

**تعویذ :-**

اگر کسی کے گھر سے کوئی تعویذ نکلے تو اُسکو فوراً کسی چلتے پانی میں بہا دیں ۔ اثرات زائل ہو جائیں گے ۔

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
|---|---|---|
| ۵۸ | ترفّع | بلندی چاہنا ۔ |
| ۵۹ | ترکِ دُنیا | خلوت گزینی فقیر ہو جانا ۔ |
| ۶۰ | تسبیح | سو دانوں کی مالا ۔ اللہ اللہ کہنا ۔ وظیفہ ۔ |
| ۶۱ | تسخیر | طابع کرنا ۔ قابو میں لانا |
| ۶۲ | تسدیس (نیک نظر) | جب دو ستاروں کے درمیان ۶۰ درجے کا فاصلہ ہو ۔ |




زحل اور شمس کی نظر تسدیس ہے ۔

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
|---|---|---|
| ۶۳ | تسکین | اصطلاح قواعد میں حروف کو ساکن کرنا ۔ |
| ۶۴ | تشخیص | مرض کا پہچاننا ۔ |
| ۶۵ | تعبیر | خواب کا نتیجہ بیان کرنا ۔ |
| ۶۶ | تعبیر گو | خواب کا نتیجہ بتانے والا |
| ۶۷ | تفسیر | تشریح ۔ وضاحت |
| ۶۸ | تہجّد | نماز جو کہ آدھی رات کے بعد پڑھی جاتی ہے ۔ |

Ghulam Yaseen

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
|---|---|---|
| ۶۹ | تقویم | جنتری وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخیں ستاروں کے مقامات اور گرہین وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے ۔ |
| ۷۰ | تحویل | شمس کے کسی برج میں داخل ہونیکا وقت |
| ۷۱ | تخلیص کرنا | مکرر حرفوں کو کاٹ دینا ۔ مثلاً ملازم حسین کا تخلیص یہ ہوگا ۔ م ۔ ل ۔ ا ۔ ز ۔ ح ۔ س ۔ ی ۔ ن |
| ۷۲ | ترفع عددی | حروف کو مراتب اعداد ابجد سے بلند کرنا ۔ یعنی جو حرف اکائی کے ہیں ۔ ان کو دہائی سے دہائی کو سینکڑہ سے سینکڑہ کو ہزار سے بدل دینا ۔ مثلاً الف کا ترفع عددی ق ہوگا ۔ ق کا غ ہوگا ۔ |
| ۷۳ | تداخل | تکسیر کے قاعدے کا ترتیب کا نام ہے ۔ |
| ۷۴ | تضارب | اعداد حروف کی ضرب سے مراد ہے ۔ |
| ۷۵ | ترفع حرفی | حروف کو ایک درجہ ابجد کے حساب مرتبہ دینا ۔ مثلاً الف کا ترفع حرفی ب ہے ۔ |
| ۷۶ | ترفع طبعی | حرف آتش کو باد سے اور باد کو آب سے اور آب کو خاک سے اور خاک کو آتش سے بدل دینا ۔ یا خاک کو آب سے آب کو باد سے اور آتش کو خاک سے بدل دینا ۔ |
| ۷۷ | ترفع اقراری | ایک حرف کو چھوڑ کر حرف لینا ۔ ہر حرف کا تیسرا حرف ترفع اقراری کو ظاہر کرتا ہے ۔ مثلاً ا کا ج اور ج کا ہ اور ہ کا ز ہے ۔ |

Ghulam Yaseen

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
| --- | --- | --- |
| ۷۸ | ترفّع زواجی | ہر حرف کا چوتھا حرف ترفع زواجی ہے۔ مثلاً ا کا دال اور دال کا ز ہے۔ |
| ۷۹ | تکسیر شفع | اسم اللہ تعالیٰ حروف اسم آدمی سے وضع کر کے جو تکسیر کی جاتی ہے اسکا نام تکسیر شفع ہے۔ |
| | (ث) | |
| ۸۰ | ثُریّا | وہ سات ستارے جو پاس پاس رہتے ہیں۔ |
| ۸۱ | ثلاثی | سہ حرفی۔ |
| ۸۲ | ثلث | تیسرا حصّہ ایک تہائی |
| ۸۳ | ثوابت | وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے۔ |
| ۸۴ | ثور | آسمان کا دوسرا برج۔ |
| | (ج) | |
| ۸۵ | جادُو | منتر۔ افسون۔ سحر کرنا۔ |
| ۸۶ | جادُوگر | جو جادُو کرنا جانتا ہو۔ |
| ۸۷ | جل پری | نگاہ انسان سے پوشیدہ مخلوق جسکا چہرہ عورت جیسا اور باقی جسم مچھلی سا ہوتا ہے۔ |
| ۸۸ | جِنّ | پوشیدہ مخلوق جو کہ آگ سے پیدا کی گئی ہے۔ |
| ۸۹ | جِنّات | جن کی جمع |
| ۹۰ | جنم پتری | زائچہ پیدائش |

Ghulam Yaseen

| تشریح | اصطلاحات | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| ہر حرف کا چوتھا حرف ترفع زواجی ہے ۔ مثلاً ا کا دال اور دال کا ز ہے ۔ | ترفع زواجی | ٧٨ |
| اسم اللہ تعالیٰ حروف اسم آدمی سے وضع کرکے جو تکسیر کی جاتی ہے اسکا نام تکسیر شفع ہے ۔ | تکسیر شفع | ٧٩ |
| | (ث) | |
| وہ سات ستارے جو پاس پاس رہتے ہیں ۔ | ثریا | ٨٠ |
| سہ حرفی ۔ | ثلاثی | ٨١ |
| تیسرا حصہ ایک تہائی | ثلث | ٨٢ |
| وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے ۔ | ثوابت | ٨٣ |
| آسمان کا دوسرا برج ۔ | ثور | ٨٤ |
| | (ج) | |
| منتر ۔ افسون ۔ سحر کرنا ۔ | جادو | ٨٥ |
| جو جادو کرنا جانتا ہو ۔ | جادوگر | ٨٦ |
| نگاہ انسان سے پوشیدہ مخلوق جسکا چہرہ عورت جیسا اور باقی جسم مچھلی سا ہوتا ہے ۔ | جل پری | ٨٧ |
| پوشیدہ مخلوق جو کہ آگ سے پیدا کی گئی ہے ۔ | جنّ | ٨٨ |
| جن کی جمع | جنّات | ٨٩ |
| زائچہ پیدائش | جنم پتری | ٩٠ |

Ghulam Yaseen

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
|---|---|---|
| ۹۱ | جیوتشی | ماہرِ علمِ نجوم |
| ۹۲ | چڑھاوا | نیاز ۔ |
| ۹۳ | جمل کبیر | ابجد کے وہ اعداد جو حروف ہیں ۔ جو الف سے ط تک اکائی ی سے ق تک سینکڑہ ہوتا ہے ۔ غ سے ہزار تک ۔ |
| | (ح) | |
| ۹۴ | حصار کرنا | الحمد شریف آیت الکرسی اور چاروں قل شریف پڑھ کر اپنی انگلی پاسی چھری پر دم کر کے اپنے گرد گول حلقہ بنائیں ۔ |
| ۹۵ | حروف آتشی | ا ہ ط م ف ش ذ مشرق سے منسوب ہیں ۔ |
| ۹۶ | حروف بادی | ب و ی ن ص ت ض مغرب سے منسوب ہیں ۔ |
| ۹۷ | حروف آبی | ج ز ک س ق ث ظ شمال سے منسوب ہیں ۔ |
| ۹۸ | حروف خاکی | د ح ل ع ر خ غ جنوب سے منسوب ہیں ۔ |
| ۹۹ | حروف نورانی | ا ہ ح ط ی ک ل م ن س ع ص ق ر |
| ۱۰۰ | حروف ظلمانی | ب ج و د ز ف ش ت ث خ ذ ض |




Ghulam Yaseen

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
| --- | --- | --- |
| ۱۰۱ | حروفِ صوامت | بغیر نقطہ حروف<br>ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ<br>ان حروف کی تعداد ۱۳ ہے ۔ یہ حروف بندش کے کام آتے ہیں ۔ ان سے عامل لوگ ہر طرح کے بندش کے اعمال تیار کرتے ہیں ۔ سورج گرہن یا چاند گرہن میں ان حروف کی زکوٰۃ دی جاتی ہے زکوٰۃ کے وقت ان حروف کو اس طرح ملا کر لکھا جاتا ہے ۔<br>احدرسص ۔ طعک ۔ لموہ |
| ۱۰۲ | حروف ملفوظی | الف ۔ جیم ۔ دال ۔ سین ۔ شین ۔ صاد ۔ ضاد<br>عین ۔ غین قاف ۔ کاف ۔ لام |
| ۱۰۳ | حروف مکتوبی | میم ۔ نون ۔ واؤ ۔ |
| ۱۰۴ | حروف مسروری | با ۔ تا ۔ ثا ۔ حا ۔ خا ۔ طا ۔ ظا ۔ فا ۔ ھا ۔ یا |
| ۱۰۵ | حاضرات کرنا | مؤکلین کو حاضر کر کے اُن سے پوشیدہ حال معلوم کرنا ۔ |
| ۱۰۶ | حُجرہ | کوٹھڑی ۔ مسجد میں چھوٹا کمرہ ۔ خلوت خانہ |
| ۱۰۷ | حدث | وضو ٹوٹ جانا |

Ghulam Yaseen

| | اصطلاحات | تشریح |
| --- | --- | --- |
| ۱۰۸ | حروف مقطعات | وہ حروف جو کہ قرآن پاک کی بعض سورتوں کے شروع میں آئے ہیں۔ علیحدہ علیحدہ پڑھے جاتے ہیں۔ الٓمٓ ۔ طٰہٰ |
| ۱۰۹ | حزب | گروہ ۔ جماعت ۔ وظیفے یا ورد کا حصّہ |
| ۱۱۰ | حِس | محسوس کرنے کی قوت |
| ۱۱۱ | حِس باطنی | محسوس کرنے کی اندرونی قوت |
| ۱۱۲ | حِس ظاہری | محسوس کرنے کی بیرونی قوت جیسے باصرہ دیکھنے کی سامعہ سننے کی قوت ۔ |
| ۱۱۳ | حوّا ۔ | بابا آدم کی بیوی ۔ سب آدمیوں کی ماں<br>اگر مطلوب کی ماں کا نام معلوم نہ ہو ۔ تو عامل لوگ نقش لکھتے وقت ماں کی جگہ پر بنت حوا لکھتے ہیں ۔ |
| ۱۱۴ | حواس | وہ قوتیں جو ادراک کرتی ہیں ۔ |
| ۱۱۵ | حواس خمسہ | پانچ حواس ۔ دیکھنے ۔ سننے ۔ سونگھنے ۔ چکھنے اور چھونے کی پانچ قوتیں ۔ |
| ۱۱۶ | حُوت | نظامِ شمسی کا بارھواں بُرج |
| ۱۱۷ | حُور | خوبصورت عورتیں جو بہشت میں نیک آدمیوں کی خدمت گار رہیں گی ۔ |

Ghulam Yaseen

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
| --- | --- | --- |
| | (خ) | |
| ۱۱۸ | خاتم سلیمان | حضرت سلیمان کی انگوٹھی جسپر اسم اعظم بنایا ہوا تھا۔ |
| ۱۱۹ | خاتونِ جنت | جنت کی شہزادی حضرت فاطمہ زہرا کا لقب |
| ۱۲۰ | خارپُشت | ایک جنگلی جانور جسکے جسم پر کانٹے ہوتے ہیں۔ کنڈیالہ |
| ۱۲۱ | خارج قسمت | وہ عدد جو مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔ حاصل قسمت |
| ۱۲۲ | خاک کا پُتلا | آدمی۔ انسان۔ |
| ۱۲۳ | خباثت | ناپاکی۔ گندگی۔ |
| ۱۲۴ | خبطی | پاگل۔ دیوانہ۔ |
| ۱۲۵ | خبیث | ناپاک پلید۔ |
| ۱۲۶ | ختم | قرآن شریف کے ختم ہونیکی رسم<br>فاتحہ۔ نیاز۔ |
| ۱۲۷ | ختنہ۔ | مسلمانوں اور یہودیوں کی ایک رسم جسمیں بچہ کے عضوِ تناسل کا زائد چمڑا کاٹا جاتا ہے۔ یہ سنتِ ابراہیمی ہے۔ |
| ۱۲۸ | خطِ تقدیر | قسمت کا لکھا۔ |
| ۱۲۹ | خطِ حصار۔ | دائرہ جو عامل لوگ چلّے شروع کرنے سے قبل اپنے گرد کھینچتے ہیں۔ |
| ۱۳۰ | خلا | خالی جگہ۔ زمین کے اوپر کا وہ حصہ خطہ جہاں پر زمین کی کشش ثقل کا اثر نہیں ہوتا۔ |

Ghulam Yaseen

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
| --- | --- | --- |
| ۱۳۱ | خلوت | تنہائی کی جگہ . |
| ۱۳۲ | خنّاس | شیطان مردود . سرکش رُوح |
| | (د) | |
| ۱۳۳ | دائرۂ بروج | وہ حدیں جسکے اندر ہماری زمین شمس قمر اور دوسرے ستارے حرکت کرتے ہیں . |
| ۱۳۴ | دجّال | جُھوٹا . مخالف مسیح ایک جھوٹا شخص جو اخیر زمانے میں پیدا ہوگا . اور اسکو حضرت مسیحؑ قتل کریں گے . |
| ۱۳۵ | دَفائن | دفینہ کی جمع . خزانے |
| | (ذ) | |
| ۱۳۶ | ذی حِس | جاندار . احساس رکھنے والا . |
| ۱۳۷ | ذی حیات | جاندار . زندہ |
| | (ر) | |
| ۱۳۸ | رجال الغیب | مردان غیب . وہ غیبی ہستیاں جو زمین کے گرد پھرتی ہیں . |

Ghulam Yaseen

| تشریح | اصطلاحات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| | (ز) | |
| ہر حرف کا پہلا حرف زبر اور باقی بینات کہلاتا ہے . ~~مثلاً میم میں زبر میم بینات ہے~~ . مثلاً الف میں ا زبر ہے . اور لف بینات ہے . | زبر بینات | ١٣٩ |
| دوپہر سے ذرہ بعد کا وقت | زوال کا وقت | ١٤٠ |
| چاند کا بدر کے بعد گھٹنا اندھیرا | زوالِ ماہ . | ١٤١ |
| جفت - جوڑا | زوج | ١٤٢ |
| | (س) | |
| نام کا پہلا حرف سے مراد ہے . مثلاً ملازم حسین اسمیں پہلا حرف میم سرِ اسم ہے . | سرِ اسم | ١٤٣ |
| نیک اعمال | سعد اعمال | ١٤٤ |
| گھنٹہ | ساعت | ١٤٥ |
| اگر ایک ستارہ آٹھویں میں بیٹھا ہو اور دوسرا ستارہ خانہ بارہ میں بیٹھا ہو . تو اُسے ناظر ساقط کہتے ہیں . | ساقط | ١٤٦ |

Ghulam Yaseen

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
| --- | --- | --- |
| | (ش) | |
| ۱۴۷ | شش جہت | تمام عالم چھ طرف |
| ۱۴۸ | شش ماہی | چھ ماہی نصف سال |
| ۱۴۹ | شق القمر | چاند کا پھٹ جانا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ |
| ۱۵۰ | شعلہ طور | وہ نور جو حضرت موسیٰ کو طور پہاڑ پر دکھائی دیا۔ |
| ۱۵۱ | شعور | عقل۔ سلیقہ۔ |
| ۱۵۲ | شدّاد | طاقت ور ظالم قوم عاد کے ایک بادشاہ کا نام جس نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا۔ |
| ۱۵۳ | شبیہ | شکل۔ تصویر مانند مشابہ۔ |
| | (ع) | |
| ۱۵۴ | عطریات | عطر وغیرہ خوشبویات |
| ۱۵۵ | عنصر | طبع سے مراد ہے۔ آتش باد آب خاک |
| ۱۵۶ | عزیمت | اس قانون کو کہتے ہیں۔ جس میں مقصد یا مطلب موکلات اعوان اور جن کی قسم دی جا سکے۔ |
| ۱۵۷ | عداوت | دشمنی |
| ۱۵۸ | عناصر اربعہ | آتش چال مشرق سے منسوب ہے۔ بادی جنوب سے آبی شمال سے خاکی مغرب سے منسوب ہے۔ |

Ghulam Yaseen

| تشریح | اصطلاحات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| اسکا مطلب یہ ہے . کہ بادی تعویذ فتوحات کیلئے ہوتے ہیں . خاکی تعویذ عقود کیلئے . آبی تعویذ محبت کیلئے اور آتشی ہلاکت کیلئے پرکیے جاتے ہیں . | عنصری چال | ۱۵۹ |
| حضرت موسیٰ کے ہاتھ کی لکڑی جس سے وہ معجزہ دکھاتے تھے - | عصاء موسیٰ | ۱۶۰ |
| آتشی بادی آبی خاکی کا نام ہے . | عنصری حروف | ۱۶۱ |
| | (م) | |
| ہمیشہ پڑھنا . جاری رکھنا | مداومت | ۱۶۲ |
| دوسرے گھر میں ستارہ ہو . تو اُسے نظر مقارنہ کہتے ہیں . | مقارنہ | ۱۶۳ |
| نہ سعد ہے . نہ نحس | ممتزج | ۱۶۴ |
| ۱. منقلب ۲. ثابت ۳ ذوجسدین | ماہیت بروج | ۱۶۵ |

Ghulam Yaseen

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
| --- | --- | --- |
| ۱۶۶ | مثلّث | یہ قمر سے متعلق ہے۔ ۳×۳ - ۹ خانے ہوتے ہیں۔ ایک ضلع کی میزان ۱۵ کل خانوں کی ۴۵ ہوتی ہے۔ |

| | | |
| --- | --- | --- |
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
| --- | --- | --- |
| ۱۶۷ | مربّع | یہ عطارد سے متعلق ہے۔ ۴×۴ = ۱۶ خانے ہوتے ہیں۔ ایک ضلع کی میزان ۳۴ کل خانوں کے اعداد ۱۳۶ ہوتے ہیں۔ |

| | | | |
| --- | --- | --- | --- |
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

| نمبر شمار | اصطلاحات | |
|---|---|---|
| ۱۶۸ | مثلث کی عنصری تقسیم | |
| ۱۶۹ | مربع کی عنصری تقسیم | |

۱۶۸ مثلث کی عنصری تقسیم

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | تفریق | | |
| | | آتشی | | |
| محبت | آبی | | بادی | فتوحات |
| | | خاکی | | |
| | | عقود | | |


۱۶۹ مربع کی عنصری تقسیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| خاک | آب | باد | آتش |
| آتش | باد | آب | خاک |
| آب | خاک | آتش | باد |
| باد | آتش | خاک | آگ |

راز کی باتیں

اگر رات کو کسی ویران جگہ سے
گزرتے وقت پیچھے سے آپ کو
کوئی غیر متعلقہ آوازیں سنائی دیں
تو ڈریں نہیں ۔ آیت الکرسی چاروں
قل شریف جو بھی آپ کو یاد ہو
پڑھتے ہوئے گزر جائیں ۔ اور
پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھیں ۔ ورنہ
خطا ہو گی ۔

Ghulam Yaseen

| تشریح | اصطلاحات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| جب دو ستاروں کے درمیان ۱۸۰ درجہ کا فاصلہ ہو ۔<br>اسے نظر مقابلہ کہتے ہیں ۔<br><br><br>۱۔ شمس اور زحل کا نظر مقابلہ ہے ۔<br>۲۔ قمر اور زہرہ کا نظر مقابلہ ہے ۔ | مقابلہ نحس نظر | ۱۷۰ |
| وہ ستارہ جس کی شب سے پہلے ساعت آئے ۔ مثلاً سوموار<br>کے دن پہلی ساعت قمر کی ہوتی ہے ۔ تو قمر حاکم یوم ہے ۔ | حاکم یوم | ۱۷۱ |
| وہ مؤکلات جو کہ اربعہ عناصر میں آتش پر متعین ہیں ۔<br>مؤکلات حرارت و رطوبت و یبوست اربعہ عناصر<br>کے مؤکلات مراد ہیں ۔ | مؤکلات آتش | ۱۷۲ |

Ghulam Yaseen

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
| --- | --- | --- |
| ۱۷۲ | (ن) | |
| ۱۷۳ | نجوم | نجم کی جمع ہے۔ ستارہ سے مراد ہے۔ |
| ۱۷۴ | نحس اعمال | بد اعمال۔ |
| ۱۷۵ | نیرین | شمس و قمر کو کہتے ہیں۔ |
| ۱۷۶ | نظر تثلیث | جب دو ستاروں کے درمیان ۱۲۰ درجہ کا فاصلہ ہو۔ |
| ۱۷۷ | نوچندی جمعرات | نیا چاند طلوع ہونے پر جو جمعرات چاند کی تین تاریخ کے بعد آئے اُسے نوچندی جمعرات کہتے ہیں۔ مثلاً آج چاند طلوع ہوا ہے۔ یا چاند کی آج ۲ یا ۳ تاریخ ہے۔ اور جمعرات کا دن ہے۔ تو یہ جمعرات نوچندی نہ ہوگی۔ بلکہ آگے آنے والی جمعرات نوچندی ہوگی۔ |
| | (و) | |
| ۱۷۸ | وبال میں ستارہ ہو | تباہی بربادی کا وقت |
| ۱۷۹ | وقف | اعداد کی میزان کو کہتے ہیں۔ |

Ghulam Yaseen

| نمبر شمار | اصطلاحات | تشریح |
| --- | --- | --- |
| | فرد الفرد | وہ نقش ہوتا ہے۔ جسکے ایک ضلع کا عدد نصف کریں۔ تو ناقص ہو۔ اسکا نصف کریں۔ پھر ناقص عدد ہے۔ مثلاً مثلث |
| | زَوجُ الزَّوج | وہ نقش ہوتا ہے۔ جسکے ایک ضلع کے عدد نصف کریں۔ تو سارے عدد دے۔ پھر نصف کریں۔ تو بھی سالم عدد رہے۔ مثلاً مربع۔ |
| | زَوجُ الفَرد | وہ نقش ہوتا ہے۔ جسکے ایک ضلع کا عدد نصف کریں۔ تو سالم عدد رہے۔ مگر پھر نصف کریں۔ تو ناقص عدد رہے۔ |
| | | فرد الفرد شکل اعمال جلالی یعنی عداوت و بغض وغیرہ کے لیئے ہے زوج الزوج اعمال جمالی یعنی اعمال تسخیر و سعد امور کیلئے مؤثر ہوتی ہے۔ |
| | عدد فرد الفرد<br>عدد زوج الزوج<br>زوج الفرد | ایک فرد دو فردوں کے درمیان ہو۔ مثلاً ۱۱۱ - ۵۲۱<br>ایک زوج دو زوج کے درمیان ہو۔ مثلاً ۲۲۲ - ۸۴۲<br>ایک زوج دو فردوں کے درمیان ہو۔ یا ایک فرد دو زوج کے درمیان ہو۔ جیسے ۱۲۱ - ۳۴۵ - ۴۱۲ - ۶۷۸ وغیرہ |

Ghulam Yaseen

## خون کے چھینٹے

اگر آپ کے گھر یا آپ کے کپڑوں پر
خون کے چھینٹے گرتے ہوں۔ یا گھر میں
کپڑے کٹ جاتے ہوں۔ یا پیسے وغیرہ
چوری ہو جاتے ہوں۔ تو سمجھ لیں کہ آپ
یا آپ کا گھر آسیبی ہے۔ فوراً اپنا علاج
کروائیں: ________

## آسیبی اثرات

اگر آپکا سر اور کندھے وزنی رہتے ہوں چلتے
پھرتے آپکو یہ محسوس ہوتا ہو کہ آپکے ساتھ
ساتھ کوئی چل رہا ہے۔ لیکن نظر نہ آئے یا
غیر متعلقہ باتیں سنائی دیں۔ تو سمجھ لیں کہ
آپ آسیبی مریض ہیں۔ فوراً اپنا علاج
کروائیں: ________

Ghulam Yaseen

# حروفِ تہجّی

حروفِ تہجّی عربی میں اٹھائیس ۲۸ اور اردو میں پینتیس ۳۵ ہیں ۔ اردو کے حروف تہجّی میں یہ الفاظ پ ۔ چ ۔ ڈ ۔ ژ ۔ گ ۔ ڑ ۔ ٹ جو کہ سات ہیں ۔ یہ زائد ہیں ۔ جبکہ عربی کے حروف تہجّی میں یہ الفاظ نہیں ہیں ۔

کسی اسم یا آیات کے اعداد نکالتے وقت پ کی جگہ ب کے اعداد لیں گے چ کی جگہ ج کے ڈ کی جگہ د کے ژ کی جگہ ز کے گ کی جگہ ک کے ڑ کی جگہ ر کے اور ٹ کی جگہ ت کے اعداد لیں گے : ۔

طالب کو چاہیئے کہ وہ حروفِ تہجّی کو اچھی طرح یاد کرے اور ہر اسم و آیات وغیرہ کے اعداد نکالنا سیکھیئے ۔ عملیاتی دنیا میں جب تک اسماء و آیات وغیرہ کے اعداد نکالنے کا قاعدہ نہ سیکھے گا ۔ اصل عامل مقصود حاصل نہیں کر سکتا ۔ اور نہ ہی علم پر کامیابی حاصل ہو سکتی ہے ۔

اعداد نکالنے میں اکثر لوگ غلطیاں کرتے ہیں ۔

اب ذیل میں حروفِ تہجّی کی جدول اور صحیح اعداد نکالنے کی تفصیل لکھی جاتی ہے ۔

حروف تہجّی کی جدول اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں : ۔

Ghulam Yaseen

## جدول ابجد :

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حروف | ا | ب پ | ج چ | د ڈ | ہ | و | ز ژ | ح | ط | ی | ک گ | ل | م | ن |
| اعداد | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۲۰ | ۳۰ | ۴۰ | ۵۰ |
| حروف | س | ع | ف | ص | ق | ر ڑ | ش | ت ٹ | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| اعداد | ۶۰ | ۷۰ | ۸۰ | ۹۰ | ۱۰۰ | ۲۰۰ | ۳۰۰ | ۴۰۰ | ۵۰۰ | ۶۰۰ | ۷۰۰ | ۸۰۰ | ۹۰۰ | ۱۰۰۰ |

یاد کرنے کیلئے یہ کلمات ہیں:

ابجد - ہوز - حطی - کلمن - سعفص - قرشت - ثخذ - ضظغ

# اعداد نکالنے کا قاعدہ

جس اسم یا آیات وغیرہ کے اعداد نکالنے ہوں ۔ اسکو پہلے علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھ لیں ۔ تاکہ اعداد نکالتے وقت کسی غلطی کا امکان نہ رہے ۔

اسکی وجہ یہ ہے ۔ کہ بعض ایسے الفاظ ہوتے ہیں ۔ جو کہ خالی لکھنے میں تو آتے ہیں ۔ لیکن بولنے میں نہیں آتے ۔ یہ بات یاد رکھیں ۔ کہ اعداد انہی الفاظ کے لیے جاتے ہیں ۔ جو لکھنے میں آتے ہیں ۔ خواہ وہ بولنے میں آئیں ۔ یا کہ نہ آئیں ۔

میرا نام ملازم حسین ہے ۔

اب انکو علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھا ۔

م - ل - ا - ز - م - ح - س - ی - ن

۴۰ - ۳۰ - ۱ - ۷ - ۴۰ - ۸ - ۶۰ - ۱۰ - ۵۰

اب انکو جمع کیا ۔ تو = ۲۴۶ ہوئے ۔

بعض نام ایسے ہوتے ہیں ۔ کہ وہ لکھنے میں تو آتے ہیں ۔ لیکن بولنے میں نہیں آتے

مثلاً عبد الخالق ۔ ذوالفقار علی ۔

عبد الخالق میں ا پڑھنے کو نہیں آتا ۔ جبکہ لکھنے میں آتا ہے ۔

ذوالفقار علی ۔ میں و ۔ ا لکھا جاتا ہے ۔ لیکن یہ لفظ پڑھنے میں نہیں آتے ۔

اب ہم ذوالفقار علی کے اعداد اسطرح نکالیں گے ۔

ذ - و - ا - ل - ف - ق - ا - ر - ع - ل - ی

۷۰۰ - ۶ - ۱ - ۳۰ - ۸۰ - ۱۰۰ - ۱ - ۲۰۰ - ۷۰ - ۳۰ - ۱۰

اب انکو جمع کیا : - ۱۲۲۸ ہوئے ۔

Ghulam Yaseen

## ہمزہ کی تشریح : ۶

ہمزہ کے اعداد اسکے استعمال کی بنا پر لیے جاتے ہیں ۔ یہ کسی جگہ پر الف کی آواز دیتا ہے ۔ بعض جگہ پر یہ ی کی بجائے ہوتا ہے ۔ بعض جگہ پر اسکے عدد نہیں لیے جاتے ۔

مثلاً عطاءُ اللّٰہ میں ہمزہ بجائے الف کے ہے ۔ اسکا ایک عدد لیا جائیگا ۔

زیبُ النِّساء میں ہمزہ ساکن ہے ۔ اسکا عدد نہیں لیں گے ۔ عبدالرؤف میں ہمزہ ایک واؤ کی بجائے ہے ۔ یا پیش کی بجائے ہے ۔ اسکا عدد نہ ہوگا ۔

زیر زبر پیش مدّات اور کھڑی زیر زبر کا کوئی عدد نہیں ہوتا ۔ اللّٰہ ایک لام مشدّد نہیں ۔ بلکہ دو لام لکھے جاتے ہیں ۔ اعداد ۶۶ ہوں گے ۔

رحمٰن ۔ اسحٰاق ۔ سمٰوٰت کے الف پڑھنے میں آتے ہیں ۔ مگر لکھنے میں نہیں آتے اسکے اعداد نہیں لیے جائینگے ۔

الف مقصورہ کے دس عدد لیں گے ۔ جیسے مصطفیٰ ۔ موسیٰ ۔ عیسیٰ ۔ مرتضیٰ
مثلاً مصطفیٰ کے اعداد م ۔ ص ۔ ط ۔ ف ۔ ی ہوں گے ۔

تائے ۔ یہ تا کی جمع ہے ۔ تائے کے اعداد ۴۰۰ ہوں گے ۔ جیسے کائنات صفات ۔ ذات وغیرہ ۔

تائے تانیث کو عموماً ہائے مدوّر ہ پر لکھا جاتا ہے ۔
جیسے زکوٰۃ ۔ صلوٰۃ ۔ اسکے صرف پانچ عدد لیں گے ۔ اسلئے کہ یہ ہائے ہوّز کے قائم مقام ہے ۔

نون تنوین مکتوبی نہیں ۔ اسلئے کوئی عدد نہ لیا جائیگا ۔

واؤ عاطفہ مثلاً دل و جان ۔ میں و کے عدد لیے جائینگے ۔

اُمید ہے ۔ کہ اب آپکو اعداد نکالنا آگیا ہوگا ۔ غلط اعداد نکالنے کی صورت میں عمل بھی غلط ہوگا ۔ اور اس کا کچھ فائدہ نہ ہوگا ۔ کُل محنت بھی ضائع ہوگی ۔

Ghulam Yaseen

نہایت احتیاط اور غور وخوض کے ساتھ اعداد نکالیں ۔ تاکہ کسی پر بھی غلطی کا امکان نہ رہے ۔ اور نہ ہی عمل غلط ہو ۔ بلکہ بہتر ہوگا ۔ کہ جس نام، آیات السورۃ وغیرہ کے اعداد نکالنا ہوں ۔ تو ان الفاظ کو پہلے الگ الگ لکھ لیں ۔ تاکہ کسی بھی طرح غلطی کا امکان نہ رہے ۔

**نام کے اعداد کی احتیاط :-** اگر کسی جگہ پر لکھا ہو ۔ یا کہ نہ لکھا ہو ۔ نام مع والدہ کے اعداد لیں ۔ بعض لوگ نام بدل لیتے ہیں ۔ اصل نام کچھ اور ہوتا ہے ۔ بلانے میں اور نام آتا ہے ۔ یاد رہے ۔ کہ جو نام اصل ہوگا ۔ اُسی کے اعداد لیے جائیں گے ۔

تعویذات وغیرہ لکھنے وقت اگر اضداد کی والدہ کا نام معلوم نہ ہو ۔ تو پورا نام مع عہدہ کے اعداد لیں ۔ یا نام کے ساتھ اُسکا عہدہ لکھ لیں ۔

تعویذات میں مرد کا نام مع والدہ ہو ۔ تو بن لکھتے ہیں ۔ جیسے اکرم بن الطاف ۔ اگر عورت کا نام مع والدہ ہو ۔ تو بنت لکھتے ہیں ۔ یہ بات بھی یاد رکھیں ۔ کہ بن یا بنت کے اعداد نہیں لیے جاتے ۔

بعض لوگوں کو لڑکی کے والدہ کا نام معلوم نہیں ہوتا ۔ یا لڑکے کی والدہ کا نام یا کسی اضداد کی والدہ کا نام ۔ تو لوگ والدہ کی جگہ پر فلاں بنت حوا لکھ دیتے ہیں ۔ جو کہ غلط ہے ۔ بعض مواقع ایسے آتے ہیں ۔ کہ کس ایک کا نام بھی معلوم نہیں ہوتا ۔

اسکا طریقہ یہ ہے ۔ کہ اگر کسی شخص اور اُسکی والدہ کا نام معلوم نہ ہو ۔ تو دوران عمل اُس شخص کا خاص تصور رکھیں ۔ ان شاء اللہ مقاصد میں ضرور کامیابی ملے گی ۔

# تعویذات

تعویذات بلحاظ طبع چار قسم کے ہوتے ہیں ۔ آتشی ۔ بادی ۔ آبی ۔ خاکی ۔

| | |
|---|---|
| آتشی تعویذ | تعویذ لکھ کر آگ میں جلائے جاتے ہیں ۔ یا آگ کے نیچے دفن کیے جاتے ہیں ۔ تاکہ انکو برابر حرارت ملتی رہے ۔ آتشی تعویذات کی بتیاں بھی بنائی جاتی ہیں ۔ اور انکو چراغ وغیرہ میں جلایا جاتا ہے ۔ |
| بادی تعویذ | بادی تعویذات لکھ کر درخت یا کسی اونچی چیز پر لٹکائے جاتے ہیں ۔ تاکہ ہوا سے ہلتے رہیں ۔ |
| خاکی تعویذ | یہ نقش لکھ کر زمین میں دفن کیے جاتے ہیں ۔ یا کسی وزنی پتھر کے نیچے دبائے جاتے ہیں ۔ مطلوب کی گذرگاہ رہنے کی جگہ یا چوراہے یا قبرستان یا گھر میں دفن کیے جاتے ہیں ۔ |
| آبی تعویذ | لکھ کر مطلوب کو پلائے جاتے ہیں ۔ یا کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائے جاتے ہیں ۔ پانی پر دم کر کے پانی پلایا جاتا ہے ۔ یا نقش پانی کے کنارے دفن کیے جاتے ہیں ۔ بعض تعویذ کنوئیں نالے یا دریا میں بھی ڈالے جاتے ہیں ۔ |

# مثلث کی چاروں عنصری چالیں

اب مثلث کی چاروں عنصری چالیں لکھی جاتی ہیں ۔

آتشی چال

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |

بادی چال

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۷ | ۶ |
| ۹ | ۵ | ۱ |
| ۴ | ۳ | ۸ |

آبی چال

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۷ | ۲ |
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۸ | ۳ | ۴ |

Ghulam Yaseen

## خاکی چال

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

### مثلث کے خانوں کی تاثیر

ہر خانہ کی تاثیر یہ ہے ۔ یہ بجز چال کے لحاظ سے نہیں بلکہ بالترتیب گنے جائیں گے ۔ جو کہ یہ ہیں ۔

خانہ نمبر ۱ — مراد دلی صحتِ تن حصولِ عظمت و غنا

خانہ نمبر ۲ — حصولِ آمدن ۔ ذریعہ معاش

خانہ نمبر ۳ — دفع اعداء حصولِ مراد محبت اعزا

خانہ نمبر ۴ — دوستی و حاجات

خانہ نمبر ۵ — زبان بندی اہانِ دشمن وغیرہ

خانہ نمبر ۶ — شفائے امراض ۔

خانہ نمبر ۷ — الفتِ مرد و زن ۔

خانہ نمبر ۸ — تباہیا و مقہوریِ دشمن

خانہ نمبر ۹ — کشائشِ کار و فتح و نصرت

Ghulam Yaseen

# مثلث نقش پُر کرنیکا قاعدہ

نقش مثلث آتشی

مثلث نقش پُر کرنیکا قاعدہ یہ ہے۔ کہ جس قدر آیات اسماء کے اعداد ہوں۔ اُن میں سے ۱۲ تفریق کرکے پھر تین پر تقسیم کریں۔

جو خارج قسمت آئے۔ اُسے خانہ اوّل میں رکھیں اور بالترتیب اعداد کو نقش کی چال کے مطابق پُر کرتے جائیں۔ اگر کسر آئے تو اُسے حضورہ خانے میں ایک کا اضافہ کردیں۔

اگر ایک بچے۔ تو خانہ سات میں اضافہ کریں۔

اگر دو بچے۔ تو خانہ چہارم میں اضافہ کریں۔

مثلاً ہم نے سورۂ کوثر کا مثلث نقش بنانا ہے۔

سورۂ کوثر کے اعداد ۲۷۵۴

۱۲ عدد تفریق کیے۔ (-) ۱۲

۲۷۴۲ باقی بچے

انکو تین پر تقسیم کیا۔

۳ ) ۲۷۴۲ ( ۹۱۴
۲۷
۴
۳
۱۲
۱۲
×

تین پر تقسیم کرنے کے بعد ۹۱۴ خارج قسمت آئے۔ اور باقی کچھ نہیں بچا۔ للہذا اس نقش میں کسر نہیں آئیگی۔

اب ہم ۹۱۴ کا مثلث نقش بنائیں گے۔

نقش اسطرح بنے گا:-

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۸/ ۹۲۱ | ۱/ ۹۱۴ | ۶/ ۹۱۹ |
| ۳/ ۹۱۶ | ۵/ ۹۱۸ | ۷/ ۹۲۰ |
| ۴/ ۹۱۷ | ۹/ ۹۲۲ | ۲/ ۹۱۵ |

صحیح نقش کی پہچان یہ ہے۔ کہ تمام اطراف کے خانوں کا وہی مجموعہ آئیگا۔ جسکا نقش پُر کیا گیا ہے۔

مندرجہ بالا نقش کا مجموعہ ہر طرف سے ۲۷۵۴ آتا ہے۔

اسی کا ہم نے نقش پُر کیا ہے۔

## نقش مثلث بادی چال

اب ہم اس نقش کو بادی چال کے مطابق پُر کریں گے۔

نقش اسطرح بنے گا:۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲/ ۹۱۵ | ۷/ ۹۲۰ | ۶/ ۹۱۹ |
| ۹/ ۹۲۲ | ۵/ ۹۱۸ | ۱/ ۹۱۴ |
| ۴/ ۹۱۷ | ۳/ ۹۱۶ | ۸/ ۹۲۱ |

### نقش مثلث آبی چال

اب اس سے آگے ہم نقش کو آبی چال سے پُر کریں گے ۔
نقش اسطرح بنے گا :-

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۶/ ۹۱۹ | ۷/ ۹۲۰ | ۲/ ۹۱۵ |
| ۱/ ۹۱۴ | ۵/ ۹۱۸ | ۹/ ۹۲۲ |
| ۸/ ۹۲۱ | ۳/ ۹۱۶ | ۴/ ۹۱۷ |

### نقش مثلث خاکی چال

نقش مثلث خاکی چال سے اسطرح بنے گا ۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۴/ ۹۱۷ | ۹/ ۹۲۲ | ۲/ ۹۱۵ |
| ۳/ ۹۱۶ | ۵/ ۹۱۸ | ۷/ ۹۲۰ |
| ۸/ ۹۲۱ | ۱/ ۹۱۴ | ۶/ ۹۱۹ |

نوٹ : نقش کے اندر جو کونوں پر ہندسے لکھے گئے ہیں ۔ یہ صرف طالب کی سہولت کیلئے لکھے گئے ہیں ۔ یہ نقش کی چال کو ظاہر کرتے ہیں ۔ انکو نقش کے اندر نہیں لکھنا چاہیے

Ghulam Yaseen

مؤکلات ۔ جنّات
کے اعمال کروائے جاتے ہیں ۔

Ghulam Yaseen

## مربع کی چاروں عنصری چالیں

نقش مثلث کے بعد اب مربع نقش کی چاروں عنصری چالیں لکھی جاتی ہیں :-

**آتشی چال**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

**بادی چال**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

**انتباہ :-**

جنات کو جلانا ٹھیک نہیں ہے - ورنہ عملیات میں رکاوٹ یا کسی مایوسی کا امکان ہے - اور پھر آخرت میں بھی باز پرس کا احتمال ہے .

Ghulam Yaseen

## آبی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |

## خاکی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

عنصری خانوں کی تقسیم کیلئے
اس نقش کو یاد رکھیں
آتش نقش چاروں خانوں
سے بھرے جاتے ہیں ۔
باری بن چاروں خانوں سے
ہر خانہ کی رفتار ایک
علیحدہ اثر رکھتی ہے ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| خاک | آب | باد | آتش |
| آتش | باد | آب | خاک |
| آب | خاک | آتش | باد |
| باد | آتش | خاک | آب |

Ghulam Yaseen

# مربع نقش پُر کرنیکا قاعدہ

نقش مربع آتشی

مربع نقش پُر کرنیکا قاعدہ یہ ہے ۔ کہ جسقدر اعداد ہوں ۔ اُن میں سے ۳۰ عدد تفریق کر کے باقی کو چار پر تقسیم کریں ۔ اور چال کے مطابق پُر کریں ۔ اگر تقسیم کرنے سے کسر ایک باقی رہے ۔ تو خانہ ۱۳ میں ایک کا اضافہ کریں ۔ اگر کسر ۲ رہے تو خانہ ۹ میں ایک کا اضافہ کریں ۔ اگر کسر ۳ رہے ۔ تو خانہ پنجم میں ایک کا اضافہ کر دیں ۔

سورہ کوثر کا مثلث نقش پہلے لکھا گیا ہے ۔ اب اس نقش کو مربع میں پُر کرتے ہیں ۔

سورہ کوثر کے اعداد ۲۷۵۴

۳۰ عدد تفریق کیے ۔ ۳۰

تب بچا ۔ ۲۷۲۴ بچے

اب اس کو ۴ پر تقسیم کیا ۔

```
      ۶۸۱
۴ ) ۲۷۲۴
    ۲۴
    ---
     ۳۲
     ۳۲
    ---
      ۴
      ۴
    ---
      ×
```

تب باقی کچھ نہیں بچا ۔ لہٰذا اس نقش میں کسر نہیں آئیگی ۔

نقش مربع بادی

اب ہم ۶۸۱ کا مربع نقش بنائیں گے۔
نقش اسطرح بنے گا:۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸/ ۶۸۸ | ۱۱/ ۶۹۱ | ۱۴/ ۶۹۴ | ۱/ ۶۸۱ |
| ۱۳/ ۶۹۳ | ۲/ ۶۸۲ | ۷/ ۶۸۷ | ۱۲/ ۶۹۲ |
| ۳/ ۶۸۳ | ۱۶/ ۶۹۶ | ۹/ ۶۸۹ | ۶/ ۶۸۶ |
| ۱۰/ ۶۹۰ | ۵/ ۶۸۵ | ۴/ ۶۸۴ | ۱۵/ ۶۹۵ |

اب ہم اس نقش کو بادی چال کے مطابق پُر کریں گے۔
نقش اسطرح بنے گا:۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱/ ۶۹۱ | ۸/ ۶۸۸ | ۱/ ۶۸۱ | ۱۴/ ۶۹۴ |
| ۲/ ۶۸۲ | ۱۳/ ۶۹۳ | ۱۲/ ۶۹۲ | ۷/ ۶۸۷ |
| ۱۶/ ۶۹۶ | ۳/ ۶۸۳ | ۶/ ۶۸۶ | ۹/ ۶۸۹ |
| ۵/ ۶۸۵ | ۱۰/ ۶۹۰ | ۱۵/ ۶۹۵ | ۴/ ۶۸۴ |

Ghulam Yaseen

**نقش مربع آبی**

اس نقش کو اب آبی چال کے مطابق پُر کریں گے ۔
نقش اسطرح بنے گا : ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴/ ۶۹۴ | ۱/ ۶۸۱ | ۸/ ۶۸۸ | ۱۱/ ۶۹۱ |
| ۷/ ۶۸۷ | ۱۲/ ۶۹۲ | ۱۳/ ۶۹۳ | ۲/ ۶۸۲ |
| ۹/ ۶۸۹ | ۶/ ۶۸۶ | ۳/ ۶۸۳ | ۱۶/ ۶۹۶ |
| ۴/ ۶۸۴ | ۱۵/ ۶۹۵ | ۱۰/ ۶۹۰ | ۵/ ۶۸۵ |

**نقش مربع خاکی**

نقش مربع خاکی اسطرح بنے گا : ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱/ ۶۸۱ | ۱۴/ ۶۹۴ | ۱۱/ ۶۹۱ | ۸/ ۶۸۸ |
| ۱۲/ ۶۹۲ | ۷/ ۶۸۷ | ۲/ ۶۸۲ | ۱۳/ ۶۹۳ |
| ۶/ ۶۸۶ | ۹/ ۶۸۹ | ۱۶/ ۶۹۶ | ۳/ ۶۸۳ |
| ۱۵/ ۶۹۵ | ۴/ ۶۸۴ | ۵/ ۶۸۵ | ۱۰/ ۶۹۰ |

**نوٹ**

نقش کے کونوں پر جو ہندسے پائے گئے ہیں ۔ یہ نقش کی چال کو ظاہر کرتے ہیں ۔ انکو نقش کے اندر نہیں لکھنا ہے ۔ یہ صرف طالب کی سہولت کیلئے دیئے گئے ہیں ۔

# ہمزاد موکلات جنات کو طابع کرنا

ہمزاد موکلات جنات کو طابع کرنا بہت زیادہ آسان نہیں ہے۔ لیکن اتنا مشکل بھی نہیں کہ انسان کی دسترس سے باہر کی چیز ہو۔ لیکن افسوس کی بات یہ ہے۔ کہ اکثر بیشتر لوگ اپنی روحانی عملیات کی شروعات ہمزاد موکلات کے عمل سے کرتے ہیں جو کہ ایک بچگانہ طرز عمل ہے۔ یہ بالکل ایسا ہی ہے۔ جیسے کہ ایک بچہ سکول میں داخل ہوتا ہے۔ اُسکے ہاتھ میں بجائے قاعدہ پکڑانے کے اُسکو دسویں جماعت کی کتاب دے دی جائے۔ بچہ میٹرک کیسے کر سکتا ہے۔ جس نے ابھی پہلی کلاس کی کتاب ہی نہ پڑھی ہو۔ اسی طرح روحانی عملیات میں ہمزاد اور موکل طابع کرنے کا مرحلہ بہت بعد کا مرحلہ ہے۔ جسے سب سے پہلے حل کرنیکی کوشش کی جاتی ہے۔

یہی وجہ ہوتی ہے۔ کہ اکثر لوگوں کو کامیابی نہیں ملتی۔ کیونکہ وہ بنیادی باتوں سے ناواقف ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے بعض لوگ رجعت کا بھی شکار ہو جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے۔ اور اس انسان کو وہ صلاحیتیں عطا کی ہیں۔ جو کہ فرشتوں کو بھی عطا نہیں کی گئی۔ اگر انسان خدا کی بخشی ہوئی صلاحیتوں اور طاقتوں کا صحیح استعمال کرنیکی ٹھان لے۔ تو دنیا کی ہر مخلوق اسکی غلام بن کر رہ جائے لیکن انسان فطرتاً بے صبرا اور عجلت پسند واقع ہوا ہے۔ عجلت پسندی اور بے صبری کی وجہ سے وہ اکثر معاملات میں ناکام ہو جاتا ہے۔ اور پھر مایوس ہو کر راہِ امید سے اِدھر اُدھر بھٹک جاتا ہے۔

شائقین ہمزاد موکلات طابع کرنے والوں کیلئے اُن بنیادی باتوں کی مفصل تشریح لکھی جا رہی ہے۔ جنکا جاننا نہایت ضروری ہے:-

Ghulam Yaseen

**اول و آخر درود شریف**

اسکا مطلب یہ ہوتا ہے ۔ کہ عمل کے شروع میں درود شریف پڑھتا ہے ۔ اور آخر میں بھی ۔ ہر عمل کیساتھ درود شریف کی تعداد لکھی ہوئی ہوتی ہے ۔ کہ اتنی مرتبہ پڑھنا ہے ۔ بعض عملوں کے ساتھ یہ لکھا ہوتا ہے ۔ کہ فلاں درود شریف پڑھیں ۔ جس عمل میں یہ نہ لکھا ہو ۔ آپ کوئی بھی درود شریف پڑھ سکتے ہیں ۔ مثلاً

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ۔

**بسم اللہ**

ہر عمل کے شروع میں صرف ایک مرتبہ بسم اللہ پڑھی جاتی ہے ۔ ہر دفعہ بسم اللہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ۔

**ترک حیوانات**

وہ چیزیں جو کہ حیوانات سے بنتی ہیں ۔ مثلاً گوشت ۔ دودھ دہی انڈا وغیرہ ۔ ان سے دور رہنا ۔

کئی عملوں میں ترکِ حیوانات کی شرط ہوتی ہے ۔ جس عمل میں اسطرح کی شرط ہو ۔ گوشت دودھ دہی انڈا سے پرہیز کریں ۔ اسکا علاوہ چمڑے کا جوتا استعمال نہ کریں ۔ نہ ہی چمڑے کے برتن میں پانی پئیں ۔ کسی جانور پر سواری نہ کریں ۔

غرض اور بھی جو چیزیں حیوانات سے بنتی ہیں ۔ اور پیدا ہوتی ہیں ۔ انکو قطعی ترک کر دے ۔

**نوچندی جمعرات**

اس میں اکثر لوگ غلطی کرتے ہیں ۔ نیا چاند چڑھنے پر جو چاند کی تین تاریخ کے بعد جمعرات آئیگی ۔ وہ نوچندی جمعرات ہوگی ۔

Ghulam Yaseen

مثلاً آج چاند کی دو یا تین تاریخ ہے۔ اور جمعرات کا دن ہے۔ تو یہ نوچندی جمعرات نہ ہوگی۔ بلکہ اس سے آگے آنے والی جمعرات نوچندی جمعرات ہوگی:۔

**بعد از نماز عشاء**

اکثر عملوں میں یہ لکھا ہوتا ہے۔ کہ اس عمل کو بعد از نماز عشاء شروع کریں۔ اسکا مطلب یہ نہیں ہوتا۔ کہ جونہی عشاء کی نماز ختم ہو۔ آپ عمل شروع کریں۔ بلکہ کوئی بھی وقت رات کا آپ مقررہ کر سکتے ہیں۔ بشرطیکہ یہ پابندی کسی عمل کے ساتھ نہ ہو۔ کہ فلاں وقت پر یہ عمل شروع کرنا ہے۔

**کمرہ**

عملوں کیساتھ یہ لکھا ہوا ہوتا ہے۔ کہ کمرہ علیحدہ ہو۔ اسکا مطلب یہ ہوتا ہے۔ کہ جس کمرے میں آپ نے چلہ کرنا ہے۔ اُس کمرے میں چلہ کے آغاز سے لیکر تا اختتام چلہ کسی بھی دوسرے شخص کا داخلہ منع ہوتا ہے۔

**لباس**

بعض عملوں میں لباس کی شرط ہوتی ہے۔ کہ سرخ رنگ کا لباس پہنیں۔ یا اُن پیلا لباس۔ جس عمل کے ساتھ لباس کی پابندی نہ ہو۔ تو آپ کوئی بھی لباس پہن سکتے ہیں۔
لیکن اس میں یہ بات خاص کر یاد رکھیں۔ کہ جو لباس چلے کیلئے مخصوص کیا ہے۔ وہ صرف چلہ کے دوران ہی پہنیں۔ اور چلہ ختم ہونے کے بعد وہ لباس فوراً اُتار دیں۔ باہر آنے

Ghulam Yaseen

جانے کیلئے اس لباس کو ہرگز استعمال نہ کریں ۔

## حصار

بعض عملوں کے ساتھ حصار لکھا ہوا ہوتا ہے ۔ کہ اسطرح کریں ۔ جس عمل کیساتھ حصار نہ لکھا ہو ۔ تو اسکا طریقہ یہ ہے ۔ کہ چاروں قل شریف اور آیت الکرسی ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنی انگلی یا کسی چھری پر دم کر کے اپنے گرد گول حلقہ بنا لیا ۔ اور جہاں پر حلقہ ملے ۔ چھری اسجگہ پر گاڑ دو دیں ۔ اسمیں ایک اہم مسئلہ جو کہ لوگ پوچھتے ہیں ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ آجکل ہر مکان کا فرش پکا ہے ۔ اسمیں چھری کیسے گاڑی جائے ۔ تو اسکا جواب یہ ہے ۔ کہ ضروری نہیں ۔ کہ چھری کو زمین میں گاڑا جائے ۔ صرف چھری سے یا انگلی سے گول حلقہ بنالیں ۔ بس یہ خیال رکھیں کہ حلقہ لگاتے وقت کہیں سے ٹوٹے نہیں ۔

## وقت اور جگہ کی پابندی

اس سے مراد یہ ہے ۔ کہ عمل کا جو وقت پہلے دن مقررہ کیا ہے ۔ اسمیں کمی بیشی نہ کریں ۔ جگہ کی پابندی سے مراد یہ ہے ۔ کہ آپ عمل کی جگہ بدل نہیں سکتے ۔ خواہ کتنی بھی مجبوری کیوں نہ ہو ۔

جس جگہ پر آپ نے عمل شروع کیا ہے ۔ وہ جگہ ہرگز تبدیل نہ کریں ۔ وقت اور جگہ کی تبدیلی کی صورت میں مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے ۔

## شرائط

شرائط سے مراد یہ ہے۔ کہ چلّے کے اختتام پر جو روحانیت حاضر ہوتی ہے۔ ان سے شرائط طے کی جاتی ہیں۔
عموماً عملوں میں یہ بات لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ کہ ان سے شرائط سوچ سمجھ کر طے کریں۔ ان شرائط کی آپ حامی بھریں۔ جو آپ پوری کر سکتے ہیں۔ جو شرائط آپ پوری نہیں کر سکتے۔ ان سے اسی وقت انکار کر دیں۔ ورنہ ایک دفعہ شرائط طے ہونے کے بعد پھر ان میں تبدیلی ممکن نہ ہوگی۔ اسلئے احتیاط کریں۔

## نشانی

نشانی سے مراد یہ ہے۔ کہ وہ چیزیں جو روحانیت چلّے کے اختتام پر خوش ہو کر دیتی ہیں۔ عملیات کی کتاب، انگوٹھی۔ کپڑا تسبیح وغیرہ۔ عامل کو چاہیے۔ کہ وہ ان چیزوں کا ذکر کسی سے بھی ہرگز نہ کرے۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔

## ڈر خوف

دوران چلّہ عامل کو ڈرایا بھی جاتا ہے تاکہ عامل عمل چھوڑ دے بھیانک اور خوفناک شکلیں حاضر ہو کر ڈراتی ہیں۔ بعض اوقات سانپ سامنے آ جاتے ہیں۔ اور پھن پھیلا کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ عامل کو اور بھی مختلف طریقوں سے خوفزدہ کیا جاتا ہے۔ مقصد صرف یہی ہوتا ہے۔ کہ وہ ڈر کر عمل کو چھوڑ دے۔ یہ صرف نظری دھوکہ ہوتا ہے۔ حقیقت سے اس چیز کا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ انسان جبکہ اشرف المخلوقات ہے۔ اسکو کوئی چیز بھی نقصان نہیں

Ghulam Yaseen

دے سکتی۔ اسلئے دوران چلہ ڈر خوف کو قریب نہ آنے دیں۔ جو کچھ ہوتا ہے۔ وہ حصار کے باہر ہی ہوتا ہے۔ حصار ایک قلعہ کی مانند ہوتا ہے۔ اسمیں کوئی چیز بھی داخل نہیں ہو سکتی ::

**دوران چلہ حاضری**

دوران چلہ بعض اوقات کئی چیزیں بزرگوں کی روپ میں حاضر ہو جاتی ہیں۔ یا اگر آپ ہمزاد کا چلہ کر رہے ہیں۔ تو ہمزاد کی شکل میں حاضر ہوتی ہیں۔ اگر آپ جنات کا چلہ کر رہے ہیں۔ تو جنات آکر حاضر ہو جاتے ہیں۔ کہ ہم حاضر ہیں۔ آپ عمل پڑھنا بند کر دیں وغیرہ عامل کو چاہیئے۔ کہ ایسے کسی بھی دھوکے فریب میں ہرگز نہ آئے۔ جب تک چلے کا اختتام نہ ہو۔ اگر دوران چلہ کوئی بھی چیز حاضر ہو۔ تو اُس سے بات چیت مت کریں۔ نہ ہی اسکی کسی بات کا جواب دیں۔ نہ ہی اس سے کوئی چیز لیں ::

اگر عامل ایسے دھوکے میں آگیا۔ اور چلے کو ختم کر دیا۔ تو پھر جان کی خیر نہیں۔ اُسی وقت رجعت میں گرفتار ہو جائیگا۔ انکو تسخیر کرنے کی بجائے خود ہی انکا غلام بن جائیگا۔ اور ساری زندگی کیلئے پچھتائے گا۔ پھر کوئی علاج بھی کارگر نہ ہوگا۔ اسلئے نہایت ہی احتیاط سے کام لیں۔

دوران چلہ اپنے ہوش و حواس کو قائم رکھیں۔ تاکہ کسی بھی جگہ پر غلطی نہ ہونے پائے ::

## رجعت

چلّے کو درمیان میں کسی وجہ سے چھوڑ دینا ۔ یا ڈر کر بھاگ جانا یا بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے ۔ کہ عامل جہاں پر چلّہ کر رہا ہوتا ہے ۔ وہ جگہ یا گوشہ آسیب ہوتی ہے ۔ دوران چلّہ جنّات عمل میں رکاوٹ ڈالتے ہیں ۔ اس وجہ سے بھی رجعت ہو جاتی ہے ۔
بہتر ہوگا کہ چلّہ کسی عامل کامل کی زیر نگرانی کیا جائے ۔ تاکہ رجعت کا خوف نہ رہے ۔
رجعت کے بارے میں مکمّل تشریح میں نے اپنی کتاب محفل حاضرات میں کی ہے ۔ آپ اسکا مطالعہ کریں ۔

### عجیب بات ؟

دنیا میں لاکھوں لوگوں پر جن بھوت مسلّط ہو جاتے ہیں ۔ اکثر لوگ ان کے سبب ہلاکت و دہشت میں مبتلا ہو جاتے ہیں ۔ اور اکثر ان کو تسخیر کر لیتے ہیں ۔ اور پھر ان سے کام خرابی کا لیتے ہیں ۔ کیا یہ عجیب بات نہیں ہے ؟

---

Ghulam Yaseen


## حصار :-

ہمزاد مؤکلات کے اعمال کیلئے حصار کرنا ضروری ہے۔ حصار دراصل ایک قلعہ کی مانند ہوتا ہے۔ جیسے دائرے میں بیٹھ کر عامل بے خوف وخطر اپنا عمل پورا کرتا ہے۔ عامل کی حصار کے اندر پوری طرح حفاظت ہوتی ہے۔ ہمزاد مؤکلات جنات جیسے اعمال بغیر حصار کے شروع کرنے کی عامل غلطی نہ کرے۔


اب ہم جو حصار لکھ رہے ہیں۔ اس حصار کو ہشت گانہ بارہ ہزار کا نام دیا جاتا ہے۔ اور یہ حصار خصوصاً ہمزاد، مؤکلات کے عمل کیلئے قابل ترجیح ہے۔ اسلئے عامل کو چاہیے۔ اگر احتیاط کے ساتھ اسکی تیاری کر سکے۔ تو اسکو ترجیح دے۔ ورنہ جس حصار کو اپنے لیے آسان سمجھے اسی حصار کو اختیار کرے۔

اس حصار کی تیاری اسطرح کریں۔ کہ آٹھ چھریاں جن میں لکڑی یا پلاسٹک کا دستہ نہ ہو لے لیں۔ اور ہر چھری پر گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کر کے عامل اپنے چاروں طرف گاڑ دے۔ اور چھری سے پہلے عامل اپنے چاروں طرف "طلسمات اربعہ" کسی لکڑی میں لکھائیں۔ اور لکڑی کو زمین میں گاڑ دیں۔ عامل جو چھری اپنے سامنے گاڑے اس چھری میں "طلسم فتاح" باندھے۔ اور جب بھی عامل کو دوران عمل حصار سے باہر آنا ہو۔ تو آیت الکرسی پڑھ کر طلسم فتاح والی چھری کو زمین سے نکال کر اور اپنے سامنے والے طلسمات اربعہ کی لکڑی کو زمین سے نکال کر سامنے کی لکیریں چھری سے کاٹ دے۔ اور وہاں سے باہر آجائیں۔ جب واپس جائے یعنی جب عامل آئے تو اسی راستے سے واپس آئے۔ اور آنے کے بعد آیت الکرسی پڑھ کر چھری سے کٹی ہوئی لکیریں درست کرے۔ پھر چھری گاڑ دے اور اس لکڑی کو بھی گاڑ دے۔ جس پر طلسمات اربعہ بندھا ہوا ہے۔ ان شاء اللہ یہ وہ حصار ہے۔ جو ہر طرح سے عامل کی حفاظت کرے گا۔ اور نظر نہ آنے والی مخلوقات کی شرارتوں اور ریشہ دوانیوں سے عامل محفوظ رہیگا۔


عامل کس طرح عمل کیلئے بیٹھے گا ۔ اسکا نقشہ ذیل میں دیا جا رہا ہے ۔ تاکہ بات سمجھ میں آجائے ۔




طلسمات اربعہ یہ ہیں ۔



طلسم مفتاح یہ ہے ۔



Ghulam Yaseen

# حروفِ تہجّی کی زکات

جو لوگ عملیات کا شغل اختیار کرنا چاہئیں اُن پر لازم ہے ۔ کہ وہ سب سے پہلے حروف تہجّی کی زکات ادا کریں ۔ حروف تہجّی کی زکات ادا کرنے سے روحانی اعمال میں تاثیر و قوت پیدا ہوتی ہے ۔ اور عامل کے اندر ایک خاص روحانی قوت پیدا ہو جاتی ہے ۔ :

لیکن افسوس کا مقام ہے ۔ کہ اکثر و بیشتر لوگ اپنی روحانی عملیات کی شروعات سیفزاد مئوکلات کے اعمال سے کیا کرتے ہیں ۔ یہی وجہ ہوتی ہے ۔ کہ اکثر لوگوں کو کامیابی نہیں ملتی ۔ کیونکہ اُن کے اندر وہ روحانی قوتیں نہیں ہوتی ۔ جو کہ سیفزاد اور مئوکلات کو تسخیر کرنے کیلئے ضروری ہوتی ہیں :

عامل کیلئے لازم ہے ۔ کہ وہ عملیات کے میدان میں قدم رکھتے ہی سب سے پہلے حروفِ تہجّی کی زکات ادا کرے ۔ اسکے بعد جس عمل کو چاہیے ۔ پڑھے اس سے عمل میں تاثیر پیدا ہوگی ۔ اور جس نقش کو چاہیے لکھے ۔ گولی کیطرح کام کرےگا ۔ اور خود ہر ا رجعت سے بھی محفوظ رہے گا :

<u>طریقہ زکات</u> :۔ حروفِ تہجّی کی زکات کے دو طریقے ہیں ۔

(۱)۔ زکاتِ اکبر (۲) زکاتِ اصغر

زکاتِ اکبر کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ ایک حروف کو ۲۸ دنوں تک پڑھے ۔ ہر روز ۴۴۴۴ مرتبہ پڑھیں ۔ اسی طرح ہر حرف کی ۲۸ دنوں تک زکواۃ ادا کریں ۔

زکاتِ اصغر کی ترکیب اسطرح ہے ۔ کہ ہر روز ایک حرف کی زکات دیں اور ۲۸ دنوں میں ۲۸ حروف کی زکات دیں ۔ روزانہ ہر حرف با مئوکل ۴۴۴۴ مرتبہ

Ghulam Yaseen

بھی پڑھنا ہوگا ۔

یہ حروف کی زکات اسوقت شروع کی جاتی ہے ۔ جب قمر اس منزل میں ہو ۔ مثلاً حرف الف کی زکوٰۃ اسوقت ادا کریں گے ۔ جب قمر منزل شرطین میں ہوگا ۔ ب کی زکوٰۃ اسوقت دیں گے ۔ جب قمر منزل بطین میں ہوگا ۔

یہ بھی تحقیق ہے ۔ کہ کسی ماہ صرف ایک حرف کی زکات ادا کی جائے ۔ اسکو بھی منزل متعلقہ میں ہی ادا کرنا ہوگا ۔ اور ایک نشست میں ادا کرنی ہوگی ۔

## جدول حروف تہجی معہ موکلات

| نمبر شمار | حروف | منازل قمر | عمل |
|---|---|---|---|
| ۱ | ا | شرطین | اُجب یا اسرافیل بحق یا الف |
| ۲ | ب | بطین | اجب یا جبرائیل بحق یا با |
| ۳ | ج | ثریا | اجب یا کلکائیل بحق یا جیم |
| ۴ | د | دبران | اجب یا دردائیل بحق یا دال |
| ۵ | ہ | ھقعہ | اجب یا دوریائیل بحق یا ہا |
| ۶ | و | ھنعہ | اجب یا رفتمائیل بحق یا واؤ |
| ۷ | ز | ذراع | اجب یا شرفائیل بحق یا زا |
| ۸ | ح | نثرہ | اجب یا تنکفیل بحق یا حا |
| ۹ | ط | طرفہ | اجب یا اسماعیل بحق یا طا |
| ۱۰ | ی | جبہہ | اجب یا سراکیکائیل بحق یا یا |

| تاریخ | حروف | منازل قمر | عمل |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ک | زمعرہ | اجب یا حروزائیل بحق یا کاف |
| ۱۲ | ل | صرفہ | اجب یا طاطائیل بحق یا لام |
| ۱۳ | م | عوا | اجب یا رحپائیل بحق یا میم . |
| ۱۴ | ن | سماک | اجب یا حولائیل بحق یا نون |
| ۱۵ | س | غفرہ | اجب یا حمدائیل بحق یا سین |
| ۱۶ | ع | زبانا | اجب یا لوحائیل بحق یا عین |
| ۱۷ | ف | الکلیل | اجب یا سرحمائیل بحق یا فا |
| ۱۸ | ص | قلب | اجب یا اھجمائیل بحق یا صاد |
| ۱۹ | ق | شولہ | اجب یا عطرائیل بحق یا قاف |
| ۲۰ | ر | نعائم | اجب یا احوائیل بحق یا را |
| ۲۱ | ش | بلدہ | اجب یا حمرائیل بحق یا شین |
| ۲۲ | ت | ذابح | اجب یا عزرائیل بحق یا تا |
| ۲۳ | ث | بلعہ | اجب یا میکائیل بحق یا ثا |
| ۲۴ | خ | سعود | اجب یا معکائیل بحق یا خا |
| ۲۵ | ذ | اخبیہ | اجب یا اعدائیل بحق یا دال |
| ۲۶ | ض | مقدم | اجب یا عطکائیل بحق یا ضاد |
| ۲۷ | ظ | مؤخر | اجب یا تورائیل بحق یا ظا |
| ۲۸ | غ | رشا | اجب یا لوخائیل بحق یا غین |

Ghulam Yaseen

# زائچہ کے بارہ گھروں کے منسوبات

**۱**
پہلا گھر بیت الطالع
اس گھر کے حالات
نیا کام شروع کرنا تجارت دوکانداری
نیک - بد - راحت - شرف بزرگی
صحت - تندرستی - بیماری رنگ روپ
جسمانی بیماری

**۲**
دوسرا گھر بیت المال - مال ومتاع خوشحالی
خاندان - چہرہ - ذاتی مالیات جواہرات
وصیت - امانت - لین دین
نوادرات تحائف حقلی

**۳**
تیسرا گھر
بیت الاقربا
وسائل ورسائل
حسب ونسب تدبیر روزگار
ذہانت نقل وحرکت چھوٹے
سفر دوستوں سے ملاقات
علم عبادات
سکینا

**۴**
چوتھا گھر
بیت الارض - جائے رہائش
والدین خصوصاً ماں تعلیم گھریلو زندگی
زمین باغات جائیداد سواری چوپایہ زمینی سکون
خوشی - گھر کی نحوست وسعادت زیر جادو
گھریلو نفع ونقصان اور آگ وغیرہ سے
منسوب ہے ۔

**۵**
پانچواں گھر
اولاد
عملیات - تعویذات
شاگردی مریدی - انصاف
وعدل عمل عیش وعشرت
جوا - لاٹری - انعامی
سکیمیں چلہ کشی اور
علم سے منسوب
ہے

**۶**
چھٹا گھر بیت المرض
بیماری - جادو کر زہر
دشمن پر حملہ - امن وامان لڑائی جھگڑا
آگ لگانے - چوٹ - مایوسی کام اور ملازم سے منسوب ہے ۔

**۷**
ساتواں گھر
بیت الازواج
شادی - شریک حیات - شریک کار شراکتی
کاروبار جنسی امراض ازدواجی حالات وتعلقات
کشیدگی - وجدائی طلاق سیاست انداز کاروبار
سدشل تعلقات اور قانونی چارہ جوئی
شکار گمشدہ سے منسوب
ہاں ۔

**۸**
آٹھواں گھر
عمر - زندگی وموت خفیہ
اعضاء مردہ زن مقدمات ناجائز دولت
ذلت ورسوائی وراثت جنگ وجدل اسباب موت جنسی قوت
وکمزوری سے منسوب ہے ۔

**۹**
نواں گھر
بیت السطویل سفر
حج - زیارات بیرون ملک
سفر اعلی وفنی تعلیم عزت وشہرت
خوش مزاجی خیرات زکوٰۃ ارواح
سے رابطہ روحانیات
ادراک رفاہ عام
خواب

**۱۰**
دسواں گھر بیت العزت
حاکم پیشہ ترقی وکامیابی
عزت وناموس حسن نابغ علمیت عہدہ
سامن بزرگ افراد طلب ملازمت جاہ ومنزلت
روزگار والدین حالت آسمان وسیارگان
زلزلہ وبارش وغیرہ سے منسوب ہے

**۱۱**
گیارھواں گھر
بیت الامید
خواہشات حقیقی
دوست توقعات زیورات
بڑا بھائی - بہن - گاڑی
آمدنی زیورات
آزادی دکھ سکھ
سے منسوب
ہے

**۱۲**
بارھواں گھر - بیت الاعداد قید وبند ہسپتال
قرض خواہ شادی کے اخراجات
سازشوں اور مخفی قوتوں
سے منسوب ہے ۔

زائچہ رمل کے ۱۶ خانے ہیں ۔ چار گھر خالی ہیں ۔ بدخانے گواہ ہیں ۔ جواب ۱۲ خانوں سے ہی دیا جاتا ہے (زائچہ رمل اگلے صفحہ پر دیکھیں)

Ghulam Yaseen

# زائچہ علم رمل

علم

- **۱**: طالع سائل
- **۲**: حصول مال، دوائے مریض، قدوم غائب
- **۳**: برادران سفر، خواب تبادلہ
- **۴**: سائل کا باپ، سائل کی عمر، مکان
- **۵**: اولاد محبوب، جوا ۔ حمل، فالتو آمدنی
- **۶**: ملازمین، جادو گر
- **۷**: رفیقِ حیات، دشمن عقد، نکاح مقدمہ
- **۸**: موت خوف، قرض لین دین، مرض
- **۹**: سفر دُور دراز سالا سالی، پوتا ۔ پوتی ۔ حالات بھاوجہ، پابہ زنی، حالات برادر عورت، الہام ۔ حاضرات
- **۱۰**: حاکم بیماری اولاد، سائل کی زوجہ کا مکان، سوتیلی ماں کے حالات، زنِ غائب، چچا کے بیٹے
- **۱۱**: دوست قدیم داماد، لڑکے کی شادی بڑا، بھائی بہن مرگ پدر، حالات شوہر دختر
- **۱۲**: قیدی ۔ رہائی، مرض عورت، جانور چوپایہ
- **۱۳**: شاہد یا گواہ خانہ ۱ ۔ ۵ ۔ ۹
- **۱۴**: شاہد یا گواہ خانہ ۲ ۔ ۶ ۔ ۱۰
- **۱۵**: شاہد یا گواہ ۔ خانہ ۳ ۔ ۷ ۔ ۱۱
- **۱۶**: شاہد یا گواہ ۔ خانہ ۴ ۔ ۸ ۔ ۱۲

Ghulam Yaseen

## کام کرنے سے پہلے قمر کی سعادت و نحوست معلوم کرنا

آپ جب بھی کوئی کام کرنا چاہیں۔ تو پہلے یہ دیکھیں۔ کہ اس دن قمر کس برج میں اس کام کیلئے سعد ہے۔ یا کہ نہیں اگر سعد نہ ہو۔ تو تاریخ تبدیل کر دیں۔ تاکہ اچھے اثرات مرتب ہوں۔ (س سے سعد ن سے نحس م سے مساوی مراد ہے)

| احکامات | حمل | ثور | جوزا | سرطان | اسد | سنبلہ | میزان | عقرب | قوس | جدی | دلو | حوت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خاص عبادت کرنا | م | س | م | ن | م | م | م | ن | س | ن | س | ن |
| خصوصی دعا کرنا | ن | س | م | م | ن | ن | س | س | ن | س | ن | س |
| نیک کام شروع کرنا | س | ن | س | س | ن | س | س | ن | م | ن | م | ن |
| زیارت بزرگان کرنا | ن | ن | س | ن | م | س | م | ن | س | م | ن | س |
| کسی سے سوال کرنا | م | س | س | ن | س | م | س | س | س | ن | ن | س |
| جانشین بنانا | ن | م | م | ن | س | س | ن | س | س | ن | س | ن |
| مخفی کام کرنا | ن | س | ن | ن | س | س | ن | س | م | ن | س | س |
| وزراء و حکام سے ملاقات کرنا | س | س | س | س | س | م | ن | ن | س | ن | ن | س |
| کسی عورت سے ملاقات کرنا | ن | س | م | ن | س | م | ن | س | م | ن | س | م |
| کسی کام میں شمولیت کرنا | س | س | س | ن | س | س | ن | س | م | ن | س | م |
| نکاح کرنا | ن | س | م | ن | س | م | ن | ن | س | ن | س | س |
| شب زفاف کرنا | ن | س | م | ن | س | م | ن | ن | س | ن | س | س |
| بچے کا نام رکھنا | ن | س | م | ن | س | م | ن | ن | ن | م | س | س |
| عقیقہ کرنا | س | م | س | ن | ن | م | م | س | س | ن | ن | س |
| ختنہ کرنا | س | س | م | س | ن | س | س | ن | ن | س | س | ن |

CONTD NEXT PAGE

| اصطلاحات | حمل | ثور | جوزا | سرطان | اسد | سنبلہ | میزان | عقرب | قوس | جدی | دلو | حوت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مناظرہ کرنا | ن | ن | س | م | س | م | س | ن | س | س | م | س |
| مدرسہ میں داخل کرانا | ن | ن | س | م | م | س | س | ن | س | ن | ن | س |
| غسل کرنا | س | م | س | س | س | م | س | س | م | ن | س | س |
| خوشی کی مجلس کرنا | ن | س | م | ن | س | م | ن | س | م | ن | س | م |
| جلسہ کرنا | س | ن | س | س | ن | م | س | ن | م | ن | م | س |
| زیور خریدنا | س | س | س | س | س | س | ن | ن | س | ن | ن | س |
| کوئی عمل شروع کرنا | ن | س | س | م | س | س | س | ن | س | ن | ن | س |
| خرید کرنا | س | م | س | س | ن | م | س | س | س | ن | م | ن |
| شراکت کرنا | ن | م | س | ن | س | س | ن | ن | س | س | م | ن |
| ضمانت لینا | س | ن | س | س | ن | س | ن | س | س | ن | ن | س |
| مقام تبدیل کرنا | س | ن | س | س | س | م | س | ن | س | س | ن | س |
| کسی مہم پر جانا | س | س | م | س | س | س | ن | ن | س | ن | ن | س |
| قرض دینا | س | ن | م | س | ن | ن | ن | س | ن | س | س | س |
| دعویٰ کرنا | ن | م | س | م | س | س | ن | س | س | ن | س | ن |
| جائیداد خریدنا | م | ن | س | م | س | ن | س | م | ن | ن | س | ن |
| مکان بنوانا | ن | ن | ن | س | س | م | س | م | ن | ن | س | م |
| ہتھیار خریدنا | س | ن | ن | ن | م | ن | س | س | م | ن | س | س |
| تجارت شروع کرنا | م | س | ن | م | ن | س | س | ن | ن | ن | س | م |
| کسی شے کا فروخت کرنا | ن | م | س | م | س | ن | ن | س | ن | ن | ن | ن |
| باغ لگانا | ن | س | ن | س | ن | س | س | ن | ن | ن | م | س |

CONTD. NEXT PAGE

| احکامات | حمل | ثور | جوزا | سرطان | اسد | سنبلہ | میزان | عقرب | قوس | جدی | دلو | حوت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھیت بونا | ن | ن | م | س | ن | م | س | ن | ن | س | س | س |
| غلہ کاٹنا | ن | م | س | م | س | ن | ن | س | ن | ن | ن | ن |
| مویشی خریدنا | س | س | س | س | س | س | م | ن | س | س | م | ن |
| ملازم رکھنا | ن | س | س | ن | س | س | م | س | س | س | س | س |
| جہاز یا کشتی میں سفر کرنا | س | ن | س | س | ن | ن | ن | س | ن | س | ن | س |
| سفر کرنا | س | ن | س | س | ن | س | س | س | ن | س | س | ن |

# عملیات کیلئے ستاروں کی باہمی نظرات

عملیات و تعویذات تیار کرتے وقت ستاروں کی دوستی اور دشمنی کا لحاظ رکھنا بے حد ضروری ہے ۔ عملیات میں نظرات کا قانون بہت پُر تاثیر ہے ۔ دو ستاروں کے درمیان جو نظر قائم ہوتی ہے ۔ وہ ایک خاص ہی تاثیر ظاہر کرتی ہے ۔ عملیات میں اُنکی تاثیر سے کام لیا جاتا ہے

| تسدیس و تثلیث | ان مقاصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئیے |
|---|---|
| قمر با شمس | سلاطین و امراء کے درمیان محبت کیلئے |
| قمر با عطارد | برائے تسخیر و محبّت وصلِ معشوق |
| قمر با مریخ | برائے خواب بندی ۔ و دفع حاسدان |
| قمر با زہرہ | برائے شادی وصل نسوان عشق و محبت |
| مریخ با زہرہ | برائے دفعیہ فتنہ فساد |
| قمر با مشتری | برائے عزّت ۔ ترقّی مرتبہ وجاہ وجلال |
| مریخ با عطارد | برائے زیادتی قوّت اور صحت مریض یا دفعیہ امراض |
| قمر با زحل | برائے ترقّی زراعت اور شادابی |
| عطارد با زہرہ | برائے محبّت وصلِ محبوب اور تسخیر جانورانِ آب |
| عطارد با مشتری | برائے ترقّی علوم اور صنعت و حرفت |
| عطارد با زحل | برائے حل مشکلات |
| عطارد با مریخ | اُلفت محبت قائم و دائم رکھنے کیلئے |

Ghulam Yaseen

| | |
|---|---|
| شمس و مریخ | برائے مسخر کرنے اہلِ فوج اور تسخیر سلاطین |
| شمس و مشتری | برائے ترقی و دولت اور قربتِ حاکم |
| شمس و زحل | برائے حصولِ مُدّعا اور طلبِ حاجات و ترقی روزگار |
| مریخ و مشتری | برائے حصولِ دولت و مال بلندئ مراتب |
| مریخ و زحل | برائے ترقی و زراعت اور عمارات |
| مشتری و زحل | برائے دفعیہ غضب سلطانی |

| تربیع و مقابلہ | ان مقاصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئیے |
|---|---|
| قمر و عطارد | دوستوں میں جدائی کیلئے |
| قمر و زہرہ | عورتوں کی مردوں سے مخالفت کیلئے |
| قمر و شمس | سلاطین کے درمیان فتنہ و فساد پیدا کرنے کیلئے |
| قمر و مریخ | حشرات الارض کی دشمنی اور زہر دُور کرنے کیلئے |
| قمر و مشتری | اسرارِ مخفی کے انکشاف کیلئے |
| قمر و زحل | دُشمن کو بیمار کرنے یا ہلاک کرنے کیلئے |
| عطارد و زہرہ | دوستوں میں جدائی اور لین دین کا کاروبار بند کرنے کیلئے |
| عطارد و مریخ | اہل قلم کو بیمار کرنے اور کاروبار کی تنگی کیلئے |
| عطارد و مشتری | دُشمن کی ملک و املاک کو تباہ و برباد کرنے کیلئے |
| عطارد و زحل | ملک و املاک کو تباہ و برباد کرنے کیلئے |
| زہرہ و مریخ | دو محبوبوں کے درمیان فرقت و عداوت کیلئے |

Ghulam Yaseen

| | |
|---|---|
| زہرہ و زحل | عورتوں و مردوں میں فتنہ و فساد برپا کرنے کیلئے |
| مریخ و شمس | مخالفوں کو منتشر کرنے اور جنگ و جدل کے لیے |
| مشتری و شمس | کسی عمارت و آباد جگہ کو ویران کرنے کیلئے |
| مشتری و مریخ | شدید عذاب پیدا کرنے کیلئے |
| مشتری و زحل | کسی کو اسکے مرتبہ سے گرانے کیلئے |
| مشتری و شمس | دو محبوبوں کے درمیان عداوت اور جدائی پیدا کرنے کیلئے |
| زحل و مریخ | دشمن کو ہلاک کرنے کیلئے بغض و عداوت زبان بندی |

| قِران | ان مقاصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہیئے |
|---|---|
| قمر و مشتری | ترقی و تجارت حصول مال و دولت اور ترقی علم کیلئے |
| قمر و عطارد | برائے ملاقات اہلِ علم وزراء اور اہل صنعت و حرفت |
| قمر و زہرہ | برائے شادی عشق و محبت اور معشوق کو بلانے کیلئے |
| قمر و مریخ | ملاقات امراء حاسدوں کی مغلوبی اور دشمنوں پر فتح پانے کیلئے |
| عطارد و مشتری | ترقی عقل حصول علم مردوں کی محبت اور عاملوں کی تسخیر کیلئے |
| عطارد و زہرہ | حصول علم موسیقی اور اتصال محبت کیلئے |
| قمر و زحل | پریشان و سرگرداں کرنے اذیت پہنچانے اور تباہی دشمن کیلئے |
| عطارد و زحل | کسی جگہ کو ویران کرنے یا تباہی و بربادی اور ہلاکت دشمن کیلئے |
| زہرہ و مشتری | برائے عشق و محبت اور مطیع فرمانبردار کرنے کیلئے |
| زہرہ و زحل | برائے نحوست اور پریشانی مستورات کیلئے |

Ghulam Yaseen

| | |
|---|---|
| مریخ و عطارد | کسی عمارت کو خراب کرنے اور دشمنی کیلئے |
| مریخ و زہرہ | برائے تسقط اور غالب آنے مستورات واہل نشاط کیلئے |
| مریخ و مشتری | لشکر کو تسخیر کرنے اہل جنگ کو طاقت پہنچانے اور لڑائی پر فتح کیلئے |
| مشتری و زحل | اہل علم کی عقل زائل کرنے اور ان میں دشمنی پیدا کرنے کیلئے . |
| **بحالتِ استقامت** | **ان مقاصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہیے** |
| زہرہ | عورتوں کی محبت اور دوستی کیلئے |
| مریخ | لشکر اور فوج میں قوت اور بہادری پیدا کرنے کیلئے |
| عطارد | بزرگی اور علم حاصل کرنے کیلئے |
| مشتری | امارت اور ملک املاک کو قائم رکھنے کیلئے |
| زحل | بغض اور عداوت و خرابی دشمن کیلئے |
| **بحالتِ رجعت** | **ان مقاصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہیے** |
| مشتری | کسی آبادی یا شہر کو تباہ و برباد کرنے کیلئے . |
| زحل | دو محبوبوں کے درمیان عداوت و جدائی کیلئے . |
| مریخ | اہل لشکر اور فوج کو خراب و منتشر کرنے یا جنگ و جدل کیلئے |
| زہرہ | عورتوں کو بانجھ اور عقیمہ کرنے یا اسقاط حمل کیلئے |
| عطارد | کسی شخص کو اسکے مرتبے سے گرانے اور ذلیل کرنے کیلئے . |

## ستاروں کی باہمی نظرات

**قران :-** جب دو ستارے ایک ہی بُرج میں ایک ہی درجہ پر ہوں ۔ اسے قران کہتے ہیں ۔ قران سعد ستاروں کا سعد اور نحس ستاروں کا نحس ہوتا ہے سعد کواکب شمس ۔ قمر ۔ عطارد ۔ زہرہ ۔ اور مشتری ہیں نحس کواکب مریخ ۔ زحل یورنس اور نیپچون ہیں :-

**تربیع** جب دو ستاروں کے درمیان ۹۰ درجے کا فاصلہ ہو ۔ تو اُسے تربیع کہتے ہیں ۔ اس وقت ایک ستارہ دوسرا چوتھے گھر میں ہوتا ہے ۔ یہ نحس اصغر ہوتی ہے ۔ اس میں نحس اعمال کیے جاتے ہیں ۔

**مقابلہ** جب دو ستاروں کے درمیان ۱۸۰ درجے کا فاصلہ ہو ۔ اور یہ دو ستارے مقابل کے بُرجوں میں ہوں ۔ تو نظر مقابلہ کہلاتی ہے ۔ یہ وقت نحسِ اکبر ہوتا ہے ۔ یہ دُشمنی کی کامل نظر کہلاتی ہے ۔

**تسدیس** جب دو ستاروں کے درمیان ۶۰ درجہ کا فاصلہ ہو ۔ تو اسے نظر تسدیس کہتے ہیں ۔ ایک ستارہ سے دوسرا ستارہ تیسرے بُرج میں ہوتا ہے ۔ یہ نظر سعدِ اصغر ہوتی ہے ۔ نیم دوستی ہے ۔ تثلیث سے اثر کم پایا جاتا ہے ۔ جن ستاروں میں یہ نظر ہو ۔ ان میں عارضی دوستی پیدا ہو جاتی ہے :-

Ghulam Yaseen

| | |
|---|---|
| تثلیث | جب دو ستاروں کے درمیان ۱۲۰ درجہ کا فاصلہ ہو۔ یعنی ایک ستارہ سے دوسرا پانچویں گھر میں ہو۔ تو نظر تثلیث کہلاتی ہے۔ یہ کامل دوستی کی نظر ہوتی ہے۔ |

## سوتے وقت کے عملیات

ایک مرتبہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے علی! رات کو پانچ کام کرکے سویا کرو۔ نمبر۱۔ چار ہزار دینار صدقہ کرکے سویا کرو۔ (۲) ایک قرآن مجید پڑھ کر سویا کرو۔ نمبر۳ جنت کی قیمت ادا کرکے سویا کرو۔ نمبر۴۔ دو لڑنے والوں میں صلح کرا کر سویا کرو۔ نمبر۵۔ ایک حج کرکے سویا کرو۔ حضرت علیؓ نے فرمایا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کیسے ممکن ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ چار مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر سویا کرو۔ اس کا ثواب چار ہزار دینار صدقہ کرنیکے برابر ملے گا۔ تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر سویا کرو اسکا ثواب ایک قرآن پڑھنے کے برابر ملے گا۔ تین مرتبہ درود پڑھ کر سویا کرو۔ جنّت کی قیمت ادا ہو جائیگی۔ دس مرتبہ استغفار پڑھ کر سویا کرو۔ دو لڑنے والوں کے درمیان صلح کرانے کا ثواب ملے گا چار مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھ کر سویا کرو۔ ایک حج کا ثواب ملے گا۔ یہ سنکر حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا۔ اب تو میں ہر رات یہ عمل کرکے سویا کروں گا۔

Ghulam Yaseen

## دائرہ بروج برائے عملیات

| نمبر شمار | بروج | ماہیت | عنصر | طبع | جنس | وقت | رنگ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | حمل | منقلب | آتشی | گرم خشک | مذکر | روزی | سُرخ |
| ۲ | ثور | ثابت | خاکی | سرد خشک | مؤنث | لیلی | سفید |
| ۳ | جوزا | ذوجسدین | بادی | گرم تر | مذکر | روزی | سبزی مائل زرد |
| ۴ | سرطان | منقلب | آبی | سرد تر | مؤنث | لیلی | سفید |
| ۵ | اسد | ثابت | آتشی | گرم خشک | مذکر | روزی | سُرخ |
| ۶ | سنبلہ | ذوجسدین | خاکی | سرد خشک | مؤنث | لیلی | گندمی |
| ۷ | میزان | منقلب | بادی | گرم تر | مذکر | روزی | سیاہ |
| ۸ | عقرب | ثابت | آبی | سرد تر | مؤنث | لیلی | سُرخی مائل سیاہ |
| ۹ | قوس | ذوجسدین | آتشی | گرم خشک | مذکر | روزی | آسمانی |
| ۱۰ | جدی | منقلب | خاکی | سرد خشک | مؤنث | لیلی | سیاہی مائل |
| ۱۱ | دلو | ثابت | بادی | گرم تر | مذکر | روزی | کافوری |
| ۱۲ | حوت | ذوجسدین | آبی | سرد تر | مؤنث | لیلی | ہلکا سبز یا زرد |

Ghulam Yaseen

# نظرات کے ثمرات

| سیارگان | تسدیس و تثلیث | تربیع یا مقابلہ |
| --- | --- | --- |
| قمر و زہرہ | عورت یا محبوبہ سے فائدہ | مرد و عورت سے طلاق کا اندیشہ |
| قمر و مریخ | دشمنوں کو کمزور کرنا | دشمنوں سے خطرہ |
| قمر و مشتری | کاروباری امور میں فائدہ | کاروباری معاملات میں نقصان |
| قمر و زحل | جائداد کی خریداری سے فائدہ | جائداد کی فروخت سے نقصان |
| قمر و یورانس | مالی معاملات میں حیرت انگیز تبدیلی | مالی معاملات میں اُتار چڑھاؤ |
| قمر و نیپ چون | روحانی ترقی میں اضافہ | فراڈ و سازش کا امکان |
| قمر و پلوٹو | ترکہ وراثت ملنے کا امکان | جائداد سے علیحدگی کا اندیشہ |
| شمس و مشتری | مالی ترقی میں کامیابی | مالی امور میں ناکامی |
| شمس و مریخ | اعلیٰ عہدوں سے فائدہ | جھگڑے کا امکان |
| شمس و زحل | جائداد کے معاملات سے فائدہ | جائداد کے معاملات سے نقصان |
| شمس و نیپ چون | روحانی امور میں کامیابی | روحانی امور میں رکاوٹ |
| شمس و یورانس | اچانک ترقی ملنے کا امکان | مشکلات کا سامنا |
| شمس و پلوٹو | قوتِ اقتدار میں بہتری | جھگڑے کا خدشہ |
| عطارد و زہرہ | محبوبہ سے فائدہ | دوستوں سے جُدائی کا اندیشہ |
| عطارد و مریخ | صحت یابی ہو۔ | کاروباری خسارہ |
| عطارد و مشتری | صنعت و حرفت میں ترقی | دُشمن کی تباہی |

Ghulam Yaseen

| سیّارگان | تسدیس و تثلیث | تربیع یا مقابلہ |
| --- | --- | --- |
| عطارد و زحل | مشکلات حل ہو جائیں | حادثات کا امکان |
| عطارد و یورانس | ترقی کا امکان | اشتعال کا خدشہ |
| عطارد و نیپ چون | روحانی کامیابی | سازش کا امکان |
| عطارد و پلوٹو | حصول مطلب میں کامیابی | بیماری کا خدشہ |
| زہرہ و مشتری | دولت میں اضافہ | رسوائی کا خدشہ |
| زہرہ و زحل | نکاح و منگنی کیلئے بہتر | فتنہ فساد کا خطرہ |
| زہرہ و یورانس | روحانی امور میں ترقی | طلاق و جُدائی کا امکان |
| زہرہ و پلوٹو | شریکِ حیات سے فائدہ | شریک حیات سے خطرہ |
| مریخ و مشتری | مالی فائدہ ہوگا | فضول خرچی کا امکان |
| مریخ و زحل | زراعت میں ترقی | حادثات کا خطرہ |
| مریخ و یورانس | قوت ارادی کیلئے بہتر | اسکینڈل کا خطرہ |
| مریخ و نیپ چون | سکون کیلئے بہتر | پریشانی و بیماری کا سامنا |
| مریخ و پلوٹو | خود اعتمادی کیلئے سعد | حسد و جلن کا امکان |
| مشتری و زحل | جائداد میں فائدہ | رسوائی کا خطرہ |
| مشتری و یورانس | ترقی میں اضافہ | مالی خسارے کا سامنا |
| مشتری و نیپ چون | صدقہ خیرات کیلئے سعد | کاروبار میں نقصان |
| مشتری و پلوٹو | فضول خرچی کا امکان | فراڈ و سازش کا امکان |
| زحل و یورانس | سچائی کی جستجو کریں | بیماری کا خدشہ |
| زحل و نیپ چون | تحقیقی کام کیلئے بہتر | اسکینڈل کا امکان |

Ghulam Yaseen

| سیارگان | تسدیس و تثلیث | تربیع یا مقابلہ |
| --- | --- | --- |
| زحل و پلوٹو | اولاد معنوی کیلئے بہتر | بیماری کا خدشہ |
| یورانس و نیپ چون | احساس کی گہرائی | ناموافق واقعات |
| یورانس و پلوٹو | صحت یابی کیلئے | حادثات کا خطرہ |
| نیپ چون و پلوٹو | خفیہ امور کیلئے بہتر | خفیہ امور میں ناکامی |
| قمر و شمس | حکام بالا سے فائدہ | شہرت و عزت و نقصان کا اندیشہ |
| قمر و عطارد | اہل قلم کیلئے سعد | دوستوں سے علیحدگی کا خطرہ |

## کند ذہن بچوں کیلئے

جسم سے صحت مند ہونے پر بھی کچھ بچے کند ذہن ہوتے ہیں۔ وہ بات کو دیر سے یا پھر کم سمجھتے ہیں۔ ایسے بچوں کیلئے ایک عمل ہے۔ کسی بھی دن رات کے تقریباً ۱۲ بجے تھوڑے سے چُٹیا کی جگہ پر سے بچے کے بال کاٹ لیں۔ اور انہیں اپنے پاس رکھ لیں۔ اگلے دن بھی یہی ترکیب کریں۔ جب چار دن ہو جائیں۔ تو اتوار کے دن ان بالوں کو جلا کر باہر پھینک دیں۔ ممکن ہو۔ تو پاؤں سے رگڑ دیں۔ بچہ رفتہ رفتہ ذہین ہو جائیگا۔

Ghulam Yaseen

| ستیارگان | قرانات | ستیارگان | قرانات |
| --- | --- | --- | --- |
| قمر و شمس | نحس دن | قمر و عطارد | اہلِ قلم کیلئے سعد |
| قمر و زہرہ | شادی و منگنی کیلئے بہتر | قمر و مشتری | تجارت سے فائدہ |
| قمر و مریخ | افسران سے فائدہ | قمر و زحل | بزرگوں سے مدد |
| قمر و نیپ چون | خفیہ امور کیلئے سعد | قمر و یورانس | تبدیلیوں کا امکان |
| قمر و پلوٹو | تقلیدی امور کیلئے موافق | شمس و عطارد | شراکت میں کامیابی |
| شمس و زہرہ | شادی و منگنی کیلئے نحس | شمس و مشتری | مالی امور میں کامیابی |
| شمس و مریخ | جسمانی قوت کیلئے سعد | شمس و زحل | دشمن پر فتح کیلئے |
| شمس و یورانس | ترقی کا امکان | شمس و نیپ چون | سازش کا خطرہ |
| شمس و پلوٹو | بیماری کا خدشہ | عطارد و زہرہ | حصولِ تعلیم کیلئے |
| عطارد و مشتری | ملازمت میں ترقی | عطارد و مریخ | صحت کی خرابی |
| عطارد و زحل | ترقی زراعت | عطارد و نیپ چون | روحانی امور میں ترقی |
| عطارد و یورانس | سفر کیلئے سعد | عطارد و پلوٹو | کامیابی کا امکان |
| زہرہ و مشتری | شادی کیلئے سعد | زہرہ و مریخ | محبت میں کامیابی |
| زہرہ و زحل | مستحکم نکاح کیلئے سعد | زہرہ و یورانس | اسکینڈل کا خطرہ |
| زہرہ و نیپ چون | صحت کی خرابی | زہرہ و پلوٹو | روحانی امور میں کامیابی |

| سیارگان | قرانات | سیارگان | قرانات |
| --- | --- | --- | --- |
| مریخ و مشتری | دشمنوں پر غلبہ | مریخ و زحل | مالی خسارے کا اندیشہ |
| مریخ و یورانس | حادثات کا امکان | مریخ و نیپ چون | عورت سے تکرار کا اندیشہ |
| مریخ و پلوٹو | لڑائی جھگڑے سے نقصان پہنچنا | مشتری و زحل | اہل قلم کیلئے نحس |
| مشتری و یورانس | تبدیلیوں کا امکان | مشتری و نیپ چون | مالی امور میں فراڈ کا خطرہ |
| مشتری و پلوٹو | عزت و شہرت کو خطرہ | زحل و یورانس | دیانتداری کو نقصان |
| زحل و نیپ چون | روحانی ترقی میں اضافہ | زحل و پلوٹو | وعدہ خلافی کا امکان |
| یورانس و پلوٹو | روحانی امور میں تبدیلیاں | نیپ چون و پلوٹو | خفیہ امور میں کامیابی |

# ساعتوں کے موافق عملیات و تعویذات

عامل کو چاہیئے کہ وہ عملیات یا تعویذات
تیار کرتے وقت ساعتوں کا خصوصی طور پر خیال رکھے
علمائے نجوم نے ستاروں کی ساعتیں مقررہ کی ہیں. ہر ستارے
کی ساعت کی اپنی اپنی تاثیر ہے ۔ یہ تاثیر عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے
کیلئے بہت اہم ہے ۔ انکے خلاف عمل کرنے سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا ۔
کوئی ستارہ سعد ہے ۔ کوئی ستارہ نحس ہے ۔ جو وقت ستارہ سعد ہوتا
ہے ۔ اس وقت کام ہوتا ہے ۔ جب نحس ہوتا ہے ۔ تو کام بگڑتا ہے
عامل کے لیے لازم ہے ۔ کہ وہ جب بھی کوئی عمل کرے یا تعویذ
لکھنے کا ارادہ کرے ۔ تو اس قسم کی ساعت کو تلاش
کرے ۔ جو مطلب کے لیے موزون اور مناسب
ہو ۔ اور اپنے مقصد کے عین موافق ہو

Ghulam Yaseen


# نقشہ ساعات دن اور اثرات

| طلوع آفتاب سے | پہلا گھنٹہ | دوسرا گھنٹہ | تیسرا گھنٹہ | چوتھا گھنٹہ | پانچواں گھنٹہ | چھٹا گھنٹہ | ساتواں گھنٹہ | آٹھواں گھنٹہ | نواں گھنٹہ | دسواں گھنٹہ | گیارہواں گھنٹہ | بارہواں گھنٹہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہفتہ | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ |
| | محبت | صلح کیجئے | تکلیف کیجئے | جاہ وجلال | محبت | مشکلات | پکڑو بند کرے | تباہی دشمن | محبت | عداوت | صلح | قبول |
| اتوار | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل |
| | محبت | منحوس | سفر کیجئے | منحوس | عداوت | کام پورا | منحوس | جاہ وجلال | محبت | جو چاہو کرو | طلسم | نقصان |
| پیر | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس |
| | محبت | سفر | نکاح | بیمار کرنا | حاجات | طلسم بناؤ | زبان بندی | صلح محبت | جدائی | محبت | عداوت | محبت |
| منگل | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر |
| | بغض | منحوس | نکاح | برکتی اعمال | منحوس | بیمار | محبت | عداوت | محبت | منحوس | سفر | بغض |
| بدھ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ |
| | قبول | نحس | جاری خون کرنا | اعمال خیر | عداوت | سفر | محبت | علاج کیجئے | عداوت | بادشاہ سے ملو | قبول | عداوت |
| جمعرات | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد |
| | قبول محبت | بیمار کرنا | محبت | محبت | عقود | سفر | عداوت | محبت | بادشاہ سے ملو | حاجت روا | محبت | نحس |
| جمعہ | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری |
| | نکاح | طلسمات | نحس | کنواں کھودنا | محبت | حاجت | جاہ وجلال | محبت | ہر کام کیجئے | جدائی | نحس | محبت |

# نقشہ ساعاتِ شب اور اثرات

| غروب آفتاب سے | پہلا گھنٹہ | دوسرا گھنٹہ | تیسرا گھنٹہ | چوتھا گھنٹہ | پانچواں گھنٹہ | چھٹا گھنٹہ | ساتواں گھنٹہ | آٹھواں گھنٹہ | نواں گھنٹہ | دسواں گھنٹہ | گیارہواں گھنٹہ | بارہواں گھنٹہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہفتہ | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر |
| | محبت | صلح | بغض | جاہ | محبت | شکار | کچھ عطا کرے | لڑائی دشمن | محبت | عداوت | صلح | قبول |
| اتوار | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ |
| | محبت | منحوس | سفر | منحوس | عداوت | کام پورا | منحوس | جاہ | محبت | جو چاہو کرو | طلسم بناؤ | نقصان |
| پیر | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد |
| | محبت | سفر | نکاح | بیمار کرنا | حاجت | طلسم بناؤ | زبان بندی | صلح محبت | جدائی | محبت | عداوت | محبت |
| منگل | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری |
| | بغض | منحوس | نکاح | برکت | منحوس | بیمار کرنا | محبت | عداوت | محبت | منحوس | سفر | بغض |
| بدھ | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | قمر | زہرہ |
| | قبول محبت | نحس | خون جاری کرنا | اعمال خیر | عداوت | سفر | محبت | علاج کیلئے | عداوت | بادشاہ سے ملنا | قبول | عداوت |
| جمعرات | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل |
| | قبول محبت | بیمار کرنا | محبت | محبت | عقد | سفر | عداوت | محبت | بادشاہ سے ملو | حاجت | محبت | نحس |
| جمعہ | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس |
| | نکاح | طلسمات | نحس | کنواں کھدوانا | محبت | حاجت | جاہ و جلال | محبت | ہر کام کیلئے | فراق | نحس | محبت |

## شرف وہبوط اوج حضیض سیارگان



## ستارہ کی کس ساعت میں کون سا کام کرنا چاہیئے ۔

| | |
|---|---|
| شمس | اسکی ساعت میں شادی بیاہ یا زیور یا حاکم کی ملاقات یا کپڑا خریدنا ۔ یا حصولِ دولت کیلئے تعویذات لکھیں ۔ |
| قمر | اسکی ساعت میں چاہ ۔ حوض باغ و زراعت کا کام اور تعمیرات عمارت، سفر کرنا شادی بیاہ وغیرہ ۔ پیغام بھیجنا ۔ کپڑا خریدنا دوستی اور محبت اور تسخیرِ عام کے لیے تعویذ کا لکھنا مبارک ہے |
| مریخ | اسکی ساعت میں دشمن سے مقابلہ اور جنگ کیلئے لڑائی موزوں ہے ۔ مگر حکام کی ملاقات تجارت اور سفر و شادی نکاح اور تعمیر مکان کیلئے منحوس ہے ۔ لبغض و عداوت اور ہلاکتِ دشمن کے لیے تعویذ لکھنا موزوں ہے ۔ |
| عطارد | اسکی ساعت میں علاج بیمار و بچہ سکول بٹھانا نیا کپڑا پہننا چاہ حوض بنانا خرید و فروخت کا کام کرنا ۔ شکار کھیلنا زبان بندی اور خواب بندی کیلئے تعویذ لکھنا اور حکام و امراء سے حاجت طلب کرنا مبارک ہے ۔ |
| مشتری | اسکی ساعت میں شادی بیاہ حکام سے ملاقات کرنی کپڑا بنوانا اور پہننا خرید و فروخت کرنا علاج کرانا دوستی و محبت کیلئے عمل و تعویذ لکھنا اور قضائے حاجات حوت بیماری کیلئے کوئی عمل کرنا مبارک ہے |
| زہرہ | اسکی ساعت میں تسخیر خلق ۔ تسخیر مستورات تسخیر محبوب اور رجوع خلق کیلئے عمل و تعویذ لکھنا مبارک ہے ۔ |
| زحل | اسکی ساعت میں شادی و نکاح بیاہ اور مباشرت علاج بیمار اور حکام کی ملازمت کرنا باغ یا چاہ لگانا اور حوض بنانا اور نیک کام کرنا نحس ہے ۔ لبغض کیلئے تعویذ لکھنا مفید ہے ۔ |

## تقسیم ہفتہ

| دن | عملیات |
|---|---|
| پیر | شفائے امراض ۔ رزق کی زیادتی ۔ تسخیر |
| منگل | ہلاکیٔ دشمن ۔ بغض و نفاق |
| بدھ | زبان بندی ۔ ترقی تسخیر حکام |
| جمعرات | ترقی ۔ دولت ۔ عزت |
| جمعہ | عشق ۔ محبت |
| ہفتہ | زبان بندی ۔ ہلاکی عدو ۔ بربادی |
| اتوار | ترقی و منزلت ۔ تسخیر امراء |

## اوقات استخارہ

ہفتہ کی صبح ۱۰ بجے تک پھر ۱/۲ ۱۲ سے ۴ بجے تک
اتوار کو صبح سے ظہر تک پھر عصر سے مغرب تک
پیر کو صبح صادق سے طلوع آفتاب تک
پھر ۱۰ بجے سے ایک بجے تک پھر ۴ بجے سے عشاء تک
منگل کو ۱۰ بجے سے ظہر تک پھر عصر سے عشاء تک
جمعرات کو صبح صادق سے آفتاب نکلنے تک
پھر ظہر سے عشاء تک ۔

## تقسیم اوقات

| صبح کا وقت | حُب کے نقوش کیلئے ۔ |
|---|---|
| دوپہر کا وقت | ترقی و حصول رزق کیلئے ۔ |
| ظہر کا وقت | امراض شفا کیلئے ۔ |
| ظہر و عصر کے درمیان | عداوت کیلئے ۔ |
| عشاء کا وقت | زبان بندی کیلئے ۔ |

## تقسیم ماہ

| | |
|---|---|
| اوّل عشرہ | ترقی مرتبہ ۔ حصولِ دولت ۔ عزت |
| دوسرا عشرہ | عشق و محبت ۔ جذب قلوب قضائے ۔ حاجات ۔ شادی ۔ شراکت |
| تیسرا عشرہ | ہلاکی و بربادی دشمن ۔ عداوت طلاق ۔ خرابی زراعت ۔ باغ و مویشی |

Ghulam Yaseen

# تقسیم سال

بروج کی تین ماہیتیں ہیں ۔ اس سے یہ معلوم ہوگا ۔ کہ آپکے کام سال کے کس حصّہ میں کیا جاسکتا ہے :-

| | |
|---|---|
| منقلب بروج : | حمل ۔ سرطان ۔ میزان ۔ جدی |
| ثابت بروج : | ثور ۔ اسد ۔ عقرب ۔ دلو |
| ذوجسدین بروج : | جوزا ۔ سنبلہ ۔ قوس ۔ حوت |

**منقلب بروج** منقلب بروج وہ ہوتے ہیں ۔ جن میں شمس کو انقلاب آیا ہے ۔ دن رات اور موسموں میں تبدیلی آتی ہے ۔ ان مہینوں میں کُھلی و نفاق ۔ ملاپ دشمنی و سرگردانی کے کام کیے جاتے ہیں ۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حمل کا زمانہ : | مارچ ۲۲ | تا | اپریل ۲۰ | |
| سرطان کا زمانہ : | جون ۲۲ | تا | جولائی ۲۳ | |
| میزان کا زمانہ : | ستمبر ۲۴ | تا | اکتوبر ۲۳ | |
| جدی کا زمانہ : | دسمبر ۲۳ | تا | جنوری ۲۰ | |

**ثابت بروج** ثابت بروج وہ ہوتے ہیں ۔ جن میں سورج کی رفتار کو قیام اور یکسانیت آجاتی ہے ۔ عزت و مرتبہ کشائش رزق ۔ جائداد کی بقا ۔ گھر پختہ باندھنا ۔ جائداد کو تلف ہونے سے بچانا کی کی

ملازمت کو خطرہ ہو۔ اُسے استحکام دینا۔ غرض وہ کام جن میں استحکام و ثبات کی ضرورت ہے۔ وہ کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ثور کا زمانہ : | اپریل ۲۱ تا | مئی ۲۱ |
| اسد کا زمانہ : | جولائی ۲۳ تا | اگست ۲۳ |
| عقرب کا زمانہ : | جنوری ۲۱ تا | مارچ ۲۱ |
| دلو کا زمانہ : | جنوری ۲۱ تا | مارچ ۲۱ |

**ذوجسدین بروج:** ان بروج میں شمس کا اعتدال ہوتا ہے۔ یہی نہ سعد نہ نحس برائے صحت ترقی اور کامیابی کے اعمال کیے جاتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| جوزا کا زمانہ : | مئی ۲۲ تا | جون ۲۱ |
| سنبلہ کا زمانہ : | اگست ۲۴ تا | ستمبر ۲۳ |
| قوس کا زمانہ : | نومبر ۲۳ تا | دسمبر ۲۲ |
| حوت کا زمانہ : | فروری ۲۰ تا | مارچ ۲۱ |

Ghulam Yaseen

(۱) محفلِ حاضراتِ ارواح — علم حاضرات سیکھنے کے شائقین کیلئے ایک نادر کتاب

(۲) کرشمۂ رمل — نقطوں اور لکیروں کی مدد سے ماضی حال مستقبل جاننے کے راز

(۳) کرشمۂ عملیاتِ مخفی — نایاب سریع الاثر تیر بہدف مجرب و آزمودہ عملیات و تعویذات۔

Ghulam Yaseen

# نقش پندریہ زکات کی مخفی ترکیب

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| وَالمُهَیمِنُ بحقِ یا وهّاب یا فتّاحُ ۶ | اُمِنُ بحقِ یا اللہ یا فتّاحُ ۱ | حُدّالِنُ بحقِ یا حقُّ یا فتّاحُ ۸ |
| زہشنالِنُ بحقِ یا اَنزکی یا فتّاحُ ۷ | اَیالِنُ بحقِ یا آخِرُ یا فتّاحُ ۵ | جلیلیین بحقِ یا جامعُ یا فتّاحُ ۳ |
| باحِنُ بحقِ یا باقی یا فتّاحُ ۲ | طعیالِنُ بحقِ یا ظاہرُ یا فتّاحُ ۹ | دمیالِینُ بحقِ یا دائمُ یا فتّاحُ ۴ |

۷۸۶

یا جبرائیلُ اُحضُرو ←

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

→ یا فتّاحُ



سیدھی لائنیں لگاتے وقت چار مرتبہ یا جبرائیلُ اُحضُرو پڑھیں (ایک نقش کیلیئے)
کھڑی لائنیں لگاتے وقت چار مرتبہ یا فتّاحُ پڑھیں ۔ نقش کی زکات
نوچندی جمعرات سے شروع کریں ۔
بعد از نماز عشاء سے شروع کریں ۔ منہ مشرق کیطرف
ہو ۔ لباس سُرخ پہنیں ۔ اگربتی سلگائیں یا کوئی اور خوشبو استعمال کریں ۔

زکات : ۔ روزانہ ۱۱ نقش ۱۱ روز تک لکھ کر اسی جگہ پر جلا دیں ۔ اور اسکی راکھ جمع کریں ۔ چلہ کے بعد اسکی راکھ کو پانی میں بہا دیں ۔ بعد از زکات چار نقش روزانہ لکھنے ہوں گے ۔ اور جلا دیں ۔ اور اسکی راکھ کو بھی دریا میں ڈال دیا کریں ۔
نقش لکھنے کا طریقہ : نقش کے خانے پُر کرتے وقت مندرجہ بالا طریقہ سے پڑھیں ۔ پہلے پڑھیں ۔ پھر خانے پُر کریں ۔ یاد رہے جو پڑھنے کا عمل ہے ۔ اسکو نقش میں نہیں لکھنا ہے ۔ نقش میں خالی ہندسے لکھنے ہیں ۔ اور پڑھنا اس ترتیب سے ہے ۔

## فوائدِ نقش :

**بیماری کیلئے :** یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ سَلَامٌ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اور اسکے ساتھ کوئی قرآنی آیت موافق لکھ دیں۔ مریض کو پینے اور پہننے کیلئے دیں۔ (لاعلاج مرض کیلئے)

**جادو سحر :** نقش کے نیچے اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ اور کوئی مطابق اسم الٰہی یا قرآنی آیت لکھ دیں۔ یہ نقش مریض کو پلائیں۔ اور گلے میں ڈال دیں۔

**آسیب کیلئے :** نقش کے نیچے یہ طلسم لکھ کر دھونی دیں :-  
ہرحل سلگا کر نقش بمعہ طلسم ڈال دیں۔ اور دھواں دیں۔ یا بتی بنا کر ناک میں دھواں دیں۔ مجرب ہے :

**حُب بغض کیلئے**
حسب ترکیب کام میں لائیں۔ انشاء اللہ بہتر بہو ف پائیں گے۔ آپ حب و بغض نقش کے نیچے جو بھی آیت حصہ ناموں کے درج کریں گے۔ مطلوب کے مزاج کے مطابق نقش استعمال کریں۔
انشاء اللہ ۲۴ گھنٹوں میں آپکو کامل اثر ملے گا۔ تجربہ شدہ ہے۔

**بغض کی ایک خاص ترکیب :** نقش لکھ کر اسکے نیچے اپنا مقصد لکھیں۔ اور کسی قصائی کی دکان قبر میں دفن کر دیں۔ ۲۴ گھنٹے سے لیکر ۷۲ گھنٹوں میں اثر معلوم ہوگا۔ جُدائی فتنہ فساد میں چلتا جادو ہے۔

## تاریخ پیدائش کے مطابق برج اور بر تو ستون کا انتخاب

| نمبر شمار | تاریخ پیدائش | نام کا پہلا حرف | برج | ستارہ | موافق پتھر | دن | رنگ | بہترین شریک حیات | ناموافق ساتھی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل | ا-ل-ع-ی | حمل | مریخ | مرجان-یاقوت | منگل | گلابی | اسد-قوس | سرطان-میزان-جدی |
| ۲ | ۲۱ اپریل تا ۲۰ مئی | ب-و- | ثور | زہرہ | الماس-نیلم-فیروزہ | جمعہ | گہرا نیلا | سنبلہ-جدی | اسد-عقرب-دلو |
| ۳ | ۲۱ مئی تا ۲۱ جون | ق-ک | جوزا | عطارد | زمرد-زرد عقیق | بدھ | پیلا زرد | میزان-دلو | سنبلہ-قوس-حوت |
| ۴ | ۲۲ جون تا ۲۳ جولائی | ح-ہ | سرطان | قمر | پکھراج-موتی-زمرد | پیر | سفید | عقرب-حوت | حمل-جدی-میزان |
| ۵ | ۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست | م-ٹ | اسد | شمس | ہیرا لہسنیا | اتوار | گولڈن نارنجی | حمل قوس ثور | عقرب-دلو-ثور |
| ۶ | ۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر | پ-غ | سنبلہ | عطارد | عقیق-فیروزہ | بدھ | گہرا زرد پیلا | جدی-ثور | قوس-حوت-جوزا |
| ۷ | ۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر | ر-ت-ط | میزان | زہرہ | ہیرا اوپل- | جمعہ | نیلا زرنی مائل | دلو-جوزا | جدی-حمل |
| ۸ | ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر | ن-ذ-ض-ظ | عقرب | مریخ | پکھراج-عقیق موتی | منگل | نیلا سرخ | حوت-سرطان | دلو-ثور-اسد |
| ۹ | ۲۳ نومبر تا ۲۲ دسمبر | ف- | قوس | مشتری | فیروزہ حجرالقمر | جمعرات | سفید سبز | حمل-اسد- | حوت-جوزا-سنبلہ |
| ۱۰ | ۲۳ دسمبر تا ۲۰ جنوری | ج-خ-گ | جدی | زحل | سفید رنگ سلیمانی یاقوت | ہفتہ | سرخ بھورا خاکی | ثور-سنبلہ | حمل-سرطان-میزان |
| ۱۱ | ۲۱ جنوری تا ۱۹ فروری | س-ش-ص-ث | دلو | یورینس | نیلم-حدید عقیق سیاہ | ہفتہ | خاکی بھورا نیلا | جوزا-میزان | ثور-اسد-عقرب |
| ۱۲ | ۲۰ فروری تا ۲۰ مارچ | د-چ | حوت | مشتری | زمرد-یاقوت | اتوار | سبز بھورا خاکی | سرطان-عقرب | جوزا-سنبلہ-قوس |

Ghulam Yaseen

ایک خیال یہ بھی ہے ۔

چاند ہفتہ کے روز ہو تو　شب قدر　۲۳　رمضان المبارک کو ہوگی
چاند اتوار کے روز ہو تو　شب قدر　۲۹　رمضان المبارک کو ہوگی
چاند پیر کے روز ہو تو　شب قدر　۲۱　رمضان المبارک کو ہوگی
چاند منگل کے روز ہو تو　شب قدر　۲۷　رمضان المبارک کو ہوگی
چاند بُدھ کے روز ہو تو　شب قدر　۲۳　رمضان المبارک کو ہوگی
چاند جمعرات کے روز ہو تو　شب قدر　۲۵　رمضان المبارک کو ہوگی
چاند جمعہ کے روز ہو تو　شب قدر　۲۷　رمضان المبارک کو ہوگی

Ghulam Yaseen

# امتحان میں پاس یا فیل معلوم کرنیکا طریقہ

سائل کا نام اور اسکی ماں کا نام اور امتحان کے دن کا نام ملا کر بحساب ابجد نکال کر سب کو جمع کریں ۔ پھر ۳۰ پر تقسیم کریں ۔ جو باقی بچے وہ خانہ پاس یا فیل میں دیکھیں ۔

پاس

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۲ | ۵ | ۶ | ۷ | ۲۱ |
| ۴ | ۹ | ۱۲ | ۱۸ | ۳۰ |
| ۱۱ | ۲۴ | ۲۳ | ۲۷ | ۲۸ |

فیل

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۳ | ۸ | ۱۰ | ۱۳ | ۱۹ |
| ۱ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۲۹ |
| ۱۴ | ۲۰ | ۲۲ | ۲۵ | ۲۶ |

حروفِ ابجد ۔ اور اُن کے اعداد

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د | ہ | و | ز | ح | ط | ی | ک | ل | م | ن |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۲۰ | ۳۰ | ۴۰ | ۵۰ |
| س | ع | ف | ص | ق | ر | ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| ۶۰ | ۷۰ | ۸۰ | ۹۰ | ۱۰۰ | ۲۰۰ | ۳۰۰ | ۴۰۰ | ۵۰۰ | ۶۰۰ | ۷۰۰ | ۸۰۰ | ۹۰۰ | ۱۰۰۰ |

# خطا ہوگی

- آسیبی مرض کے مریض کو کسی قصاب کی دوکان پر نہیں جانا چاہیئے ۔ ۔ ۔ ۔ ورنہ خطا ہوگی
- اگر گھر یا مکان جہاں پر جنات قابض ہوں وہاں پر کسی معمول پر حاضرات ہرگز نہ کریں ۔ ۔ ۔ ورنہ خطا ہوگی ۔
- ایسی جگہ یا گھر جہاں پر کسی کی موت غیر طبعی ہوئی ہو ۔ وہاں پر حاضرات کے اعمال ہرگز نہ کریں ۔ ۔ ورنہ خطا ہوگی ۔
- آسیبی مرض کے مریض پر اگر جنات حاضر ہوتے ہوں ۔ تو گھر والے ان جنات سے کسی طرح کی بھی بات چیت نہ کریں ۔ ورنہ خطا ہوگی ۔
- اگر گھر میں کوئی آسیبی مرض کا مریض ہو ۔ تو اس جگہ پر حاضرات وغیرہ کے اعمال ہرگز نہ کریں ۔ ۔ ورنہ خطا ہوگی ۔
- بروز جمعرات گوشت لیکر کسی ویرانے یا قبرستان کے قریب سے ہرگز نہ گزریں ۔ ۔ ۔ ورنہ خطا ہوگی ۔
- اگر جنات کسی کے پاس آتے ہوں ۔ پیسے دیتے ہوں کام کرتے ہوں ۔ تو یہ راز کسی کو مت دیں ۔ ۔ ورنہ خطا ہوگی ۔
- اگر کوئی آسیبی مرض کا شکار ہے ۔ تو اسکو کسی مرنے والے گھر یا قبرستان میں نہیں جانا چاہیئے ۔ ۔ ۔ ورنہ خطا ہوگی ۔
- اگر دوران چلہ کوئی ذی روح حاضر ہو ۔ تو اس سے بات چیت مت کریں ۔ جب تک کہ چلے کا اختتام نہ ہو ۔ ورنہ خطا ہوگی ۔
- ایسے لوگ جو کہ آسیبی مریض ہوں ۔ ان کو حاضرات یا دوسرے اعمال نہیں کرنے چاہئیں ۔ ۔ ۔ ورنہ خطا ہوگی ۔
- دوران چلہ کسی سائل کو تعویذات لکھ کر مت دیں ۔ نہ ہی کسی آسیبی مریض کا علاج کریں ۔ ۔ ۔ ورنہ خطا ہوگی ۔

نوٹ : ۔ درج بالا تمام باتیں صدفی صد درست ہیں ۔ جنکا ہم نے خود تجربہ کیا ہے ۔ آپ بھی انکو آزمائیں : ۔

# کیریئر کا انتخاب

آپ خود اپنے برج کے مطابق کیریئر کا انتخاب کریں۔ تاکہ آپکا اور آپکے بچوں کا مستقبل تابناک ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| حمل | ۲۱ مارچ یا ۲۰ اپریل | قیادت یا سرداری۔ افسری۔ فوجی ملازمت۔ جراحی۔ انجینئرنگ۔ پولیس کی ملازمت۔ سائنسدان سپورٹس مین شپ۔ دندان سازی۔ محقق۔ ذاتی کاروبار۔ موزوں پیشے ہیں۔ |
| ثور | ۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی | ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی۔ کسی ادارے کی منتظمی یا سربراہی معماری۔ زراعت۔ بنکاری۔ سول سروس سنگ تراشی۔ زیور سازی۔ یا زیور فروشی۔ اداکاری۔ صنعت۔ حساب وغیرہ۔ |
| جوزا | ۲۲ مئی تا ۲۱ جون | سیاحت۔ پیغام رسانی۔ رسل و رسائل تصنیف و تالیف۔ ادب۔ شاعری۔ کلرکی۔ ایجنسی۔ تقریر۔ درس و تدریس۔ تجارت۔ نیوز رپورٹر۔ ٹرانسپورٹ امپورٹ ایکسپورٹ موزوں پیشے ہیں۔ |
| سرطان | ۲۲ جون تا ۲۳ جولائی | ماہی گیری۔ جہازرانی۔ مشروبات کی تیاری اور فروخت۔ ہوٹل کا کاروبار۔ زمین و جائداد کی خرید و فروخت زراعت۔ باغبانی۔ میڈیکل سٹور۔ ادویات سازی۔ موزوں اور مناسب پیشے ہیں۔ |
| اسد | ۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست | کسی ادارے کی سربراہی یا منتظمی۔ سماجی نظام کی ترتیب۔ سوشل ورک۔ رفاہی اداروں سے وابستگی اوور سیری۔ اداکاری۔ چیئرمین شپ۔ ذاتی کاروبار قیادت اور حکومت وغیرہ۔ |
| سنبلہ | ۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر | درس و تدریس۔ ادب۔ شاعری۔ تصنیف و تالیف۔ ماہر نفسیات۔ فلسفہ قیافہ شناس۔ نرسنگ۔ ڈاکٹری سائنس۔ ٹیکنیشنز۔ نقاد۔ انسپکٹر۔ سیکرٹری۔ موزوں پیشے ہیں۔ |
| میزان | ۲۴ ستمبر تا ۲۴ اکتوبر | علم و ادب۔ شاعر۔ آرٹ۔ موسیقی اداکاری قلم بندی۔ نقاشی۔ سفارت سوشل ورک۔ افزائش حسن کی چیزیں تیار کرنا۔ میزبانی۔ پارچہ بافی۔ میوزک شاپ۔ وکالت موزوں پیشے ہیں۔ |

Ghulam Yaseen

| | | |
|---|---|---|
| عقرب | ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر | کھوجی تحقیق و تجسس ۔ تفتیش سراغ رسانی ۔ جراحی ۔ نفسیات دانی ۔ حکمت و طبابت ۔ روحانی علاج معالجہ وکالت ۔ قصاب سائنس دان شپ بریکنگ اسلحہ ساز فیکٹری انجم شناسی موزوں پیشے ہیں ۔ |
| قوس | ۲۳ نومبر تا ۲۱ دسمبر | مذہبی فرائض کی انجام دہی ۔ تبلیغ وکالت ترجمانی ۔ فلسفہ نفسیات سوشل ورک رفاہی امور کی انجام دہی سول سروس تحقیق و جستجو سیاحت ۔ معلمی سیاسیات موزوں پیشے ہیں ۔ |
| جدی | ۲۲ دسمبر تا ۲۰ جنوری | درس و تدریس ۔ حساب ۔ مذہبی فرائض کی انجام دہی ۔ ایڈمنسٹریشن ۔ سائنس سول سروس ۔ زراعت باغبانی ٹھیکیداری پٹرول پمپ کریم مشین ۔ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت معمار سازی ۔ سیاست ذاتی کاروبار موزوں پیشے ہیں ۔ |
| دلو | ۲۱ جنوری تا ۱۹ فروری | سائنس ۔ فوٹو گرافی ۔ تصنیف و تالیف ۔ ادب شاعری ۔ نفسیات ۔ فلسفہ ۔ انجم شناسی کا کام ریڈیو ۔ اور ٹیلی ویژن بنانا ۔ اور مرمت کرنا ۔ رفاہی کام ۔ عام فنی پیشے موزوں رہتے ہیں ۔ |
| حوت | ۲۰ فروری تا ۲۰ مارچ | موسیقی شاعری ۔ تصنیف و تالیف ۔ تقریر ۔ نفسیات ۔ ایکٹنگ ۔ خواب کی تعبیر بیان کرنا ۔ پامسٹری علم نجوم آرٹ ۔ رفاہی کام درس و تدریس ۔ علاج ۔ ماہی گیری موزوں پیشے ہیں ۔ |

Ghulam Yaseen

## اعضاء پھڑکنے کا نتیجہ

انسان کا جب بھی کوئی اعضاء اچانک پھڑکتا ہے. تو اس کا نتیجہ اچھا یا بُرا ضرور نکلتا ہے. یہ بس ایک قسم کا الہام ہوتا ہے. اہلِ علم لوگوں نے انسان کے مختلف اعضاء کے پھڑکنے کا جو نتیجہ نکالا ہے. وہ اسکی تفصیل پیش کیجاتی ہے.

| نام اعضاء | نتیجہ | نام اعضاء | نتیجہ |
|---|---|---|---|
| چشم راست | حصولِ مقصد کی علامت | شانہ راست | فکر و رنج کی علامت |
| چشم چپ | عورت سے جُدائی | شانہ چپ | دشمن پر فتح حاصل ہو . |
| پلک راست | شادی سے فرحت ہو . | بازوئے راست | عورت سے ملاقات ہو . |
| پلک چپ | پریشانی و تکلیف اُٹھائے | بازوئے چپ | خوشی و ترقی حاصل ہو . |
| درمیان ہر دو آبرو | عزیز سے ملاقات ہو . | بغل راست | خوشی حاصل ہو . |
| آبرو جانب چپ | خوشی فرزند کی حاصل ہو . | بغل چپ | مرتبہ میں ترقی |
| آبرو جانب راست | عزت و زر حاصل ہو . | بینی جانب راست | خوشخبری ملے . |
| پیشانی جانب چپ | حصول مطلب کی علامت | بینی جانب چپ | غم والم کی علامت |
| پیشانی جانب راست | سفر درپیش ہو . | زیرِ چشم چپ | خرچ زر کی علامت |
| زیرِ چشم راست | تہمت لگنے سے پریشان ہو . | رخسار راست | نقصان کی علامت |
| لب زیریں . | دوستی ملاقات کی علامت | رخسار چپ | روپیہ خرچ ہو . |
| گردن جانب راست | خسارہ ہونیکی اُمید | رخسارہ ہر دو | خوشی حاصل ہو . |
| گردن جانب چپ | عورت سے ملاقات ہوگی | گوش جانب راست | مراتب میں بلندی ہو . |

| نام اعضاء | نتیجہ | نام اعضاء | نتیجہ |
|---|---|---|---|
| لب بالا | بلندی سخن کا ہونا | پشت پائے چپ | سفر کی علامت |
| دستِ چپ | عزیزوں سے جدائی | زانوئے چپ | عزیز سے ملاقات ہو . |
| انگوٹھا چپ | زخم کا یا چوٹ کا لگنا | کفِ دستِ چپ | نقصان زر کا ہونا |
| پشت پائے راست | تنگدستی کی علامت | پہلوئے چپ | سفر کی علامت |
| زانوئے راست | ناگہانی غم کی دلیل | درمیانِ سر | خلق میں عزیز ہو . |
| کفِ دستِ راست | لالچ کی علامت | سرِ جانبِ چپ | موجب خواری ہے . |
| گوشِ جانبِ چپ | پریشانی کی علامت | جانبِ سرِ راست | سفر پیش آئے مگر جلد واپسی |
| پشت جانبِ راست | کسی سے ملاقات ہو . | تمام سر کا ایک بار پھڑکنا | حیثیت خاندان بادشاہ |
| پشت جانبِ چپ | دوست سے جھگڑا ہو . | اندرونِ چشمِ راست | بدخوئی |
| درمیان پشت | بری خبر ملے | اندرونِ چشمِ چپ | دل کی مراد حاصل ہو . |
| پہلوئے راست | دوات کا نقصان ہو . | انگشتِ دوم | گریہ زاری |
| دستِ راست | عزت و مرتبہ بڑھے . | انگوٹھا پائے راست | کامیابی |
| انگوٹھا راست | خوشخبری ملے | انگشتِ میانہ | غم میں مبتلا |
| پنڈلی | دشمن سے پریشانی اور خوف ہو | انگشتِ چہارم | غمناک کرا دے |

# شگون

سفر کرتے وقت راستے میں اچانک کوئی جانور پرندہ یا دیگر کوئی چیز نظر آجائے تو اسکا اچھا برا نتیجہ ضرور برآمد ہوتا ہے۔ بعض قوموں میں ان چیزوں کو دیکھنے سے نیک و بد شگون لیا جاتا ہے۔ مگر شرعاً یہ باتیں منع ہیں۔ اپنی آنکھیں بند کرکے یقین نہ کریں

**مُرغ** ۔ اگر سفر میں جاتے وقت مرغ بائیں طرف ہوے۔ تو ہر طرح کا فائدہ حاصل ہو۔ اور سفر مع الخیر انجام پائے۔

**کالی چڑیا** اگر سفر میں جاتے وقت کالی چڑیا بائیں طرف ہوے۔ تو خوش حاصل ہو۔ اور سفر مبارک ہو۔

**کُتّا** سفر کو جاتے وقت اگر کُتّا منہ میں گوشت کا ٹکڑا لیے ہوئے ہے۔ یا سامنے آجائے۔ تو مسافر کو بہت فائدہ ہوگا۔ اگر وہ ہڈی کی چیز منہ میں پکڑے ہوئے ہے۔ تو تکلیف و پریشانی ہوگی۔ اگر پاؤں چاٹے تو بھی تکلیف ہو۔

**گدھا** سفر کو جاتے وقت اگر گدھے پر اینڈھن۔ کپاس۔ کوڑا کرکٹ چمڑا وغیرہ لدا ہوا ہے۔ تو سفر میں بیمار ہو۔ یا چوری ہو جائے۔

**بلّی** اگر سفر کو جاتے وقت بلّی کے رونے کی آواز آئے۔ یا آپس میں لڑتی ہوئی نظر آئیں۔ تو سفر نہیں کرنا چاہیئے۔

**کوّا** اگر سفر میں جاتے وقت کوّا دائیں طرف نظر آئے۔ تو سمجھنا چاہیے۔ کہ ہر میں ترقی ہو۔ اور اعتبار زیادہ بڑھے۔

**گائے** اگر سفر کو جاتے وقت گائے اپنے بچے کو دودھ پلاتی ہوئی نظر آئے۔ تو عزّت و مرتبہ بڑھے۔ اور دلی مراد پوری ہو۔

Ghulam Yaseen

**بھینس** | اگر سفر میں جاتے وقت بھینسیں لڑتی ہوں ۔ یا کالی چیز کھاتی ہوئی ۔ یا اس پر کوئی سوار ہو ۔ تو سفر کو نہیں جانا چاہیئے ۔

**کوئل** | اگر سفر کرتے وقت کسی سرسبز درخت پر کوئل بیٹھی ہوئی نظر آئے ۔ تو عزت و مرتبہ بڑھے ۔ اور دِلی مراد پوری ہو ۔ اور قرض سے فارغ ہو ۔

**تیتر** | اگر سفر کو جاتے وقت تیتر بولے ۔ تو راحت ملے ۔ دِلی مراد بر آئے ۔ اور عزیزوں سے ملاقات ہو ۔

**مُور** | اگر سفر میں جاتے وقت مور بولے ۔ یا نظر آئے ۔ تو سفر بخیریت کٹے گا ۔ اور مال سے فائدہ ہوگا ۔

**بُلبُل** | اگر سفر کو جاتے وقت دائیں طرف بُلبُل نظر پڑے ۔ تو عیش و آرام نصیب ہوگا ۔ اور اگر بائیں طرف نظر آئے ۔ تو رنج ملے ۔

**مینا** | اگر سفر کو جاتے وقت مینا نظر پڑے ۔ تو حسبِ خواہش مراد ملے ۔ اور عیش و آرام نصیب ہو ۔

**طوطا** | اگر سفر کو جاتے وقت طوطا نظر آئے ۔ تو نیک فال سمجھیں ۔

**سانپ** | اگر سفر پر جاتے وقت سانپ نظر آئے ۔ تو بہت بُری فال ہے ۔ ہرگز سفر پر نہیں جانا چاہیئے ۔

### کام نہ ملنے پر

اگر آپ کام کی کمی سے عاجز وہ اور پریشان رہتے ہیں ۔ اور آپ چاہتے ہیں ۔ کہ کام مل جائے ۔ تو اس ترکیب کو آزمائیں انشاء اللہ آپ کو کام ملے گا ۔ ایک بے داغ بڑا سا لیمو لیکر اسکے چار برابر ٹکڑے کر لو دن ڈھلے چوراہے پر جاکر چاروں سمت میں پھینک دو ۔ کام کی کمی ختم ہو جائیگی

### عجیب و غریب فارمولہ

کوئی انسان بہت دنوں سے کسی بیماری میں مبتلا ہو ۔ اور دوا سے کوئی فائدہ نہ ہو رہا ہو ۔ تو سنیچر کی رات کو بیسن کی ایک روٹی بنائیں ۔ اور اس پر سرسوں کا تیل لگاکر بیمار کے اوپر سے سات مرتبہ گھما کر اتاریں اس کے بعد وہ روٹی کالے کتے کو کھلادیں ۔ دھیان رہے ۔ کتا کالا ہی ہو ۔ اور صرف کتا ہو کتیا نہیں

Ghulam Yaseen

# علم الرمل

دائرہ ابدح

| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۰<br>—<br>—<br>— | —<br>۰<br>—<br>— | ۰<br>۰<br>—<br>— | —<br>—<br>۰<br>— | ۰<br>—<br>۰<br>— | —<br>۰<br>۰<br>— | ۰<br>۰<br>۰<br>— | —<br>—<br>—<br>۰ | ۰<br>—<br>—<br>۰ | —<br>۰<br>—<br>۰ | ۰<br>۰<br>—<br>۰ | —<br>—<br>۰<br>۰ | ۰<br>—<br>۰<br>۰ | —<br>۰<br>۰<br>۰ | ۰<br>۰<br>۰<br>۰ | —<br>—<br>—<br>— |
| لحیان | حمرہ | نصرۃ الخارج | بیاض | قبض الداخل | اجتماع | عتبہ الخارج | انکیس | عقلہ | قبض الخارج | فرح | نصرۃ الداخل | نقی | عتبہ الداخل | طریق | جماعت |

علم الرمل سیکھنے کیلئے سب سے پہلے دائرہ ابدح کو یاد کریں۔ اس میں سولہ ۱۶ اشکال ہیں۔ طالب کو چاہیئے کہ وہ ان شکلوں کو اچھی طرح یاد کرے۔

رمل کی زبان میں نقطہ (٥) کو فرد کہتے ہیں۔ لکیر (—) کو زوج کہتے ہیں۔

## اشکال یاد کرنیکا آسان طریقہ

| ابدح | عدد | عنصر | |
|---|---|---|---|
| ا | ۱ | آتش | ٥ |
| ب | ۲ | باد | — |
| د | ۴ | آب | — |
| ح | ۸ | خاک | — |

مثلاً شکل اوّل کسطرح بنی ہے۔ دیکھو ا کا عدد ایک ہے۔ اسکے مقابل فرد ہے ← یہ پہلی شکل ہے۔ یاد رہے کہ ان چار عناصر میں جس جگہ فرد (٥) ہوگا۔ اسکا عدد ہوگا باقی جس جگہ پر زوج (—) ہوگی۔ اسکا کوئی عدد نہ ہوگا :-


Ghulam Yaseen

دوسری شکل دیاہیں ۔ ب کے مقام پر فرد ہے ۔ ب کے عدد ۲ ہیں ۔ اسلیئے یہ دوسری شکل ہوگی مثلاً شکل اجتماع کو یاد کرنا ہے ۔ اور دیکھنا ہے ۔ کہ یہ کونسی شکل ہے ۔ دیکھو ا کے مقابل زوج (=) ہے اسکو چھوڑ دیں ۔ کیونکہ اسکا عدد پیش ہے ۔ ب کے مقام پر فرد (ہ) ہے ۔ عدد اسکے دو ہیں ۔ اسطرح آگے دال کے مقام پر فرد (ہ) ہے ۔ عدد اسکے چار ہیں ۔ لہذا عدد ب کے اور دال کے جمع کیے ۔ تو مجموعہ ۶ ہوا ۔ اسطرح ہمیں معلوم ہوا ۔ کہ یہ چھٹی شکل ہے ۔ باقی شکلوں کو بھی اسی طرح یاد کریں ۔ امید ہے ۔ کہ طالبین کو اب دائرہ ابجح یاد کرنے کیلئے کوئی مشکل پیش نہ آئیگی ۔

| ابجح | عدد | عنصر |
|---|---|---|
| ا | ۱ | آتش |
| ب | ۲ | باد |
| د | ۴ | آب |
| ح | ۸ | خاک |

ا - ۱ ×
ب - ۲ ہ
د - ۴ ہ
ح - ۸ ×

دائرہ ابجح میں سولہ اشکال ہیں ۔ چار چار اشکال ہر سمت ہر عنصر اور جنس وغیرہ سے منسوب ہیں ۔ جو کہ اسطرح ہیں ۔

| اشکال آتشی | جنس | سمت |
|---|---|---|
|  | مذکر | مشرق |

## اشکال بادی

| اشکال بادی | جنس | سمت |
|---|---|---|
| ۴ - ۶ - ۱۱ - ۱۴ | مذکر | مغرب |

## اشکال آبی

| اشکال آبی | جنس | سمت |
|---|---|---|
| ۳ - ۱۲ - ۱۳ - ۱۵ | مؤنث | شمال |

## اشکال خاکی

| اشکال خاکی | جنس | سمت |
|---|---|---|
| ۸ - ۹ - ۱۰ - ۱۲ | مؤنث | جنوب |

دائرہ ابجد کی سولہ (۱۶) اشکال میں سے چار اشکال خارج و چار اشکال منقلب ۔ چار اشکال داخل اور چار اشکال ثابت ہیں ۔ جو کہ اس طرح ہیں ۔


**اشکال خارج :**

انکو شناخت کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے ۔ کہ وہ شکل جسکے مقام ا پر فرد (۰) ہو ۔ اور مقام ح پر زوج ہو ۔ خارج اشکال کہلاتی ہیں ۔ مثال کے طور پر یہی شکل یہاں دیکھیں اس میں ا کے مقام پر فرد (۰) ہے ۔ اور ح کے مقام پر زوج ہے ۔ اگر سائل کا سوال خروج کے بارے میں ہو ۔


| | | |
|---|---|---|
| ۰ | ۱ | ا |
| — | ۲ | ب |
| — | ۴ | د |
| — | ۸ | ح |

Ghulam Yaseen

تو خانہ مقصد میں یہ اشکال آجائیں ۔ تو حکم یہ ہوگا ۔ کہ سائل کو اپنے مقاصد میں کامیابی ملے گی ۔



دیکھو ایک سائل کا زائچہ کشید کیا گیا





خانہ میزان میں شکل قبض الخارج آئی ہے ۔ نقطہ ضمیر کو حرکت دی ۔ جو کہ سیر کرتا ہوا خانہ اوّل پر منتہی ہوا ۔ سائل کا طالع اچھا ہے ۔ اور ارادہ سفر کا رکھتا ہے ۔ یہ ان دلائل سے کہا گیا ۔ کہ ضمیر کا نقطہ سیر کرتا ہوا خانہ اوّل میں گیا ہے ۔

یہاں پر شکل نصرۃ الخارج ( ÷ ) ہے ۔ جسکا تعلق نقل و حرکت اور خروج سے ہے ۔ دوسری دلیل یہ ہے ۔ کہ شکل لحیان ( ÷ ) خانہ نہم میں ہے ۔ جو کہ بیرونی سفر سے تعلق رکھتا ہے ۔ ایک قاعدہ یہ بھی ہے ۔ کہ موجودہ زائچہ میں شکل لحیان ( ÷ ) کو دیکھو کہ کس خانہ میں ہے ۔ وہ جس خانے میں ہو ۔ وہ خانہ ضمیر کا ہوگا ۔

موجودہ زائچہ میں شکل لحیان ( ÷ ) خانہ نہم میں ہے ۔ شکل لحیان کا تعلق خروج سے ہے ۔ اور خانہ نہم کا تعلق بیرونی سفر سے ہے ۔ اسلئے سائل کو کہا گیا ۔ کہ آپکا سوال سفر کے بارے میں ہے ۔ اشکال ۱ - ۹ سعد خارج ہیں ۔ سفر ضرور ہوگا ۔ شکل خانہ سوئم نحس منقلب ہے ۔ اور خانہ چہارم جو کہ سائل کا گھر ہے ۔ شکل نحس خارج آئی ہے ۔ سائل کو بتایا گیا کہ آپ بیرونی ملک ضرور جائیں گے


Ghulam Yaseen



بیان کیا۔ کہ سائل کیلئے موجودہ مقام
بہتر نہیں ہے۔ مقام غیر بہتر ہے۔

(واللہ اعلم بالصواب)


## اشکالِ ثابت :




| | | |
|---|---|---|
| (—) | ١ | ا |
| | ٢ | ب |
| | ٤ | د |
| (—) | ٨ | ح |


اِن کو شناخت کرنیکا آسان طریقہ یہ ہے۔ کہ وہ شکل جسکے مقام ا اور ح دونوں میں زوج (—) ہو۔ ثابت اشکال کہلاتی ہیں :- سائل کا وہ سوال جنکا تعلق استقلال و قیام سے ہو۔ اگر خانہ مقصد میں یہ اشکال آجائیں۔ تو سائل کو اپنے مقاصد میں کامیابی ملتی ہے

مثلاً سائل نے سوال کیا۔ کہ مکان بنانا چاہتا ہوں کب تک بنے گا ؟
قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ بنا۔ قواعد کی رُو سے اسکا حل پیشِ خدمت ہے۔





ضرب چہارم و پانزدہم



نتیجہ سعد ہے۔ زائچہ میں موجود ہے۔ جو کہ خانہ ششم میں ہے۔ بیان کیا کہ پانچ سال کے بعد عالیشان مکان بنے گا۔

(واللہ اعلم بالصواب)

# اُصول و قواعدِ احکامات شغلیہ

زائچہ رمل میں کسی بھی سائل کا سوال ان چار اقسام سے باہر نہ ہوگا جب بھی کوئی سائل سوال کرے ۔ تو اُس پر غور کریں ۔ کہ سوال کس نوعیت کا ہے ۔ پھر خانہ مقصد کو دیکھیں ۔ کہ سوال کا تعلق کس خانے سے ہے ۔ پھر ان خانوں میں مقصد کی اشکال کو دیکھیں اگر ان خانوں میں مقصد کی اشکال آجائیں ۔ تو سائل کو کامیابی ہوگی ۔

١ ۔ ارادہ خروج ۔ اور خروج کے خارج ہونا ۔
٢ ۔ دخول ۔ قبضہ و دخل کے ہیں ۔ جنکا تعلق حصول یا وصول ہوتا ہے ۔
٣ ۔ انقلاب ۔ تغیر و تبدیلی
٤ ۔ ثبوت ۔ ثبوت کار و توقف

(١) خروج :۔ سے مراد سفر کرنا ۔ بیماری سے صحت پانا ۔ رہا ہونا ۔ حمل سے بچے کا باہر آنا
(٢) دخول :۔ سے مراد حصول مال وصال دوستاں نکاح ۔ کسی شئے پر قبضہ کرنا شادی وغیرہ
(٣) انقلاب :۔ سے مراد مکان بدلنا ۔ لباس بدلنا ۔ کسی دوسری جگہ جانا ۔
(٤) ثبوت :۔ سے مراد مکان بنانا ۔ باغ لگانا ۔ وہ باتیں جنکا تعلق استقلال و قیام سے ہو ۔

مزید تشریح کیلئے اس نقشے کو دیکھیں ۔ تاکہ بات سمجھ آجائے ۔

اگر کسی نے یہ باتیں یعنی اصول و قواعد احکامات شغلیہ کو سمجھ لیا ۔ تو آپکے لیے سائل کے ہر سوال کا جواب دینا آسان ہو جائیگا ۔ اسلئے رمل کے ان اصولوں کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیں ۔

Ghulam Yaseen

| نمبر شمار | سوالات کی اقسام | تشریح | مقاصد کی اشکال | داخل / خارج ثابت / منقلب | سوال کی نوعیت |
|---|---|---|---|---|---|
| (۱) | خروج | اوپر خروج کے و خارج ہونا | (•———) (••——) (•—•—) (•••—) | خارج | سفر کرنا ۔ بیماری سے صحت پانا ۔ قید و حوالات سے باہر آنا حمل سے بچے کا باہر آنا ۔ اگر سائل کا سوال اس نوعیت کا ہو ۔ تو خانہ مقصد میں یہ اشکال آجائیں ۔ تو سائل کو کامیابی ملے گی ۔ (سعد خارج سے آسانی کیساتھ نحس خارج سے بعد از دشواری) |
| (۲) | دخول | قبضہ حصول یا وصول | (—•—•) (———•) (——••) (—•••) | داخل | حصول مال ۔ وصول کرنا ۔ کسی شئے پر قبضہ کرنا ۔ آمد غائب ۔ شادی و نکاح ۔ اگر سائل کا سوال اس نوعیت کا ہوگا ۔ تو خانہ مقصد میں اگر یہ اشکال آجائیں تو حکم بر آنے کا ہوتا ہے ۔ |
| (۳) | انقلاب | تغیر و تبدیلی | (••—•) (•——•) (•—••) (••••) | منقلب | تبادلہ ۔ مکان بدلنا ۔ کسی دوسری جگہ پر جانا ۔ اگر سائل کا سوال اس نوعیت کا ہوگا ۔ تو خانہ مقصد میں اگر یہ اشکال آجائیں ۔ تو سائل کو اپنے مقصد میں کامیابی ملے گی ؛ منقلب سے ہونے نہ ہونے میں اندیشہ ۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (۴) | ثبوت | استحکام وثبات | [شکل] | ثابت | مکان بنانا۔ جائداد بنانا۔ باغ لگانا۔ وہ باتیں جن کا تعلق استقلال و قیام سے ہو۔ اگر سائل کا سوال اس نوعیت کا ہوگا۔ تو اگر خانہ مقصد میں یہ اشکال آجائیں۔ تو حکم بر آنے کا ہوتا ہے۔ (سعد ثابت سے آسانی کیا تو نحس ثابت سے بعد از دشواری) |

علمائے رمل نے رمل کی سولہ[۱۶] اشکال کو چار حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ خارج۔ داخل۔ منقلب۔ ثابت۔ سب سے پہلے ان چار اقسام میں سے یہ دیکھا جاتا ہے۔ کہ سائل کا سوال کس نوعیت کا ہے۔ جب یہ معلوم ہو جائے تو پھر خانہ مقصد میں اس طرح کی اشکال دیکھ کر سائل کے سوالوں کے جوابات دیے جاتے ہیں۔

جبکہ عمل کرنے یا تعویذات لکھنے کیلئے علمائے نجوم نے (سال بھر) بروجوں کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ جو کہ یہ ہیں:

(ا) منقلب بروج: حمل سرطان میزان جدی

(ب) ثابت بروج: ثور اسد عقرب دلو

(ج) ذوجسدین بروج: جوزا۔ سنبلہ قوس حوت (تفصیل آگے دیکھیں)

حضرت عباسؓ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے ایک دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ میں نے ایک آدمی کو دیکھا۔ کہ وہ بیٹھا ہوا ریت پر خط کھینچ رہے تھے۔ اور لوگ اُسے جھگڑتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا کہ یہ علم ایک پیغمبر پر نازل ہوا تھا پس جو شخص اس پیغمبر کے علم کے موافق اس علم کا استعمال کرے۔ تو موجبِ ثواب ہے۔


سال کے کس حصّہ میں کون سا عمل کیا جاسکتا ہے۔


| نمبر شمار | بروج کی ماہیت | تشریح | بروج | مدت | کس طرح کا عمل یا تعویز لکھنا چاہیئے |
|---|---|---|---|---|---|
| (۱) | منقلب بروج | وہ بروج جن میں شمس کو انقلاب آتا ہے۔ دن رات اور موسموں میں تبدیلی آتی ہے۔ | حمل<br>سرطان<br>میزان<br>جدی | ۲۲ مارچ تا ۲۰ اپریل<br>۲۲ جون تا ۲۳ جولائی<br>۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر<br>۲۳ دسمبر تا ۲۰ جنوری | عقیور اعداء بغض و نفاق - بلائی دشمن و سرگردانی جملہ انقلابی کام تبدیلی کرنا۔ کیے جاتے ہیں :۔ |
| (۲) | ثابت بروج | یہ بروج قیام کے ہیلاتے ہیں۔ اسمیں سورج کی رفتار کو قیام اور یکسانیت آ جاتی ہے۔ | ثور<br>اسد<br>عقرب<br>دلو | ۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی<br>۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست<br>۲۱ جنوری تا ۲۱ مارچ<br>۲۱ جنوری تا ۱۹ فروری | اگر عمل ثبات دولت افزدئی جاہ وعزت و مرتبہ کشش رزق کیے ہیں۔ تو اس ماہ میں کیے جاتے ہیں۔ وہ تمام کام جن میں ثبات درکار ہو۔ کریں۔ مثلاً گرہتہ کو باندھنا - جائداد کو تلف ہونے سے بچانا۔ زوجین کی محبت کو باندھنا وغیرہ۔ |
| (۳) | ذو جسدین بروج | ان بروج میں آفتاب کا اعتدال ہوتا ہے۔ یعنی نہ سعد نہ نحس۔ | جوزا<br>سنبلہ<br>قوس<br>حوت | ۲۲ مئی تا ۲۱ جون<br>۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر<br>۲۳ نومبر تا ۲۲ دسمبر<br>۲۰ فروری تا ۲۱ مارچ | حب و تسخیر ترقی اور کامیابی کیلئے اعمال کیے جاتے ہیں ان میں سے تین برج جوزا قوس حوت جوڑا جوڑا ہیں لہذا ان بروج میں دو شخصوں کو آپس میں ملا دینے کی تاثیر ہوتی ہے۔ شادی و تسخیر کے اعمال اس ماہ کیے جاتے ہیں |

Ghulam Yaseen

حاضرات کا علم بہت ہی وسیع ہے - ایک ایسا سمندر ہے . جسکا کوئی کنارہ نہیں ہے . کتابوں میں یہ علم نہ ہونے کے برابر ہے . جس سے راہنمائی لی جاسکے .

Ghulam Yaseen




نوٹ: باقی دائروں کی تفصیل کتاب "گرشتہ رمل" میں ملاحظہ فرمائیں ۔

Ghulam Yaseen

## عامل بنانے والی کتاب

# خلاصہ عملیات وتعویذات

مصنف
ملازم حسین

عامل بنانے والی کتاب

# خلاصہ عملیات و تعویذات

مصنف

ملازم حسین ماہرِ روحانیات

Ghulam Yaseen

| نمبر خانہ | زائچہ بروج میں گھروں کے منسوبات |
| --- | --- |
| خانہ نمبر ۱ | اس خانے کا نام بیت الطالع ہے۔ یہ خانہ منسوب ہے۔ نفس۔ جسم روح۔ صحت۔ رنج۔ ارادہ۔ حرکت۔ سکون۔ زندگی وحدت وتندرستی۔ غم وخوشی۔ ترقی وتنزلی۔ اس خانے سے سائل کی طالع کی سعادت اور نحوست دیکھی جاتی ہے۔ یہ خانہ بُرج حمل کہلاتا ہے۔ اور اسکا مالک ستارہ مریخ ہے۔ |
| خانہ نمبر ۲ | اس خانے کا نام بیت المال ہے۔ یہ خانہ منسوب ہے۔ رزق۔ غذا حال معاش۔ مال آمد وخرچ۔ دوائے مریض۔ قدوم غائب خرید وفروخت۔ نفع ونقصان۔ قرض دینا۔ قرض لینا۔ طالع فرزند شیرخوار۔ یہ خانہ بُرج ثور کہلاتا ہے۔ اور اسکا مالک ستارہ زہرہ ہے۔ |
| خانہ نمبر ۳ | اس خانے کا نام بیت الاقارب ہے۔ یہ خانہ منسوب ہے۔ بہن اور بھائی عزیز واقارب۔ نقل وحرکت۔ نقل مکانی۔ تعبیر خواب دن سفر نزدیک۔ سرکاری ملازمین کا تبادلہ۔ اتفاق ونفاق۔ بہن بھنوں سے۔ یہ خانہ بُرج جوزا کہلاتا ہے۔ اور اسکا مالک ستارہ عطارد ہے۔ |
| خانہ نمبر ۴ | اس خانے کا نام بیت الارض ہے۔ یہ خانہ منسوب ہے۔ گھر۔ مکان حویلی۔ دوکان۔ موجودہ مقام۔ دفینہ کا مقام زمین ومکان کی خرید وفروخت سعادت ونحوست مکان۔ حویلی۔ طالع باپ |

Ghulam Yaseen

## زائچہ رمل میں گھروں کے منسوبات

عمر سائل ۔ یہ خانہ برج سرطان کہلاتا ہے ۔ اور اسکا مالک ستارہ قمر ہے ۔

| | |
|---|---|
| خانہ نمبر ۵ | اس خانے کا نام بیت الاولاد ہے ۔ یہ خانہ منسوب ہے ۔ اولاد معشوق ۔ عشق و محبت ۔ حمل ۔ جوا ۔ خط و خبر ۔ آمدن منی آڈر وی پی ۔ حالت سٹہ والاٹری ۔ حیض عورت ۔ یہ خانہ برج اسد کہلاتا ہے ۔ اور اسکا مالک ستارہ شمس ہے ۔ |
| خانہ نمبر ۶ | اس خانے کا نام بیت الامراض ہے ۔ یہ خانہ منسوب ہے ۔ جادو سحر مرض ۔ تشخیص مرض جسمانی ہے ۔ یا کہ روحانی ؟ نوکر کیفیت حمل چور اشیاء گمشدہ ۔ بھید پوشیدہ ۔ باپ کی نقل و حرکت ۔ باپ کا نزدیک کا سفر ۔ باپ کے بھائی بہن ۔ یہ خانہ برج سنبلہ کہلاتا ہے ۔ اور اسکا مالک ستارہ عطارد ہے ۔ |
| خانہ نمبر ۷ | اس خانے کا نام بیت النساء ہے ۔ یہ خانہ منسوب ہے ۔ شادی و نکاح ۔ مقدمہ ۔ چوری ۔ مقام غائب ۔ حالت پوشیدہ ۔ حالات غائب کے ۔ حالت مخالفین کے ۔ حالت زوجہ کے آنا یا نہ آنا ۔ غائب کا ۔ حالت پردادا ۔ حلیہ چور ۔ یہ خانہ برج میزان کہلاتا ہے ۔ اور اسکا مالک ستارہ زہرہ ہے ۔ |
| خانہ نمبر ۸ | اس خانے کا نام بیت الخوف ہے ۔ اور یہ خانہ منسوب ہے ۔ حال عیب ۔ خطرات وحدت ۔ احوال مرگ ۔ بیمار و قتل و |

| نمبر خانہ | زائچہ رحل میں گھروں کے منسوبات ۔ |
| --- | --- |
| | خونریزی ۔ لوٹ مار مال عورت ۔ مال غائب چور کا اور معشوق پدر کا قرض لینا ۔ لڑائی جھگڑا ۔ خون بہانا ۔ قتل ہونا ۔ معشوق کا مکان ۔ یہ خانہ بُرج عقرب کہلاتا ہے ۔ اور اسکا مالک ستارہ مریخ ہے ۔ |
| خانہ نمبر ۹ | اس خانے کا نام بیت السفر ہے ۔ اور یہ خانہ منسوب ہے ۔ سفر دور دراز اسلام ۔ تعبیر خواب شب کی ۔ نکاح حال مسافر ۔ صدقہ خیرات حج و زیارت ۔ زہد و تقویٰ ۔ عبادت ۔ مرض پدر ۔ سعادت و نحوست سفر ۔ حاضرات آسیب و جنات ۔ حالات بھاوجہ یا بہنوئی ۔ حالات برادر عورت یہ خانہ بُرج قوس کہلاتا ہے ۔ اور اسکا مالک ستارہ مشتری ہے ۔ |
| خانہ نمبر ۱۰ | اس خانے کا نام بیت الرزق ہے ۔ اور یہ خانہ منسوب ہے ۔ جاہ و مرتبہ و منزلت ۔ طلب ملازمت ۔ حال برادر و پدر و اُستاد علاج طبیب ۔ پرہیز مریض ۔ حال پیر و مُرشد ۔ زن غائب مقام چور ۔ بیماری اولاد ۔ سائل کی زوجہ کا مکان ۔ سوتیلی ماں کے حالات ۔ چچا کے بیٹے ۔ یہ خانہ بُرج جدی کہلاتا ہے ۔ اور اسکا مالک ستارہ زحل ہے ۔ |
| خانہ نمبر ۱۱ | اس خانے کا نام بیت الامید ہے ۔ یہ خانہ منسوب ہے ۔ اُمید دوست قدیم ۔ داماد لڑکے کی شادی ۔ بڑا بھائی بہن ۔ |

Ghulam Yaseen

| زائچہ رمل میں گھروں کے منسوبات | نمبر خانہ |
| --- | --- |
| خلاصی قیدی ۔ حالات شوہر دختر ۔ حال آنے نہ آنے غائب کا تعمیر عمارت ۔ حال پدر ۔ زکوٰۃ و نقش و نتیجہ عملیات ۔ یہ خانہ برج دلو کہلاتا ہے ۔ اور اسکا مالک ستارہ زحل ہے ۔ | |
| اس خانے کا نام بیت الاعداء ہے ۔ اور یہ خانہ منسوب ہے ۔ دشمن حاسد ۔ قرض خواہ ۔ حالاتِ قیدی ۔ حالاتِ چارپایہ ۔ حالاتِ قید خانہ ۔ رہائی و مشقت قیدی ۔ مرض عورت ۔ حالاتِ صلح و اتفاق اعداء لین دین قرض ۔ یہ خانہ برج حوت کہلاتا ہے ۔ اور اسکا مالک ستارہ مشتری ہے ۔ | خانہ نمبر ۱۲ |
| اس خانے کا نام بیت السعی ہے ۔ اور یہ خانہ منسوب ہے سعی و تدبیر ۔ طلب ~~حاجت~~ طالب ۔ حالات سفر فرزند ۔ حالاتِ دشمن کے دل کے ، حالات شوہر کے دوسرے نکاح کے ۔ یہ خانہ حکم خانہ اول رکھتا ہے ۔ اور موافق طبع و منسوبات خانہ اول ہے ۔ اور گواہ خانہ اول ۔ پنجم اور خانہ نہم ۔ جو کہ آتشی خانے ہیں ۔ یہ خانہ برج حمل کہلاتا ہے ۔ اور اسکا مالک ستارہ مریخ ہے ۔ | خانہ نمبر ۱۳ |
| اس خانے کا نام بیت المطلوب ہے ۔ یہ خانہ ساتھ نفس ضمیر کے اور جو چیز کہ سائل سے سوال کی جائے ۔ حالات گفت و شنید ہر قسم کے اور خبر ہائے غیبی ہر قسم کے اور سبب کار ہائے غیبی کے | خانہ نمبر ۱۴ |

Ghulam Yaseen

| زائچہ رمل میں گھروں کے منسوبات | نمبر خانہ |
|---|---|
| اور دشمن برادر کے ۔ رنج و صعوبات سفر ۔ یہ خانہ موافق طبع اور منسوبات خانہ چہارم کے ہے ۔ اور گواہ خانہ دوم ششم اور دہم جو کہ بادی خانے ہیں ۔ برج اسکا ثور ہے ۔ اور ستارہ اسکا زہرہ ہے ۔ | |
| اس خانے کا نام بیت القاضی ہے ۔ منسوب ہے ۔ ساتھ فرح اکبر کے میزان امتزاج ۔ آئینہ رمل بھی اسے کہتے ہیں ۔ اگر سوال ہو کہ دعویٰ کروں یا نہ کروں ۔ اس خانے سے بیان کریں ۔ یا اس سے مشورہ کروں نہ کروں اس خانہ سے حکم کریں ۔ اسکے منسوبات خانہ ہفتم کے مطابق ہیں ۔ یہ گواہ ہے ۔ خانہ سوم ۔ ہفتم اور یازدہم کا ۔ کیونکہ یہ خانے آبی ہیں ۔ مقدمہ یا مشورہ کرنے کے حالات ۔ یہ خانہ برج جوزا کہلاتا ہے ۔ اور اسکا ستارہ عطارد ہے ۔ | خانہ نمبر ۱۵ |
| اس خانے کا نام بیت الانجام ہے ۔ اسے بیت العاقبت بھی کہتے ہیں ۔ ساتھ انجام کاموں کے اور عاقبت کا سبب سب امروں کا یہ کام کروں یا نہ کروں ۔ یا جو میرے حق میں بہتر ہو ۔ وہ کروں نفع و نقصان ہر کام ۔ یہ خانہ گواہ ہے ۔ چوتھے ۔ آٹھویں ۔ اور بارھویں کا یہ خانے خاکی ہیں ۔ یہ خانہ برج سرطان کہلاتا ہے ۔ اور اسکا ستارہ قمر ہے :۔ | خانہ نمبر ۱۶ |

Ghulam Yaseen

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| آٹا بکتا دیکھنا ۔ | جس شخص کو بیچتے دیکھے وہ دین کو دنیا کے عوض فروخت کرے ۔ |
| آٹا چھنتا دیکھنا | عورت سے دوستی ہو ۔ دنیا میں مشہور ہو ۔ |
| آٹا جو کا دیکھنا | ترقی دین کا باعث ہو ۔ نیک نام ہو ۔ غم دور ہو ۔ |
| آٹا گندم اڑتا دیکھنا | مال حلال حاصل ہو ۔ کام میں ترقی ہو ۔ غیب سے مدد ملے ۔ |
| آباد مسجد دیکھنا | دین دار ہو ۔ اسلام کا خادم ہو ۔ عقبیٰ میں نجات پائے ۔ |
| آباد مدرسہ دیکھنا | ملک میں تعلیم عام ہو ۔ علم حاصل کرنیکی کوشش کرے ۔ |
| آباد خانقاہ دیکھنا ۔ | غیب سے مدد ملے ۔ دولت مند ہو ۔ بزرگوں کی خدمت کرے ۔ |
| آباد جگہ کو غیر آباد دیکھنا | مصیبت و آفت نازل ہونیکی نشانی ہے ۔ |
| آباد مکان گرتے دیکھنا | گھر کے مالک کی موت واقع ہو ۔ مصیبت پیش آئے ۔ |
| آبلہ دیکھنا | زیادتی مال اور تجارت میں نفع ہو ۔ |
| آبلہ سفید دیکھنا | دلی مراد پوری ہو ۔ شادی جلد ہو جائے ۔ اولاد پیدا ہو ۔ |
| آبنوس دیکھنا | محنت و مشقت میں کامیاب ہو ۔ مال و منال حاصل کرے لیکن بخیل ہوگا ۔ |
| آبنوس گھر میں دیکھنا | خوبصورت عورت سے شادی ہو ۔ مال ہاتھ آئے ۔ |
| آتش دان دیکھنا | لوہے کا آتش دان ہو تو اپنے خاندان کی عورت سے شادی کرے ۔ |
| آتش دان مٹی کا دیکھنا | مغرور عورت ملے ۔ شرک و کفر میں مبتلا ہو ۔ |
| آتشیں شعلہ دیکھنا | رنج و غم میں مبتلا ہو کہ کوئی بیرونی مصیبت پیش آئے |
| آتشیں شعلہ شہر میں یا محلہ میں دیکھنا | جنگ و جدل اور فتنہ فساد ہونے کی دلیل ہے ۔ |
| آتش کدہ دیکھنا | گمراہ ہونیکا اندیشہ ہو ۔ فکر و رنج میں مبتلا ہو ۔ |
| آدمی موٹا دیکھنا | تونگر ہو ۔ دولت مندوں میں شامل ہو ۔ |
| آدمی لاغر دیکھنا | تنگدستی ہو ۔ درویشی اختیار کرے ۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| آرہ درخت پر چلانا | خسارت کی دلیل ہے ۔ پریشانی حاصل ہو ۔ |
| آرہ کسی عزیز پر چلانا | کسی کے ملنے کی دلیل ہے ۔ خوش نصیب ہو ۔ |
| آگ کو بجھتا دیکھنا | اگر گھر میں دیکھے تو خاندان میں فساد ہو ۔ حقارت و نفرت پیدا ہو ۔ |
| آگ کی پوجا کرنا | ظالم حاکم محکوم ہو ۔ رنج و تکلیف سے محفوظ ہو ۔ |
| آگ تنور میں دیکھنا | عورتوں کی صحبت اختیار کرے ۔ بے عزت ہو ۔ مگر مالدار ہو ۔ |
| آگ پر کچھ پکاتا دیکھنا | منفعت بے حساب ہو ۔ صرف بیجا سے اجتناب کرے ۔ |
| آگ میں کپڑا جلنا | آنکھوں کو نقصان ہو ۔ مال کیلئے سرگرداں ہو ۔ |
| آب جاری دیکھنا | جو کام کرتا ہو ۔ یا ارادہ ہو ۔ یا انتظام ہو ۔ بخیر انجام پائے ۔ |
| آب چاہ دیکھنا | فائدہ مند ہو ۔ فتنہ فساد سے محفوظ رہے ۔ |
| آب شور دیکھنا | فکر اندیشہ لاحق ہو ۔ مبتلاء رنج ہو ۔ خلائق سے خائف ہو ۔ |
| آبگینہ دیکھنا | غم و اندیشہ سے بے قرار ہو ۔ دشمن سے بے خبر |
| آب مصفا دیکھنا | درازی عمر حصول خوشی و عیش و نعمت عزت مرتبہ ملے ۔ بیمار ہو تو شفا پائے |
| آب مکدر دیکھنا | عمر کوتاہ ہو ۔ رنج و ملال ہو ۔ یا عورت بدخصلت ملے ۔ جماعت سے گھبرائے |
| آفتاب روشن دیکھنا | ترقی مدارج جلیل ہے ۔ بہتری جان و مال کی دلیل ہے |
| آفتاب پر ابر دیکھنا | غمگین و ملول ہو ۔ فکر و اندیشہ حصول ہو ۔ |
| آفتاب طلوع ہوتا دیکھنا | نئی زندگی کا آغاز یعنی حصول دولت عزت سرداری ملے ۔ آرام پائے |
| آفتاب نصف النہار دیکھنا | کمال عروج حاصل ہو ۔ سرداروں میں شامل ہو ۔ عادل ہو دولت مند ہو ۔ |
| آفتاب غروب ہوتے دیکھنا | بے عزت ہو ۔ مفلسی بے روزگاری ۔ بیماری میں مبتلا ہو ۔ |
| آلو زرد دیکھنا | بیماری میں مبتلا ہو ۔ پریشانی اٹھائے ۔ |
| آلو کھاتے دیکھنا | باعث آسائش سے مال و دولت حاصل ہو ۔ آرام پائے ۔ |
| آم دیکھنا | فرزند پیدا ہو ۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| آلو بخارا دیکھنا | موسم میں دیکھے تو حسب مراد ترقی مال و منازل ہاتھ آئے۔ اگر بے موسم ہو، تو تکلیف اٹھائے۔ بیماری میں مبتلا ہو۔ |
| آلو چہ خشک دیکھنا | دفن شدہ مال ملنے کی علامت ہے۔ یا کسی یتیم کا مال کھائے۔ |
| آم کھاتے دیکھنا | رزق میں ترقی ہو۔ غیب سے مدد ملے پریشانی دور ہو۔ |
| آم کا درخت دیکھنا | مالدار ہو۔ نعمت ہاتھ آئے۔ اولاد زیادہ ہو۔ سفر اختیار کرے۔ |
| آم کا درخت سوکھا دیکھنا | باعث پریشانی ہے۔ تمام امیدوں پر پانی پھر جائے۔ |
| آم گرتا دیکھنا | بے روزگاری کی دلیل ہے۔ |
| آرہ خریدنا | فرزند پیدا ہو۔ یا مویشی خریدے۔ |
| آڑو کا درخت دیکھنا | مال و دولت ملنے کی بشارت ہے۔ لڑکی پیدا ہو۔ |
| آڑو میٹھا دیکھنا | مال و نعمت حاصل ہو۔ نیک بخت فرزند پیدا ہو۔ |
| آزاد ہوتا دیکھنا | قید ہو۔ تو رہائی پائے۔ غلامی سے نجات حاصل ہو۔ گناہوں سے توبہ کرے۔ |
| آزار بند دیکھنا | عورت ملے جس سے آرام پائے۔ |
| آزار بند خریدنا | عورت پاکیزہ ہاتھ آئے۔ عیش و آرام حاصل ہو۔ |
| آزار بند گم ہونا۔ | عورت پاکیزہ چھوٹ جائے۔ |
| آزار بند نیا دیکھنا | قوت مردمی زیادہ ہو۔ اگر آزار بند دیکھے تو نامردی ہو۔ |
| آسمان سفید دیکھنا | دنیا میں وبا پھیلے۔ |
| آسمان سرخ دیکھنا | ملک میں خونریزی ہو۔ جنگ چھڑنے سے تکلیف درپیش آئے۔ |
| آسمان سیاہ دیکھنا | ملک میں قحط پڑ جائے۔ بھوک سے لوگ پریشان ہوں گے |
| آسمان سے بارش ہوتے دیکھنا | ملک میں خوشحالی ہو۔ لوگ آرام پائیں و دولت عام ہو۔ نعمت حاصل ہو۔ راحت ہو |
| آسمان روشن دیکھنا | ترقی و کامرانی کا علامت ہے۔ نیکی کی راہ پر چلے سعادت مند ہو۔ |
| آسمان پر ٹنگنا | کاروبار میں ترقی ہو۔ اگر اترتا دیکھے۔ تو کاروبار وسیع ہو۔ عزت حاصل ہو۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| آسمان میں غائب ہونا | موت آنے کی علامت ہے ۔ |
| آسمان سے گرنا ۔ | کسی مصیبت میں مبتلا ہو ۔ رنج و بلا میں گرفتار ہو ۔ |
| آسمان کی طرف جانا ۔ | سفر درپیش لاریب ہو ۔ جس سے حاصل فتوح عنقریب ہو ۔ |
| آسمان کے قریب پہنچنا | دارین کی بزرگی اور حصول راحت و شان ہو ۔ |
| آگ یا آتش دیکھنا | عورت مال دار صاحب حشمت پائے یا بارش ہو ۔ جس سے خوشحالی ہو ۔ |
| آستانہ سلامت دیکھنا | عزت و بزرگی ملے گی قبیلہ میں سردار ہو ۔ |
| آستانہ گرتے دیکھنا | اگر اوپر کا گرے ۔ تو صاحب خانہ پر وبال آئے یا موت وارد ہو ۔ |
| آستانہ بوسیدہ دیکھنا | نیچے کا گرے یا خراب دیکھے ۔ عورت پر وبال آئے یا موت وارد ہو ۔ |
| آستانہ بدلتے دیکھنا | پہلی عورت کو چھوڑ دے نئی شادی کرے ۔ |
| آستانہ خوشنما دیکھنا | عزت پائے دولت بے اندازہ ہاتھ آئے ۔ دولت مند ہو ۔ |
| آفتاب دیکھنا (دیکھو زن) | عورت ملے طہارت اختیار کرے ۔ درازی عمر کی دلیل ہے ۔ |
| آگ روشن دیکھنا | جس قدر روشن دیکھے ۔ بزرگی ہو ۔ دولت مند ہو ۔ ترقی حاصل کرے ۔ |
| آگ کی روشنی میں چلنا | دولت ملے ۔ عزت حاصل ہو ۔ نیکی کا راستہ اختیار کرے ۔ |
| آم کسی کو دیکھنا | جس کو دے اس سے فیض حاصل ہو ۔ |
| آنسو بہتے دیکھنا | شادی یا خوشی کا موجب غم دور ہوں ۔ راحت پائے ۔ |
| آنسو بغیر روئے بہتا دیکھنا | طعن زنی میں بدنام ہو مبتلائے رنج و آلام ہو ۔ |
| آنکھوں میں گرد پڑنا ۔ | بغیر مشقت و تکلیف کے مال حلال پائے ۔ |
| آنکھیں روشن دیکھنا | کسی بزرگ سے فیض ہو ۔ متقی و پرہیزگار ہو ۔ |
| آنکھ ایک اندھی دیکھنا | ضعف دین یا ضعف مال یا ضعف جسم کو نقصان ہو ۔ |
| آنکھوں میں سرمہ لگانا | دین پر عامل ہو نیکی دلیل ہے ۔ نیک لوگوں میں شمار ہو ۔ |
| آنکھ دکھاتے دیکھنا | دکھ اٹھائے ۔ راحت چھوٹ جائے ۔ تکلیف میں مبتلا ہو ۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| آنکھ میں سفیدی دیکھنا | غم و اندوہ میں مبتلا ہو۔ جسقدر سفیدی زیادہ دیکھے اسقدر پریشان ہو۔ |
| آواز مرد کی سننا | بزرگی حاصل ہو۔ نیک بخت ہو۔ |
| آواز عورت کی سننا | اگر آواز پست ہو۔ تو بہتری ہے۔ آواز بھاری سننے تو پریشانی اٹھائے۔ |
| آواز جانوروں کی سننا | باعث پریشانی ہے۔ مصیبت پیش آتی ہے۔ |
| آواز دور سے سننا | سفر در پیش آئے۔ اگر آواز کرخت ہو۔ تو تکلیف اٹھائے۔ اور نرم ہو۔ تو راحت و آرام پائے۔ سود مند ہو۔ بخیریت واپس لوٹ آئے۔ |
| آندھی دیکھنا | وبا پھیلے۔ لوگ تکلیف پائیں۔ باعث پریشانی ہو۔ |
| آندھی میں اپنے کو گرفتار دیکھنا | کسی مصیبت سخت میں گرفتار ہو۔ رنج و بلا میں مبتلا ہو۔ یا قید ہو جائے۔ جس سے تکلیف اٹھائے۔ |
| آندھی سرخ دیکھنا | جنگ و جدل ہو۔ باعث رنج و ملال ہو۔ فتنہ فساد عام ہو۔ |
| آئینہ دیکھنا | دوست یا خدمت گار رفیق ہے۔ دلی تمنا بر آئے فکر و اندیشہ دور ہو۔ |
| | **ب** |
| بات عربی میں کرنا | دین دار ہو۔ علم دین حاصل کرے۔ عربوں سے محبت ہو۔ |
| بات پنجابی میں کرنا | گنواروں میں شامل ہو۔ بے علم رہے۔ |
| بات اردو میں کرنا | لیاقت زیادہ ہو۔ تعلیم پائے عزت حاصل ہو۔ |
| بات ہندی میں کرنا | حساب دانی میں کمال حاصل ہو۔ سود کھائے ہندو قوم کا ہمنوا ہو۔ |
| بات عبرانی میں کرنا۔ | مال وراثت ملنے کی توقع ہے۔ |
| باجا بجانا یا سننا | دین سے بے بہرہ ہو۔ دنیا میں مشغول ہو۔ |
| باجرہ کی روٹی کھانا | دلی مراد بر آنے کا موجب ہے۔ رزق میں فراخی ہو۔ |
| باجرہ دیکھنا | کسی قدر خیر و برکت کا باعث ہو۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| بادام کی گری دیکھنا | خیر نعمت کا باعث ہے۔ |
| بادام دیکھنا | ترقی و دولت کی دلیل ہے۔ امید عمدہ جلیل ہے۔ |
| بادشاہ کو بدمزہ دیکھنا | نقصان ہو اندیشہ سے حیران ہو صدقہ دیکر بلائیں دور ہوں۔ |
| بادشاہ کو بخیر جگہ دیکھنا | ضوابط اور آئین نو اسکے ملک میں جاری ہوں۔ |
| بادشاہ دیکھنا | دولت و نعمت پائے۔ ثروت و حکومت ہاتھ آئے۔ |
| بادشاہ کے ساتھ کھانا | درازی عمر و ترقی دولت کا سبب ہے۔ دافع رنج و تعب ہے۔ اور بلند مرتبہ ہو۔ عزت حاصل ہو۔ |
| بادشاہ کا بیمار ہونا | خویش و اقارب سے مفارقت ہو۔ بیمار دیکھے تو رحلت ہو۔ |
| بادشاہ سلطان دیکھنا | خیر و برکت حاصل ہو۔ ملک میں احکام شرعی جاری ہوں۔ |
| بادشاہ سے گفتگو کرنا | بلند مرتبہ پائے۔ عزت و مرتبت پائے۔ عیش و آرام پائے۔ |
| بارہ برج دیکھنا | علوم و حکمت حاصل ہو۔ بہت سے کاموں میں شامل ہو۔ |
| برج حمل اسد قوس دیکھنا | شاہی فوج سے تعلق ہو۔ نفع حاصل ہو۔ عہدہ پائے۔ |
| برج ثور سنبلہ جدی دیکھنا | شہزادگی سے تعلق ہے۔ وزراء امراء سلطنت سے منفعت پائے۔ |
| برج جوزا میزان دلو دیکھنا | علم دین و علم دنیا حاصل کرے۔ شہرت عام ہو۔ |
| برج سرطان عقرب حوت دیکھنا | ملازمت حاصل ہو۔ یا بہتر روزگار ہو۔ |
| باز سفید دیکھنا | عزت و توقیر حاصل ہو۔ قبیلہ میں سردار ہو۔ |
| باز چھت یا درخت پر دیکھنا | بادشاہ سے انعام حاصل ہو۔ بلند مرتبہ بزرگی ملے۔ |
| باز گھر میں چھپا دیکھنا | لڑکا پیدا ہونیکی علامت ہے۔ یا مدفون دولت ہاتھ آئے۔ |
| باز پکڑ کر مارتا دیکھنا | ملازم ہو تو برخواست ہو۔ روزگار بند ہو جائے۔ پریشانی اٹھائے۔ |
| باز ہاتھ سے اڑ جانا | بنا بنایا کام بگڑ جائے۔ پریشانی ہو۔ یا بیوی سے مفارقت ہو۔ |
| بازو بند یا دیکھے پہنے | کسی سے مدد پہنچنے کی توقع ہے۔ باعث مسرت ہے۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| بازو بند چاندی کا دیکھنا | مرد کے لیے فائدہ مند ہے۔ |
| بازو بند سونے کا دیکھنا | مرد دیکھے یا پہنے تو رنج وغم اٹھائے۔ عورت کیلئے فائدہ مند ہے۔ |
| بازو بند ٹوٹ جانا یا گر پڑنا دیکھنا | دائیاں ٹوٹے تو بھائی کی موت ہونیکا باعث ہو۔ اگر بائیاں ٹوٹے تو بہن یا عزیز یا کسی دوست کی موت واقع ہو۔ |
| بانٹنا دیکھنا | لوگوں میں منصف مزاج اور عادل شمار ہو۔ |
| باورچی بننا | خیر و برکت کا سبب ہے۔ نعمت بے اندازہ پائے۔ |
| بت پوجنا | مجرم یا مشرک ہو۔ دین میں فساد پیدا کرے۔ بدنام ہو۔ |
| بت چاندی کا دیکھنا | حسب منشا عورت ملے۔ راحت حاصل ہو۔ |
| بت لوہے یا پیتل کا دیکھنا | دین کے بہانے دنیاوی فائدہ حاصل کرے۔ منافق ہو۔ |
| بت لکڑی کا دیکھنا | افلاس و تنگی اٹھائے۔ بدنیت ہو۔ کام سے کنارہ کش ہو۔ |
| بت گھر میں دیکھنا | مفلسی اور حیرانی کا باعث ہے۔ دین سے پرہیز کرے۔ |
| بجلی ایک جگہ گرنا | جس جگہ گرتی دیکھے اسجگہ عذاب الہی نازل ہو۔ |
| بجلی کا قمقمہ دیکھنا | اگر روشن دیکھے تو کامیابی کی دلیل ہے۔ یا لڑکا پیدا ہو۔ |
| بچھو دیکھنا | کسی عزیز سے دشمنی پیدا ہو۔ رنج و ملال پیدا ہو۔ تکلیف اٹھائے۔ |
| بچھو کا کاٹتے دیکھنا | دشمن سے نقصان اٹھائے پریشانی اٹھائے۔ |
| بچھو کو مارتا دیکھنا | دشمن سے لڑائی ہو۔ بالآخر غالب آئے۔ |
| بچھو سے ڈرتا دیکھنا | دشمن سے خائف ہو پریشان حال ہو۔ |
| بچھو ڈستا دیکھنا | دشمن سے گزند اٹھائے۔ |
| باغ دیکھنا | خوشی حاصل ہو۔ راحت پائے۔ غم دکھ کافور ہو جائے۔ |
| باغ پھل دار دیکھنا | دولت و ثروت ہاتھ آئے۔ کاروبار میں ترقی ہو۔ آرام پائے |
| باغ پر موسم خزاں دیکھنا | کاروبار میں تنزل آئے۔ تکلیف رنج و ملال میں مبتلا ہو۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| باغ سے پھل توڑنا | مال و دولت جمع کرے۔ کاروبار وسیع ہو۔ |
| بال سر کے لمبے دیکھنا | عورت دیکھے تو زینت و حسن میں یکتا ہو۔ مرد دیکھے تو آزردہ ملول ہو۔ |
| بال سر کے کٹے دیکھنا | رنج و تکلیف سے نجات پائے۔ خوشی میسر ہو۔ بیمار ہو تو صحت پائے |
| بال سر کے اکھڑتے دیکھنا | مال ضائع کرے پریشان ہو۔ روزگار کی فکر میں سرگرداں ہو۔ |
| بالوں سے گنجا سر دیکھنا | مال و زر جمع کرے۔ عقل مند دانا ہو۔ عزت پائے۔ |
| بالوں میں کنگھی کرنا۔ | نفع حاصل ہو۔ راست بازی مبہم۔ عقل مند۔ |
| بالی (خوشہ) تازہ دیکھنا | فرزند اور رزق حاصل ہو۔ راحت و آرام پائے۔ |
| بالی خشک دیکھنا | تنگ دستی اور قحط کا باعث ہو۔ پریشانی اٹھائے۔ |
| بام پر چڑھتا دیکھنا | مرتبہ عزت و بزرگی ملے۔ بلند بخت ہو نیکی دلیل ہے۔ |
| بام پر کھڑا ہوا دیکھنا | عزت دولت بزرگی حاصل ہو۔ قوم کا سردار ہو۔ |
| بام سے اترتا دیکھنا | تنزل ذلالت سے پریشان ہو۔ سخت پشیمان ہو۔ |
| بام پر کسی کو دیکھنا | جسکو دیکھے اس سے فائدہ حاصل ہو۔ |
| بان سے چارپائی بننا | مشکلات اور محنت و مشقت میں پھنسے اور تکلیف اٹھائے۔ |
| بان منجھ کا دیکھنا | تکلیف اور رنج و الم کا باعث ہے |
| بخار دائمی میں دیکھنا | گناہ و فسق و فجور میں غرقاب ہو۔ عاقبت خراب ہو۔ |
| بخشش پانا | اگر کوئی چیز عطیہ دے۔ تو موجب خیر و برکت ہے۔ دولت پائے۔ |
| بخشش میں بُری چیز | فتنہ فساد میں مبتلا ہو۔ رنج و غم اٹھائے۔ |
| بدہضمی ہوتا دیکھنا | مال حرام کھائے۔ اور فساد کرے۔ لیکن آخر کار تائب ہو۔ |
| بردہ فروشی کرنا | اگر خرید و فروخت میں مصروف ہو تو مال حرام اکٹھا کرے۔ |
| بردہ خوبصورت خریدنا | دولت و زر اکٹھی کرے۔ مال دار شوم و بخیل ہو۔ |
| بالا خانہ دیکھنا | قدر مرتبہ عالی پائے۔ حکومت ہاتھ آئے |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| بال سفید دیکھنا | وقار حاصل ہو۔ بلند مرتبہ ہو۔ علم و بزرگی حاصل کرے۔ |
| بیضہ مرغ دیکھنا | عورت خوبصورت ملے۔ یا دوست سے راحت ملے۔ |
| بچھونا زمین پر کرنا | عمر دراز ہو۔ راحت باز ہو۔ |
| برف کھانا | دل کو خوشی و سرور ہو۔ ملال خاطر دُور ہو۔ |
| برج دیکھنا | خوف و آفت پیش آئے۔ مگر جلدی نجات پائے۔ |
| بوڑھا آدمی دیکھنا | درازی عمر کی نشانی ہے۔ جتنا بزرگ دیکھے اسقدر بلند مرتبہ پائے۔ |
| بزاز دیکھنا | نقدی زر و مال ہاتھ آئے۔ خوشی نصیب ہو۔ |
| بزاز سے کپڑا لیتا دیکھنا | اگر بے قیمت ہے۔ تو نقصان اُٹھائے۔ اگر قیمت دے تو فائدہ اُٹھائے۔ |
| بستر پر بیٹھنا | عزت حاصل ہو۔ دولت مندوں میں شامل ہو۔ آرام پائے۔ |
| بطخ سفید دیکھنا | مالدار عورت ملے۔ عمر خوشی سے بسر ہو۔ |
| بطخ حلال کرنا دیکھنا | عورت مالدار ملے۔ زندگی خوش خرم بسر ہو۔ |
| بغل گیر دشمن سے ہونا | صلح ہونیکی دلیل ہے۔ دشمن دوست بن جائیں۔ |
| بغل سے بدبو آنا | حرام مال پائے یا بغض اور کینہ پرور ہو۔ |
| بغلوں میں ہاتھ دینا | فتح یابی راحت و مسرت ہاتھ آئے۔ |
| بکری پانا یا خریدنا | عورت ملے دولت ہاتھ آئے۔ فراخی رزق ہو۔ |
| بکری کا گوشت کھانا | مال و دولت نعمت پائے۔ خوشی نصیب ہو۔ |
| بکری مردہ دیکھنا | دولت میں کمی ہو۔ رنج و مصیبت پیش آئے۔ |
| بگل دیکھے۔ | غلام یا کنیز یا بیٹے کے متعارف ہو۔ یعنی خوش گفتار فرزند یا غلام ملے۔ |
| بگلا دیکھنا یا پکڑنا | کسی عورت سے نفع ہو۔ مالدار ہو۔ |
| بلبلیں دیکھنا | سرپرستی نصیب ہو۔ سردار یا امیر مقرر ہو۔ |
| بلبل پکڑنا۔ | خوش خلق ہر دلعزیز اور بزرگی کی دلیل ہے۔ آرام و راحت پائے۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| بلغم منہ سے نکلنا | بیماری سے تندرست ہونیکی علامت ہے ۔ |
| بلغم خون آلودہ نکالنا | نقصان و تکلیف اٹھائے ۔ پریشانی پائے ۔ |
| بلور دیکھے | ایسی عورت سے شادی ہو ۔ جس سے بیاہ نہ ہوگا ۔ |
| بلوط کا درخت دیکھے | حلال رزق نفع و ترقی روزگار ہو ۔ |
| بلوط کا ذخیرہ دیکھنا | عمر کا زیادہ حصہ خوشی و راحت میں بسر ہو ۔ عزت پائے ۔ حصول مال زر ہو ۔ |
| بلی چوری ہوتا دیکھنا | فساد ہونیکا سبب ہے ۔ پریشانی دیکھے ۔ |
| بندر دیکھنا | کسی سے دشمنی پیدا ہو ۔ |
| بندر کو جھپٹتا دیکھنا | سخت آفت آئے ۔ بیماری میں مبتلا ہو ۔ |
| | **پ** |
| پازیب چاندی کی پہننا | اگر عورت دیکھے تو شوہر کرے ۔ اگر مرد دیکھے تو سردار ہو ۔ |
| پازیب سونے کی پہننا | اگر عورت دیکھے تو دولت پائے ۔ اگر مرد دیکھے تو ذلیل و خوار ہو ۔ |
| پازیب اتارنا | شوہر سے ناچاقی ہو جائے طلاق لے |
| پالان پشت پر دیکھنا | عورت سخت ملے ۔ تکلیف پائے عورت سے مغلوب ہو ۔ |
| پالان پر بیٹھنا | عورت تابع و فرمان ہو ۔ آرام پائے ۔ |
| پالان گم جانا ۔ | عورت چھوٹ جائے ۔ یا اغوا ہو جائے ۔ |
| پانی میں نہاتا دیکھنا | بیمار ہو۔ تو شفا پائے ۔ اگر تندرست دیکھے تو کامیابی حاصل ہو ۔ |
| پانی میٹھا پینا | درازی عمر پائے نیک بختی نصیب ہو ۔ |
| پانی دریا کا پینا | بادشاہ وقت یا حکومت سے فائدہ حاصل ہو ۔ |
| پانی گدلا پینا | بیماری ہونے کی علامت ہے ۔ باعث پشیمانی |
| پانی دریا کا تمام پینا | حکومت حاصل ہو ۔ یا سرداری ملے ۔ عزت و دولت مندی پائے ۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| پانی پمپ سے پینا دیکھنا | رزق حاصل ہو۔ بیمار دیکھے تو صحت پائے۔ |
| پاؤں کٹا دیکھنا | مال ضائع ہونے کا سبب ہے۔ پامال و خستہ حال ہو۔ |
| پاؤں ٹوٹے دیکھنا | جان جانے کا خطرہ لاحق ہے۔ مصیبت و پریشانی اٹھائے۔ |
| پاؤں اپنے دیکھنا | عیش و عشرت، جدوجہد، عمر طلب حال قوت سفر کا باعث ہوگا۔ |
| پاؤں میں نیا جوتا پہننا | عورت نیک خصال باکرہ ملے۔ |
| پاؤں میں تنگ جوتا پہننا | عورت بد خصلت ملے۔ بیوہ یا مطلقہ سخت اور بدمزاج ملے گی۔ |
| پاؤں چرند یا پرند جیسے دیکھنا | قصد سفر بے سود کرے۔ حیرانی کے سوا کچھ نہ ملے۔ مال حرام پائے۔ ظلم و ستم کے سوا کچھ نہ ملے کوئی کام نہ کرے۔ ڈاکو راہزن چور ہو۔ |
| پتے درخت سے اتارنا | سعادت و عظمت پائے۔ بے اندازہ روزی ہاتھ آئے |
| پتھر پہاڑ کے دیکھنا | منافق اور بے ایمان ہو۔ سخت مزاج اور سنگدل ہو۔ |
| پتھر سفید دیکھنا | نفع اور حکومت حاصل ہو۔ قوم کا سردار ہو۔ |
| پتھر سیاہ دیکھنا | دین میں ترقی ہونے کا باعث ہے۔ |
| پتیلہ دیکھنا | بیوی کے مترادف ہے۔ |
| پتیلہ گھر نیا لانا دیکھنا | اپنی بیوی کو رنج و الم میں مبتلا دیکھے۔ |
| پتیلہ گھر سے گم ہونا | اپنی بیوی سے جدائی کا باعث ہو۔ |
| پٹھے جسم کے دیکھنا | اگر مضبوط دیکھے تو اولاد کثیر اور نیک ہو۔ اگر نرم دیکھے تو اولاد کمزور ہو۔ |
| پر بازوؤں پر دیکھنا | کامیابی کی دلیل ہے۔ اڑنا دیکھے تو سفر درپیش آئے۔ نفع درپیش ہو۔ |
| پر پرندوں کے دیکھنا | خیر و برکت حاصل ہو۔ باعث کامیاب ہو۔ |
| پرندوں کو گرتا دیکھنا | موجب نقصان ہو۔ پشیمان و حیران ہو۔ |
| پردہ دروازے پر دیکھنا | غم و اندوہ میں مبتلا ہو۔ یا راز پوشیدہ اس پر نہ کھلیں۔ |
| پردہ ہوا میں اڑتا دیکھنا | رنج و غم سے نجات پائے۔ پوشیدہ راز آشکار ہو۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| پردہ بنا دیکھنا | بادشاہ کیلئے اچھا ہے۔ اور رعایا کیلئے کسی حالت میں اچھا نہیں ہے۔ |
| پردہ اُتارنا | دلی مراد پوری ہو۔ باعث مسرت ہے۔ |
| پرانا کپڑا اُتارتے دیکھنا | غم و اندوہ سے نجات حاصل ہو۔ قرض سے فارغ ہو۔ آرام پائے۔ |
| پروانہ اُڑتا دیکھنا | فرزند ارجمند پیدا ہو۔ سعادت مندی و بزرگی کی علامت ہے۔ |
| پرندے کو مارتا دیکھنا | فرزند کے فوت ہونیکی علامت ہے۔ |
| پسلی پر ورم دیکھنا | رنج و غم میں مبتلا ہو۔ یا عورت بیمار ہو۔ |
| پسلی کی ہڈی ٹوٹی دیکھنا | عورت فوت ہو۔ یا مال و زر میں کمی واقع ہو۔ |
| پسو دیکھنا یا مارنا | رنج والم میں مبتلا ہو۔ یا عورت بیمار ہو۔ |
| پسو کو کاٹتے دیکھنا | مصیبت میں گرفتار یا کوئی آفت آئے۔ |
| پسینے میں جسم کو دیکھنا | اہل و عیال پر اپنا مال خرچ کرے۔ |
| پسینہ کسی کا چوسنا | مال حرام اکٹھا کرے۔ ظلم وستم کا پیشہ اختیار کرے۔ |
| پسینہ سفید و خوشبودار چوسنا | مال حلال پائے۔ باعث مسرت سخاوت اختیار کرے۔ |
| پسینہ آتا دیکھنا | مال حلال کمائے۔ اگر بیمار دیکھے تو شفا پائے۔ |
| پشم پاس دیکھنا | دولت و نعمت حاصل ہو۔ اگر خریدے یا گھر لائے تو نعمت و دولت پائے۔ |
| پشم ضائع کرتے دیکھنا | دولت ضائع کرے۔ یا نقصان ہو۔ بہر حال باعث پشیمانی ہے۔ |
| | **ت** |
| تانبا دیکھنا یا پانا | مال و منال حاصل ہو۔ دولت دُنیا ہاتھ آئے۔ |
| تالاب میں نہانا | بیماری ہو۔ تو شفا پائے۔ اگر تندرست دیکھے تو دُنیا سے کنارہ کش ہو۔ |
| تالاب دیکھنا | اگر صاف پانی کو دیکھے۔ تو خوش نصیبی ہے۔ پانی گدلا ہے۔ تو بیماری آئے |
| تازیانہ بدن میں پڑنا | گناہوں سے توبہ کرے۔ نیک راہ اختیار کرے۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| تازیانہ دیکھے | نوکر فرار ہو جائے ۔ باعث پریشانی ہے ۔ |
| تاریکی بڑھتے دیکھنا | شہر میں وبا پڑھنے کا باعث ہو ۔ کفر و شرک گمراہی کا موجب ہو ۔ |
| تانبا گلتا دیکھنا | مشکلات سے نجات ہو ۔ خوشحال ہو ۔ |
| تانبے کا برتن دیکھنا | نکاح و شادی ہو ۔ باعث عیش و طرب ہو ۔ |
| تاریک کوٹھی دیکھنا | گمراہی سے ہدایت پائے ۔ بیماری سے شفا پائے ۔ |
| تخت دیکھنا | کسی بزرگ سے فیض یاب ہو ۔ اور بلند مرتبہ و عزت حاصل ہو ۔ |
| تخت سے اترنا دیکھنا | تنزل و معزول ہو ۔ یا سخاوت میں یکتا ہو ۔ |
| تابوت دیکھنا | دلی مراد بر آئے ۔ دفینہ مال ہاتھ آئے ۔ |
| تابوت شکستہ دیکھنا | دلی مراد پوری نہ ہو ۔ پشیمانی اٹھائے راز افشا |
| تاج دیکھنا | مرد دیکھے تو عزت و توقیر حاصل ہو ۔ عورت دیکھے تو شوہر پائے ۔ |
| تاج عورت کے سر پر دیکھنا | بلند مرتبہ پائے ۔ صاحب عزت و توقیر ہو ۔ |
| تاج ٹوٹنا دیکھنا | تنزل کا باعث ہو ۔ غربت آئے ۔ افلاس ذلت اٹھائے ۔ |
| تاج گرنا دیکھنا | عورت دیکھے تو شوہر فوت ہو ۔ اگر بادشاہ دیکھے تو سلطنت میں زوال آئے ۔ |
| تار یا تار برقی دیکھنا | درازی عمر کی علامت ہے ۔ |
| تار موصول ہونا | رنج و غم میں مبتلا ہو ۔ یا کسی کی موت کی خبر آئے ۔ |
| تار بجھتا دیکھنا | پریشانی کے بعد کامیابی ہو ۔ |
| تاڑ نکلتا دیکھنا | باعث راحت و خوشی ہو ۔ مسرت و شادمانی ہو ۔ |
| تاڑ کا درخت دیکھنا | غم و تردد میں پڑنا مصیبت درپیش ہو ۔ |
| تاڑ کا پھل دیکھنا | بے کاری و بیماری میں مبتلا ہو ۔ |
| تخم (بیج) بونا | بزرگی و مراتب زیادہ ہو ۔ خیر و برکت ہو ۔ عورت حاصل ہو ۔ |
| تخم گندم بونا | کام میں برکت ہو ۔ خوشی و مسرت ہو ۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| تخم جو بونا | مال جمع کرے۔ عیش و آرام پائے۔ نیک زندگی بسر ہو۔ |
| تخم باجرہ بونا | غم و اندوہ میں مبتلا ہو۔ |
| تربوز کھاتا دیکھنا | مال و دولت مسرت اور نعمت پائے۔ |
| تسبیح دیکھنا | حصول علم و بزرگی کی دلیل ہے۔ یاد الہٰی میں مشغول ہو۔ |
| تسبیح پڑھتا دیکھنا | متقی و پرہیزگار ہو۔ غم دنیا سے نجات پائے۔ |
| تصویر دیکھنا یا پانا | عورت ملے۔ مال حرام اکٹھا کرنیکی کوشش کرے۔ |
| تصویر خریدنا | عورت خریدے مگر باعث پریشانی ہو۔ |
| ترش چیز کھانا | کاروبار میں کمی اور مال میں نقصان ہو۔ |
| تکبیر کہتا دیکھنا | دشمن سے محفوظ رہے۔ بلائے آسمان سے خلاصی پائے خیر و برکت ہو۔ |
| تلوار زنگ آلود دیکھنا | عورت فوت ہو۔ باعث تکلیف ہو۔ |
| تلی دیکھنا | حلال جانور کی پائے تو مال پاکیزہ طیب ملے۔ حرام جانور کی دیکھے تو مال مشکوک و حرام پائے۔ |
| تنور دیکھنا | بزرگ اور حاکم ہونیکی نشانی ہے۔ |

## ٹ

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| ٹڈی دل دیکھے | لشکر یا فوج سے تعبیر ہے۔ فوج میں داخل ہو۔ |
| ٹخنہ دیکھنا | فرزند پیدا ہو۔ مال و دولت پائے۔ |
| ٹٹو پر سوار ہونا | محنت و مشقت سے رزق حاصل ہو۔ |
| ٹاٹ پھٹا دیکھنا | باعث تنزل و خواری ہے۔ نقصان پائے |
| ٹاٹ نیا دیکھنا | عورت پاکیزہ ملے۔ مال طیب ہاتھ آئے۔ |
| ٹاٹھے دیکھنا | دیانتداری اور دیانتداری حاصل ہو۔ نیک صحبت اختیار کرے۔ |

Ghulam Yaseen

| تعبیر | خواب |
|---|---|
| لشکر کا سردار ہو۔ عزت و عہدہ پائے۔ | ٹڈی دل پیچھے اُڑتا دیکھنا |
| باعث عزت و ناموس ہے۔ | ٹوپی دیکھنا |
| اگر صالح دیکھے تو حج کرے۔ اگر گناہ گار دیکھے تو دہشت و موت آئے۔ | ٹکٹ سمندری جہاز کا خریدنا |
| عزت و مرتبہ بلند ہو۔ نئی ایجاد کرے۔ | ٹکٹ ہوائی جہاز کا خریدنا |
| لشکر میں گرفتار ہو۔ رنج اُٹھائے یا بیمار ہو۔ | ٹڈی دل گرا دیکھنا |
| **ث** | |
| اولاد کی طرف سے تکلیف اُٹھائے۔ پریشان حال ہو۔ | ثمر ترش کھانا |
| کاروبار میں تنزل آئے۔ یا اولاد بد مزاج پیدا ہو۔ | ثمر کڑوا کھانا |
| خوبصورت عقل مند خوش قسمت اولاد ملے۔ | ثمر میٹھا کھاتے دیکھنا |
| عیش و عشرت عزت مرتبہ بلند ہو۔ | ثریا دیکھنا |
| اس قدر تنزل آئے عزت دولت اور بزرگی میں کمی پیدا ہو۔ | ثریا ماند ہونے دیکھنا |
| **ج** | |
| عزت و بزرگی کی دلیل ہے۔ منصف مزاج دولت مند | جبہ خود کو پہنا دیکھنا |
| کسی نیک شخص سے منفعت حاصل ہو۔ | جبہ یا مصحف دیکھنا |
| مال و دولت حاصل ہو۔ | جراب دیکھنا |
| مال و متاع میں برکت ہو۔ مقصد پورا ہو۔ | جال (پھندا) دیکھنا |
| اہل و عیال میں ترقی کا باعث ہے۔ | جال خریدنا دیکھنا |
| دولت دنیا جمع کرے نیکی علامت ہے۔ | جال سے شکار کرنا |
| مال ضائع ہو۔ غریب اور مفلس ہو جائے۔ | جال پھٹا پرانا دیکھنا |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| جائے نماز کسی کو دینا | لوگوں کو خدا کی طرف بلائے تلقین نصیحت کرے . |
| جادو کرنا دیکھنا | لوگوں کو اپنا ماتحت کرے . |
| جادوگر سے لڑنا دیکھنا | فتنہ فساد کو مٹائے صلح محبت اور پیار کی تعلیم دے . |
| جبہ پہنتا دیکھنا | نیک بخت خوش سلیقہ عورت سے شادی کرے . |
| جبہ اُتارتے دیکھنا | عورت سے حقارت ہو . |
| جبہ کسی کو پہنانا | اپنی لڑکی کی شادی کرے . عزت و عظمت پائے . |
| جراب پہننا | بیابان کا سفر تنہا درپیش ہو . مال و دولت حاصل کرے . |
| | **چ** |
| چاندنی دیکھنا | مال و دولت سے نکو ہوے . مگر آنکھوں کو قدرے نقصان ہو . |
| چاند گرہن لگتے دیکھنا | غم و اندوہ میں مبتلا ہو . جان و مال کے نقصان کی علامت ہے . |
| چاند گود یا گھر میں دیکھنا | فرزند سعادت مند پیدا ہو . عورت صاحب جمال ملے . |
| چاند دیکھنا | عالم با توحید ہو . عورت جمیلہ یا دولت ملے . |
| چاندی کا ٹکڑا دیکھنا | دن رات مسرت ملے . |
| چاندی کان سے نکالنا | کسی عورت سے مکر کرے . یا دھوکہ دے کر کام میں لائے . |
| چاندی کا زیور پہننا | رنج و غم دُور ہوں حاصل راحت و سرور ہو . دولت پائے . |
| چاندی کھوٹی دیکھنا | خفیف ملال ہو . دولت کا زوال ہو . |
| چادر دیکھنا خریدنا | عورت ملے . شادو آباد ہو . بسکہ و آرام ملے . |
| چادر اوڑھنا | عورت دیکھے توش دی ہو . |
| چادر پھٹی دیکھنا | پردہ دری ہو جا پاپ عزت ہو . |
| چاقو خریدنا | دُشمن پر غالب آئے مال و دولت ملے . |

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| چاول کچے دیکھنا | تجارت یا کاروبار میں ترقی ہو ۔ |
| چاول پختہ دیکھنا | خیر وبرکت پائے دلی مراد بر آئے ۔ حصول نعمت ہو ۔ |
| چاول پختہ دیکھنا | خیر وبرکت پائے ۔ دلی مراد بر آئے |
| چاول دودھ کھانا | تندرستی دریا دلی دولت ہاتھ آئے ۔ |
| چاول دہی کھانا | رنج وغم میں مبتلا ہو ۔ تکلیف اٹھائے ۔ |
| چاول کا پلاؤ کھانا | خوشی ومسرت حاصل ہو ۔ دین میں کامل ہو ۔ زردہ پلاؤ کھانا بھی یہی ہے ۔ |
| | **ح** |
| حقہ پینا | کسی دوست کی ملاقات ہو ۔ |
| حقہ خریدنا | کسی سے تحفہ پائے رنج وغم سے نجات |
| حقے کی چلم بھرنا | خوش اخلاق عورت ملے ۔ زندگی آرام سے گزرے ۔ |
| حساب کتاب کرنا | فکر وغم واندوہ میں مبتلا ہو ۔ محنت ومشقت اٹھائے ۔ |
| حرام کاری کرنا | کسی آوارہ اور بدکار عورت سے ذلیل ہو ۔ |
| حرام کھانا | رنج وغم میں مبتلا ہو ۔ تکلیف اٹھائے ۔ |
| حرم کعبہ اندر دیکھنا | دشمنوں سے محفوظ رہے ۔ مشیت ایزدی شامل حال ہو ۔ |
| حرم کعبہ دیکھنا | دنیاوی رنج دائم دور ہوں ۔ عیش ومسرت پائے غم وغصہ کافور ہو ۔ |
| حجر اسود چومنا | بزرگ دین سے یا حاکم وقت سے فیض حاصل ہو ۔ |
| حجامت بنوانا | صحت پائے قرض سے خلاصی ہو کر رنج دور ہو ۔ |
| حج پر جانا | افعال نیک کرے علم دوست ہو ۔ |
| حج یا طواف کرنا | بیمار ہو تو شفا پائے عزت وبزرگی پائے ۔ |
| حکم چلانا | اپنے عہدے پر بحال رہے ۔ اور لوگوں پر حاکم ہو ۔ |

Ghulam Yaseen

| تعبیر | خواب |
| --- | --- |
| نوکر یا خادم ہو۔ کسی کام ہوں منت ہو جائے | حکم پانا |
| گناہوں سے تائب نیک۔ خدا وفادار ہو۔ | حکیم دیکھنا |
| نصیحت وہدایت اور علم لوگوں کو سکھائے | حکمت کرنا |
| راہِ ہدایت پائے بزرگی ترقی رزق پائے | حکیم سے علاج کرانا |
| خ | |
| مال حرام جمع کرے کنجوس وظالم ہو۔ | خچر کا گوشت کھانا |
| دنیا میں بدنام و ذلیل ہو۔ | خچر پر سوار ہونا |
| رنج والم سے نجات پائے مسرت وخوشی حاصل ہو۔ | خربوزہ دیکھنا |
| گناہوں سے تائب ہو۔ فرزند پیدا ہو۔ | ختنہ سے خون جاری دیکھنا |
| نیک ہو۔ فرمانبردار اسلام ہو سنجیدہ مزاج ہو۔ | ختنہ ہوتے دیکھنا |
| مال وزر ضائع کرے پریشانی اٹھائے۔ | خاک اٹھا کر باہر پھینکنا |
| مال و دولت جمع کرے۔ باعث فتح مندی۔ | خاک سمیٹنا |
| درہم و دینار سے تعبیر ہے۔ دلی مقصد پورا ہو۔ | خواب دیکھنا |
| بیماری میں مبتلا ہو۔ گرفتار مصیبت و بلا ہو۔ | خچر کو آوارہ دیکھنا |
| عیش وآرام پائے دولت حرام پائے۔ | خچر مردہ دیکھنا |
| کنیز پائے یا تو تہید ہو۔ | خرگوش پکڑنا |
| دولت پائے عزت وعظمت زیادہ ہو۔ | خرگوش کا گوشت کھانا |
| عورت سے جدائی ہو۔ یا فوت ہو جائے۔ | خرگوش مردہ دیکھنا |
| دنیا کا حال خیر و برکت ہو۔ | خرید وفروخت کرنا |
| اگر سونا دیکھے تو بیمار ہو۔ ہلاک ہو۔ باعث رنج وغم ہے۔ | خزانہ پانا |

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| خزانہ لعل و جواہرات کو دیکھنا | باعث قدر و بلندی ہے ۔ ذی وقار ہو ۔ |
| خزانہ گم ہو جانا | بیمار ہو ۔ تو شفاء پائے حاکم ہو ۔ تو زوال اٹھائے ۔ |
| | د |
| داغ لگانا بدن پر | خدا تعالیٰ کی راہ میں خیرات کرے آخرت نیک ہو ۔ |
| داغ سر پر دیکھنا | سوداگر کیلئے سود مند ہے ۔ اور ترقی بخش ہے ۔ |
| داڑھی ناف سے لمبی دیکھنا | مصیبت اور رنج و الم میں گرفتار ہو ۔ قرض دار ہو ۔ |
| داڑھی لمبی دیکھنا | دنیاوی کاموں میں ترقی اور برکت ہو ۔ |
| داڑھی دیکھنا | عزت و بزرگی پائے نیکوں میں شمار ہو ۔ |
| دارچینی خریدنا | خیر و برکت کا موجب ہے ۔ |
| داغ کسی کو لگانا | بدنام ہو ۔ عزت و آبرو جاتی رہے ۔ |
| داغ دھونا | خدشہ سے نجات آسائش و راحت آئے ۔ |
| دال ہر قسم دیکھنا | دنیا کی جدوجہد میں مصروف کامیابی قدم چومے |
| درہم کسی کو دینا | خوشخبری پائے عیش و عزت حاصل ہو ۔ |
| دام درہم لینا | علم دین حاصل ہو ۔ بزرگی پائے ۔ دین و دنیا کی خوشی نصیب ہو ۔ |
| دانت دیکھنا | رنج و غم دور ہو ۔ کاروبار میں ترقی ہو ۔ |
| | ڈ |
| ڈاکو دیکھنا | لڑاکا آدمی ہو ۔ فتنہ اور شر پیدا کرے ۔ |
| ڈاکو ہلاک کرنا | تمام تکالیف دور ہوں ۔ راحت و آرام پائے ۔ |
| ڈبہ روغن کا دیکھنا | امانتدار سے ملاقات ہو ۔ خود امین ہو ۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ڈاکو حملہ آور دیکھنا | کسی معزز آدمی سے نفع حاصل ہو ۔ |
| ڈاکو کو مال چھینتے دیکھنا | بیماری سے شفا پائے ۔ راحت ہاتھ آئے ۔ |
| ڈبہ دیکھنا | باعث منفعت ہے ۔ ترقی حاصل ہو ۔ |
| ڈرنا یا خوف کھانا | امن پانے کی علامت ہے ۔ بے فکر ہو ۔ |
| ڈرنا شیر سے | دشمن سے خوف پیدا ہو ۔ مگر نقصان سے محفوظ |
| ڈرنا بھینس سے | بیماری میں مبتلا ہو ۔ مگر صحت یاب ہو جائے ۔ |
| ڈرنا ریچھ دیکھ کر | مصیبت میں گرفتار رہے ۔ یا سخت بیمار ہو ۔ |
| ڈرنا سانپ بچھو سے | دشمن سے نقصان پہنچنے کا احتمال ہے ۔ |
| ڈرنا خدا تعالیٰ سے | متقی و پرہیزگار ہو ۔ عاقبت یا ایمان ہو ۔ |
| ڈرنا دوزخ سے | گناہوں سے توبہ کرے ۔ نماز روزہ کی پابندی کرے ۔ صالح ہو ۔ |
| ڈوبنا دریا میں | بادشاہ وقت کے ہاتھوں ہلاک یا قید ہو ۔ |
| ڈوب کر زندہ نکل آنا | دنیا سے متنفر ہو ۔ دین کی طرف راغب ہو ۔ |
| ڈوبتا مکان دیکھنا | مشکلات میں پھنسے بالآخر نجات پائے ۔ |

## ذ

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ذبح کرنا | اگر حلال جانور ذبح کرے تو مال حلال پائے |
| ذائقہ تلخ چکھنا | تنگی رزق ہو ۔ کاروبار بند ہو ۔ تکلیف اٹھائے ۔ |
| ذکر سننا یا کرنا | یاد خدا میں مشغول ہو ۔ نیکی حاصل ہو ۔ |
| ذکر دنیا کرنا | دنیا کی دولت حاصل کرنے میں کوشاں رہے ۔ حرام مال پائے ۔ |
| ذکر و فکر سننا یا کرنا | فضول گوئی سے کام لے ۔ حرام کھانے سے پرہیز نہ کرے ۔ |
| ذائقہ چکھنا | تلاش روزگار میں مصروف ہو ۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| | ر |
| ریت اڑانا | دولت جمع کرے ۔ مگر بدنام بے آبرو ہو ۔ |
| راہ تنگ و تاریک دیکھنا | اندیشہ خوبصورت میں چور ہو ۔ بیماری سے رنجور ہو ۔ |
| راہ میں غبار دیکھنا | مقصد حاصل ہو ۔ نصرت درپیش ہو ۔ |
| راہ سیدھا دیکھنا | دین میں طریقت پائے ۔ آخرت نیک ہو ۔ |
| ریت چھاننا | اگر ریت سے کچھ حاصل ہو ۔ تو نفع کثیر پائے ۔ وگرنہ مشقت اٹھائے ۔ |
| تاریک رات میں بھٹکنا | دین میں کمزوری کا باعث ہے ۔ اسلام سے بیگانگت ہے ۔ |
| | ز |
| زبان دراز دیکھنا | فضول گوئی اختیار کرے ۔ باطونی ہو ۔ |
| زاہد کو عبادت کرتے دیکھنا | اگر اسکے ساتھ عبادت میں شریک ہو ۔ تو دنیا سے کنارہ کش ہو ۔ |
| زاہد کو کھانا کھلانا | بزرگی پائے ۔ اولیائے اللہ میں شامل ہو ۔ دنیا سے غافل ہو ۔ |
| زاہد سے کچھ لینا | اگر کھانے کی چیز پائے ۔ تو حلال نعمت پائے ۔ اگر کپڑا ملے تو بزرگی پائے ۔ |
| زانو کمزور دیکھنا | تنگی رزق ہو ۔ |
| زانو دیکھنا | نعمت و دولت پائے ۔ |
| زاغ (کوا) دیکھنا | فاسق اور کاذب ہو ۔ |
| زاغ بولتا دیکھنا | کنیز پلید پائے ۔ جس سے نقصان پائے ۔ |
| زاغ زیادہ دیکھنا | اہل و عیال میں تکلیف دیکھے ۔ رنج و اندیشہ میں مبتلا ہو ۔ |
| | س |
| سالن کھانا | کسی عزیز سے منفعت ہو ۔ تو خیر حاصل ہو ۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ساگ کھانا | اگر روٹی یا پراٹھا کھاتا دیکھے تو نعمت پائے۔ اگر روکھا کھائے، تو مصیبت اٹھائے یا گرفتار رنج و تعجب ہو۔ |
| ساگ دیکھنا | فتنہ فساد میں مبتلا ہو۔ رنج والم پیش آئے |
| سارکا گوشت کھانا | کاروبار میں نفع حاصل ہو، سفر میں کامیابی۔ |
| سالن پکانا | کسی سازش کا شکار ہو۔ یا لڑائی میں پڑے۔ |
| سانپ دیکھنا | دشمن کے مترادف ہے۔ کسی سے دشمنی ہو جائے۔ |
| سانپ ڈستا دیکھنا | دشمن سے آزار پہنچے تکلیف میں مبتلا ہو۔ |
| سانپ مارنا | دشمن پر غالب آئے۔ مصیبت سے نجات |
| سائیاں دیکھنا | ظالم اور کمینہ حاکم مقرر ہو۔ جس سے نفع و نقصان یکساں پہنچے۔ |
| | **ش** |
| شادی کرنا | جبکہ شادی کرے۔ اور دلہن یا دولہا گھر نہ لائے تو اسکی موت واقع ہو۔ |
| شادی عورت کی دیکھنا | موت کی علامت ہے۔ قضا الٰہی سے فوت ہو جائے۔ |
| شاخ سبز دیکھنا | فرزند پیدا ہو۔ یا بھائی تولد ہو۔ |
| شاخیں گھنی دیکھنا | قبیلہ کے خوب پھلنے پھولنے کا باعث ہے۔ |
| شاخیں کٹی دیکھنا | آل اولاد میں کمی واقع ہو۔ یعنی فوت ہو جائے۔ |
| شامیانہ دیکھنا | سفر اختیار کرے۔ یا گھر والوں سے مفارقت ہو۔ بلکہ دولت عزت پائے۔ |
| شامیانے کے نیچے بیٹھنا | تجارت سے نفع اٹھائے۔ یا بادشاہ کے زیر سایہ آرام حاصل ہو۔ |
| شامیانہ گرتا دیکھنا | اگر اپنا شامیانہ گرتے دیکھے تو موت یا ذلت آئے۔ |
| پرندہ شاہین دیکھنا | مرتبہ بلند ہو۔ عزت پائے سرداری ہاتھ آئے۔ |
| شاہین پکڑنا | کسی بادشاہ یا حاکم وقت کا قرب ہو۔ عزت مرتبہ بلند ہو۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| | **ص** |
| صالح شخص دیکھنا | پرہیزگاری کی طرف راغب ہو۔ نیک دیندار خدا ترس ہو۔ |
| صابن کھانا | دل کی صفائی ہو۔ اگر کافر دیکھے تو مال حرام ہے۔ |
| صابن سے کپڑے دھونا | اعمال بد سے توبہ کرے۔ نیکی کی طرف مائل ہو۔ |
| صابن دیکھنا | پرہیزگاری تقویٰ اختیار کرے۔ |
| صالح سے کپڑے لینا | مال طیب پائے۔ آرام و راحت ملے۔ بزرگوں کا ہم نشین ہو۔ |
| صبح صادق دیکھنا | ہدایت پائے بزرگی حاصل ہو۔ دین میں کامل ہو۔ خوشخبری پائے۔ |
| صدقہ دینا | غم واندوہ سے نجات پائے قرض سے نجات ہو۔ بیمار ہو تو شفا پائے۔ |
| صحرا دیکھنا | حاکم یا بادشاہ سے فائدہ اٹھائے۔ حسرت حاصل ہو۔ |
| | **ض** |
| ضائع مال ہونا | دین کی ترقی کا باعث ہے۔ |
| ضامن بنانا | اسے استاد بنائے یا فیض دین پائے۔ |
| ضامن ہونا۔ | جس کا ضامن ہو۔ اسے فائدہ پہنچائے۔ |
| ضبط کرنا | غم واندوہ سے نجات پائے۔ |
| ضد کرنا | نام ونمود اور دنیاوی شہرت حاصل ہو۔ |
| ضدی دیکھنا | کسی سے نقصان اٹھانے پریشان حال ہو۔ |
| ضعف پڑتا دیکھنا | عزت ومرتبہ کی کمی ہو۔ تنزل پائے۔ |
| ضیافت کھانا | مال و دولت پائے۔ راحت خوش نصیب ہو۔ عزت و بزرگی پائے۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| | **ط** |
| طشت دیکھنا | گھر کی خادمہ یا نوکر سے تعبیر ہے۔ |
| طبلہ بجانا | جھوٹ افتراء بے ہودہ گوئی سے بدنام ہو۔ |
| طباعت سیکھنا | ہدایت بزرگی حاصل کرنیکی کوشش کرے۔ نیکوں کا ہم جلیس ہو۔ |
| طلبہ کو کچھ بانٹنا | دین کی مدد کرے۔ یا عہدہ جلیلہ پائے۔ |
| طالب علم ہونا | اگر دنیوی علم پڑھے۔ تو کاروبار میں ترقی ہو۔ |
| طاق دیکھنا | دولت میں ترقی ہو۔ عزت و راحت پائے۔ |
| طاعون میں مبتلا دیکھنا | فتنہ فساد میں گرفتار رہو۔ یا جنگ و جدل میں گھر جائے۔ |
| طاعون دیکھنا | فتنہ فساد مصیبت اور بلا میں گرفتار ہو۔ |
| | **ظ** |
| ظہر کی نماز پڑھنا | گناہوں سے توبہ کرے۔ دیندار اور پرہیزگار رہو۔ |
| ظہر کا وقت دیکھنا | رزق دولت و عزت میں قدر کمی واقع ہو۔ عزت میں فرق آئے۔ |
| ظالم کو ہلاک کرنا | قحط سالی دور ہو۔ نیک لوگوں کا دشمن خود غرض ہو۔ |
| ظروف برتن دیکھنا | دنیاوی کاروبار میں مشغول ہو۔ |
| ظرافت کرنا | دنیا کے فضول کاموں میں حصہ لے۔ |
| ظلمت دیکھنا | گمراہی میں پھنسے رنج و غم اٹھائے۔ |
| ظروف خریدنا | دنیا کے کاموں میں منہمک ہو۔ دین کو بھول جائے۔ |

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| | **ع** |
| عالم ہونا | بزرگی اور پارسائی پانے کی دلیل ہے۔ کسی چیز سے آگاہ ہو۔ |
| عشرہ کا چاند دیکھنا | دین دار اور پرہیزگار ہو۔ خوش مسرت دولت پائے |
| عشرہ دیکھنا محرم | اگر مہینہ محرم کا دیکھے نئے کام کا آغاز کرے کامیابی ہوگی |
| عشق لگنا | مجنون و پاگل ہو۔ |
| عاشق ہونا عورت پر | دنیا کے مال و اسباب کے حرص میں مبتلا ہو۔ فتنہ فساد پھیلائے۔ |
| | **غ** |
| غار سے باہر نکلنا | بیماری سے شفا پائے۔ بے روزگاری دور ہو۔ ہدایت پائے |
| غار میں روشنی دیکھنا | مصیبت کے بعد راحت نصیب ہو۔ |
| غار میں جانا | مصیبت میں گرفتار ہو۔ پریشان حال ہو۔ |
| غسل کرنا | اگر بیمار ہو۔ تو صحت پائے۔ قرض سے فارغ ہو۔ راحت ہو۔ |
| | **ف** |
| فقیر دیکھنا | مفلس و قلاش ہو۔ فکر معاش ہو۔ |
| فقیر کو خیرات دینا | بیمار شفا پائے۔ تنگی دور ہو۔ راحت پائے |
| فقیر کو مانگتا دیکھنا | تنگ دستی اور مفلسی سے نجات حاصل کرنے کی کوشش کرے مراد برآئے۔ |
| فرشتہ دیکھنا | |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| | ق |
| قربانی دینا | نیک بختی کی علامت ہے۔ بزرگی اختیار کرے فرزند پیدا ہو۔ |
| قتل کرنا کسی کو | ہدایت دے توبہ کرائے لیکن خود بدنام و بے عزت پائے |
| قتل ہونا | گناہوں سے پاک ہو۔ سعادت بزرگی پائے۔ |
| قبرستان میں جانا | دلی مقصد پورے ہوں۔ خوشخبری پائے |
| قبر پر مٹی ڈالنا | بغیر توبہ کے مر جائے۔ گناہوں پر پردہ ڈالے |
| قبر کھودنا | تکلیف و مشکلات میں پڑے۔ |
| قبر معروف دیکھنا | حصول مقصد ہو۔ مشکلات سے نجات پائے۔ |
| قبر دیکھنا | قید خانہ سے تعبیر ہے۔ باعث عبرت ہے۔ |
| قاضی دیکھنا | عدل و انصاف پائے۔ راحت حاصل ہو۔ |
| قالین خریدنا | اگر بڑے خریدے تو عمر دراز ہو۔ اگر چھوٹا خریدے تو عمر کوتاہ پائے۔ |
| قافلہ دیکھنا | کاروبار میں ترقی ہو۔ بیرون ممالک سے تجارت کرے۔ |
| | ک |
| کاشتکاری کرنا | ترقی دین و دنیا ہو۔ بزرگی و عزت پائے |
| کاجل لگانا | اولاد سے راحت ہو۔ دل کو فرحت ہو۔ زیادتی تجارت ہو۔ |
| کاٹنا اونٹ کو | سفر سے نقصان اٹھائے۔ |
| کاٹنا دشمن کو | نقصان اٹھائے فکرمند ہو۔ |
| کاٹنا کسی کو | جسکو کاٹتے دیکھے اس سے محبت و الفت ہو جائے۔ |
| کاٹنا کپڑا پرسوت | کپڑے کی تجارت کرے۔ اور فائدے بے اندازہ پائے۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| | **گ** |
| گاجر کھانا | غم و اندوہ میں مبتلا ہو ۔ رنج و فکر میں پڑے ۔ |
| گداگری کرنا | کوشش و ہمت سے کاروبار اور تجارت میں ترقی کرے ۔ |
| گاؤں ویران دیکھنا | پریشانی آئے کاروبار میں تنزل آئے ۔ |
| گاؤں دیکھنا | اگر گاؤں آباد دیکھے تو فرحت و آرام پائے ۔ |
| گانا سننا سنانا ۔ | بے ہودگی بے حیائی بے غیرتی اور رجعت کا باعث |
| گالی دینا | ذلت و خواری کا موجب ہے ۔ |
| گالی کھانا | سبزی اور کامیابی کی دلیل ہے ۔ جس سے گالی کھائے اسپر غالب آئے ۔ |
| گاجر کا مربہ یا حلوا کھانا | غم و اندوہ سے نجات پائے ۔ |
| | **ل** |
| لباس سبز پہننا | دین متین ہو ۔ کسی بزرگ سے روحانی فیض حاصل ہو ۔ |
| لباس سفید پہننا | عزت پائے دولت ہاتھ آئے ۔ |
| لباس سرخ دیکھنا | جنگ کی علامت ہے ۔ اگر عورت پہنے تو شوہر سے نفع پائے ۔ |
| لباس سیاہ پہننا | منفعت و بزرگی ہو ۔ مگر رنج و غم شامل ہو ۔ |
| لاٹھی دیکھنا | لاٹھی پر ٹیک لگائے ۔ تو امداد پائے ۔ |
| لاٹھی ہاتھ میں لینا | باعزت اور نیک ہو ۔ عہدہ یا سرداری پائے ۔ |
| لڑائی کرنا یا لڑانا | کسی مرض میں مبتلا ہو ۔ اگر غالب آئے ۔ تو مرض سے صحت پائے ۔ |

Ghulam Yaseen

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| | **م** |
| ماتم کرنا | خوشی حاصل ہو ۔ دل کی مراد پائے ۔ |
| ماتھے سے خون جاری دیکھنا | عزت و مرتبہ پائے عزیز و اقارب کا ہمدم و ہمدرد ہو ۔ شہرت پائے ۔ |
| مارنا کسی کو پیٹنا | جسکو مارے پیٹے اسکو نفع پہنچائے ۔ مددگار ہو ۔ |
| ماتھے پر داغ دیکھنا | بُرے کاموں سے بدنام ہو ۔ |
| ماتھا دیکھنا پیشانی | فرزند پائے ۔ عزت و مرتبہ کی بشارت ہے ۔ |
| ماتھا چمکتا کشادہ دیکھنا | پرہیزگار اور بزرگ ہو ۔ سخاوت اور مہمان نوازی اختیار کرے ۔ |
| | **ن** |
| ناخن اُتارنا | بیماری اور تنگ دستی سے نجات پائے ۔ رزق و دولت پائے ۔ |
| ناپاک ہونا | حرام کاری اور حیرانی پائے ۔ عاجز و بے کس ہو ۔ |
| ناپ تول کرنا ۔ | ایلچی یا پیامبر سے تعبیر ہے ۔ عدل و انصاف پائے ۔ |
| ناچنا عورتوں کا | رسوائی و ذلت اُٹھائے ۔ بدنامی ہو ۔ |
| نابینا اپنے تئیں دیکھنا | دین سے گمراہی تنگ دستی کی دلیل ہے ۔ |
| | **و** |
| وادی دیکھنا | فرحت حاصل ہو ۔ رنج و غم سے نجات پائے ۔ |
| وادی شاداب دیکھنا | دین میں بزرگ ہو ۔ راحت و آرام حاصل ہو ۔ دولت مندی پائے ۔ |

Ghulam Yaseen

# جنات کو دیکھنے کا فن

لوگوں کو جنات دیکھنے کا بہت شوق ہوتا ہے۔ اور ان کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ کاش کوئی ایسی ترکیب ہمارے ہاتھ آ جائے۔ جس کی بدولت ہم جنات کو دیکھ سکیں۔ اور ان کو اپنا دوست بنا کر ان سے کام لیں۔ لہٰذا اس فن کے شائقین کیلئے وہ ترکیب لکھی جاتی ہے۔ جس سے جنات نظر آتے ہیں۔ اور دوست بنتے ہیں۔ لیکن میں یہ امر واضح کر دوں کہ ایسے شوق کو پورا کرنے کیلئے بہت خطروں سے گزرنا پڑتا ہے۔ ڈر خوف بہت زیادہ آتا ہے۔ اور ڈرنے کی صورت میں رجعت میں گرفتار ہونیکا اندیشہ ہوتا ہے۔ اور اسکا اثر دماغ پر پڑتا ہے۔ اور بعض لوگ پاگل ہو جاتے ہیں۔ اسلئے اس عمل کو وہی لوگ کریں۔ جو کہ بہت بڑے دل کے مالک ہوں۔ اس عمل کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے۔ کہ اس میں نہ تو عمل پڑھنے کی ضرورت ہے۔ نہ ہی کس طرح کا پرہیز ہے۔ جس شخص کا جی چاہے۔ وہ اپنا شوق پورا کر سکتا ہے۔

## ترکیب

سب سے پہلے ایسی جگہ تلاش کریں۔ جہاں پر جنات رہتے ہوں۔ عموماً ایسی جگہ جنگلات وقبرستان کھنڈرات وغیرہ اور ویرانوں میں پائی جاتی ہیں۔ کچھ جگہ ویسے بھی مشہور ہوتی ہیں کہ اس ایریے میں جنات رہتے ہیں۔ یا فلاں آسیبی علاقہ ہے جب ایسی جگہ کا علم ہو جائے۔ تو پھر بروز جمعرات (کوئی بھی جمعرات ہو) کو دن کے وقت کسی دوکان سے گوشت لے آئیں۔ گوشت کی مقدار حسب ضرورت میں جتنی توفیق ہے لے لیں اور گھر آ کر گوشت کو ایسی جگہ چھپا کر رکھ دیں۔ جہاں پر کسی کی نظر نہ پڑے۔ یعنی کوئی دوسرا شخص نہ دیکھے نہ ہی کسی دوسرے شخص کو اس بات کا علم ہو۔ کہ آپ یہ گوشت اس مقصد کیلئے لیکر آئیں ہیں؛ ۔ بعد از نماز عشاء گوشت لیکر اس مقام پر چلے جائیں جو جگہ آپ نے اس عمل کیلئے منتخب کی ہے لیکن شرط یہ ہے۔ کہ آتے جاتے وقت کسی شخص کی آپ پر نظر نہ پڑے۔ جونہی آپ اس علاقے میں داخل ہوں گے۔ آپکا سر اور کندھے

Ghulam Yaseen

وزنی ہو جائیں گے۔ اور اسطرح محسوس ہوگا۔ جیسے آپکے قدم کوئی ذی روح روک رہی ہے۔ جس جگہ پر جاکر ایسی کیفیت ہو جائے۔ تو سمجھ لیں۔ کہ جنات تمہارے ارد گرد موجود ہیں۔ گوشت کھول کر نیچے زمین پر رکھ دیں۔ اور کچھ فاصلے پر آپ جاکر بیٹھ جائیں۔ ڈر خوف کو قریب نہ آنے دیں۔ کیونکہ انسان جو کہ اشرف المخلوقات ہے۔ اسکو کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی۔ ہاں اگر خود ہی ڈر گیا تو پھر خیر نہیں۔ کچھ دیر بیٹھ کر انتظار کریں۔ اور گوشت والی جگہ پر نظر رکھیں۔ کچھ دیر کے بعد بلکہ اسی لمحے جنات آجائیں گے۔ اور گوشت کھانا شروع کر دیں گے۔ آپ بالکل خاموشی سے بیٹھے رہیں۔ اگر وہ خود بلائیں یا کوئی بات کریں۔ تو بہتر ورنہ خاموشی سے واپس آجاؤ۔ اور پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھو۔ ورنہ خطا ہوگی۔ بس آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگئے۔ مگر میں آپکو جب بھی آپ اس جگہ کا تصور کریں گے۔ وہ جگہ اور جنات آپکو نظر آئیں گے :۔

یاد رہے۔ کہ جب کوئی بڑی روح ایک دفعہ سامنے آجائے تو پھر باطنی آنکھ کھل جاتی ہے۔ انسان جس چیز یا جگہ کا تصور کریگا۔ وہ سامنے نظر آجائیگی۔ اگر آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگئے۔ تو دوبارہ گوشت لے کر جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ جنات آپکے پاس خود ہی آجایا کریں گے۔ اور گوشت آکر لیجایا کریں گے :۔

دوسری صورت یہ ہے۔ کہ آپ نے گوشت رکھ کر انتظار کیا جنات حاضر نہیں ہوئے۔ تو آپ گھر واپس آجائیں۔ اور اگلی جمعرات کو پھر اسی طرح گوشت لے جائیں۔ لیکن اس دفعہ جگہ تبدیل کر دیں۔ اگر وہاں پر بھی کامیابی نہ ہو۔ تو پھر اس سے اگلی جمعرات کو کسی دوسری جگہ چلے جائیں

یہ ہو ہی نہیں سکتا . کہ کامیابی نہ ملے . انشاءاللہ جنات آپکو ضرور نظر آئیں گے . اور دوست بنیں گے ؛

دوبارہ میں یہ بات لکھ دوں ، کہ انکو دیکھکر ڈریں نہیں میں انکی صورتیں بھی لکھ دوں . تقریباً پانچ سال کا بچہ دیکھیں . بالکل انسانی جنات کا قد ہوتا ہے اگر دور سے انکو آتا دیکھا جائے . تو پتہ چلتا ہے . کہ بچہ چل کر آرہا ہے جس نے ابھی ابھی چلنا سیکھا ہے . جسم و اعضاء بالکل انسانوں کی طرح ہوتے ہیں . سر ذرہ بڑا ہوتا ہے . ناک اور منہ قدرے ملے ہوئے ہوتے ہیں . ایسا محسوس ہوتا ہے . کہ جیسے ناک اور منہ ایک ہی ہوں . یہ انکی اصل صورت ہے . انکو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ قدرت حاصل ہے . کہ جب چاہیں . ~~غائب ہو جائیں~~ . کسی ذی روح کی شکل میں سامنے آجائیں . اور جب چاہیں غائب ہو جائیں . ان کو یہ بھی قدرت ہے . کہ چند آدمیوں میں سے بعض کو یا صرف کسی کو جسے وہ چاہیں نظر آئیں .

**نکتہ نمبر۱** اگر کوئی شخص اکیلے اس عمل کو نہ کر سکے . تو اسکی ایک آسان ترکیب میں بتا دوں . وہ یہ ہے . کہ آپ ایک شخص کو آپ اپنے ہمراہ لے جا سکتے ہیں . لیکن جنات کی حاضری کے دوران اس شخص کو مت بتائیں . کہ جنات آئے ہیں . کسی طرح کا اسکو علم نہ ہونے دیں ؛ . نہ ہی بعد میں ذکر کریں .

**نکتہ نمبر۲** بعض اوقات کئی کئی دنوں تک جنات نظر نہیں آتے . لیکن عاملین کو مختلف طرح کے اشارے ملتے رہتے ہیں . عالم خواب میں اور عالم بیداری میں بھی بعض اوقات گھر میں سے مختلف جگہوں سے پیسے بھی ملتے ہیں . تکیے کے نیچے سے یا کسی برتن سے جب اسطرح کی صورت ہو . تو کسی کو یہ راز مت دیں . کچھ روپے خود خرچ کر لیں . کچھ خیرات کر دیں ؛ .

Ghulam Yaseen

**نکتہ نمبر ۳** | جنات ہر حال میں رازداری کو پسند کرتے ہیں۔ اسلئے پہلے کچھ عرصہ تک انسان کو مختلف طریقوں سے آزماتے ہیں۔ اسکے بعد سامنے آتے ہیں۔ اسلئے ہر راز کو سینے میں رکھیں۔

**نکتہ نمبر ۴** | آپ نے عمل شروع کیا۔ دو تین مرتبہ جانے سے کامیابی نہیں ملی۔ تو اگر کوئی ذی روح عالم خواب میں آکر کہے۔ کہ گوشت کیوں نہیں لائے۔ تو سمجھ لیں۔ کہ عمل کامیاب ہو چکا ہے۔ عامل کو خاص کر ایسی باتیں ذہن میں رکھنی چاہئیں۔

**نکتہ نمبر ۵** | جب جنات سامنے آتے ہیں۔ تو پہلے آنکھوں کے آگے اسطرح چمک محسوس ہوتی ہے۔ جسطرح آسمانی بجلی چمکتی ہے۔ اسکے بعد سر اور کندھے وزنی ہو جاتے ہیں۔ چہرہ پر ہوا کا ہلکا سا جھونکا محسوس ہوتا ہے۔ جھونکے کے ساتھ ہی سامنے کسی بھی شکل میں جنات نظر آتے ہیں۔

یاد رہے۔ کہ جنات کسی بھی شکل میں سامنے آسکتے ہیں۔ مثلاً بزرگ کی شکل میں بوڑھا انسان یا بوڑھی عورت خوبصورت لڑکا یا مرد خوبصورت عورت کتا بلی اونٹ بھیڑ بکری وغیرہ وغیرہ۔

**عامل کیلئے خصوصی ہدایات** | (۱) عمل کا ذکر کسی سے ہرگز نہ کریں۔ خواہ وہ کتنا ہی قریبی دوست کیوں نہ ہو۔ ورنہ کچھ بھی تو نہ آسکیگا۔

(۲) اس عمل کو کرتے وقت کوئی شخص آتے جاتے آپ کو نہ دیکھے

(۳) اس عمل کو بہتر ہوگا۔ کہ اندھیری راتوں میں شروع کرو۔ لیکن زوال ماہ تاکہ روشنی نہ ہو۔ اس سے فائدہ یہ ہوگا۔ کہ آپ کو کوئی نہ دیکھ سکے گا۔

(۴) جب گوشت اس عمل کیلئے لائیں۔ تو اسکو ہر ایک سے پوشیدہ رکھیں۔

Ghulam Yaseen

تاکہ کسی شخص کی اس پر نظر نہ پڑے ۔ نہ ہی کسی کو معلوم ہونے دیں۔ کہ میں نے گوشت اس مقصد کیلئے خریدا ہے ۔

(۵) دُکان سے گوشت لیکر آتے وقت یا گھر میں آکر جسم میں تبدیلی آجاتی ہے ۔ سر اور کندھوں پر وزن محسوس ہوتا ہے ۔ اسکی پرواہ نہ کریں ۔ بلکہ یہ سمجھیں ۔ کہ اب کامیابی یقینی ہے :۔

**انتباہ** ایسے لوگ جو کہ کسی آسیبی مرض کا شکار ہوں ۔ یا کوئی ذی روح حاملہ ہو ۔ یا وہ ڈرپوک ہوں ۔ اس عمل کو ہرگز نہ کریں ۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے ۔

**نوٹ** :۔ اس عمل کو دریافت کرنے کیلئے سینکڑوں جنات کی مدد لی گئی ہے :۔

Ghulam Yaseen

## عجیب تصوراتی عملِ تسخیر

اگر آپ اپنی مرضی کے مطابق تمام معاملات کا حل چاہتے ہیں
تو ایسی صورت میں اس ترکیب کو آزمائیں۔ انشاءاللہ العزیز
آپ کا کوئی بھی کام آپکی مرضی و منشاء کے خلاف نہ ہوگا

**عملِ مبارک**

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ
وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

**ترکیب:** نوچندی جمعرات بعد از نمازِ عشاء روزانہ وقت اور جگہ کی پابندی لگا کر 500 مرتبہ ۲۱ روز تک بلا ناغہ پڑھیں:۔ عمل کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کوئی سا پڑھیں۔

**معاملات:** اگر شادی بیاہ کے معاملات میں طرفین کو راضی کرنے۔ ملازمت حاصل کرنے مقدمہ جیتنے یا اُمراء و حکام و وزراء سے کام کروانے کسی دشمن یا دوست کو مسخر کرنے یا کسی دشمن کو زیر زبر کرنے کیلئے آنکھیں بند کرلیں۔ اور چند بار مندرجہ بالا عمل مبارک پڑھ کر جس پر استعمال کرنا ہے۔ اسکو اپنے سامنے بیٹھا ہوا تصور کریں۔ تصور کامل ہو۔ اسکے چہرہ و قلب پر پھونک دیں یہ طریقہ دن اور رات میں جب چاہیں۔ جتنی دفعہ چاہیں کریں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا۔ اس میں ہلچل سی پیدا ہو جائیگی۔ گھبراہٹ کے مارے آپ سے جلد از جلد ملاقات کریگا۔ اگر نسبت دور ہے۔ یعنی طالب و مطلوب کے مابین اسلام آباد اور لاہور جتنا فاصلہ ہے اور دوری کی وجہ سے جلد نہیں آسکتا۔ تو خط یا کوئی پیغام ضرور آئیگا۔ یا پھر ہر صورت میں آپ سے ملاقات کریگا۔ اور آپ کے حق میں اسطرح مسخر ہوگا۔ کہ اسکا ایک ایک قدم بھی آپ کی مرضی کے مطابق اٹھیگا۔ یہ اتنا سریع الاثر عمل ہے۔ کہ اسکا وار کبھی کسی بھی صورت میں خالی نہیں جاتا۔ بشرطیکہ نیت حرام نہ ہو۔ حرام کیلئے کریگا۔ تو بذات خود نقصان اُٹھائیگا۔

Ghulam Yaseen

## برائے حبّ بُغض یا کسی سے کوئی بات منوانا ہو۔

اگر آپ کسی سے کوئی بات منوانا چاہتے ہیں۔ اس بات کا ڈر ہو۔ کہ وہ میری بات نہیں مانے گا۔ تو اس ترکیب کو آزمائیں۔ انشاء اللہ آپ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہونگے۔ شادی بیاہ کے معاملہ میں طرفین کو راضی کرنے ملازمت حاصل کرنے کسی دوست یا دشمن کو مسخر کرنے کیلئے اس نقش کو لکھ کر اُلٹے پیر کی ایڑھی میں رکھیں اور جب بھی کسی سے کوئی بات کریں۔ تو بات کرتے وقت اپنی ایڑھی ہلاتے رہیں جب تک بات ختم نہ ہو۔ ایڑھی ہلاتے رہیں۔ انشاء اللہ آپ کی بات مان جائیگا۔

| |
|---|
| اگر آپ کسی سے کوئی بات منوانا چاہتے ہیں۔ اس بات کا ڈر ہو۔ کہ وہ میری بات نہیں مانے گا۔ تو اس ترکیب کو آزمائیں۔ انشاء اللہ آپ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوں گے۔ |

### برائے حبّ بُغض

ترکیب اس طرح ہے۔ کہ نقش لکھ کر نیچے مطلب لکھیں۔ حبّ کیلئے۔ المحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں۔ بُغض کیلئے۔ نفاق فلاں بن فلاں مابین فلاں بن فلاں لکھیں۔ جو بھی آپکا مقصد ہے۔ وہ نقش کے نیچے لکھیں۔

**ترکیب** ہر روز ایک تعویذ پر سات جوتے ماریں۔ اور نقش کو جلادیں۔ جوتے مارتے وقت ہر دفعہ اپنا مطلب بیان کریں۔

عمل کرنے کا روزانہ ایک وقت مقررہ ہو۔ سات عدد تعویذ لکھ کر ہر روز ایک تعویذ پر سات جوتے مارنے ہیں۔ اگر سات یوم میں کام نہ ہو۔ تو جوتے چودہ کردیں چودہ جوتے سات روز تک ماریں۔

اگر پھر بھی کام نہ ہو۔ تو اکیس جوتے ماریں۔ ۲۱ روز میں مطلب ضرور حل ہوگا۔ ہر جوتے پر اپنا مطلب بیان کریں۔ جب نقش جل جائے۔ تو اس کی راکھ کو پاؤں سے اڑا دو۔ تاکہ عمل میں زور پیدا ہو۔

Ghulam Yaseen

# ہر طرح کی بندش کھولنے کا عجیب عمل

آج کل ہر انسان کسی نہ کسی مسئلے کا شکار ہے۔ لیکن آج کل کے دور میں لوگوں کا جو اہم مسئلہ ہے۔ وہ بندش کا ہے۔ اگر آپکا کاروبار بند ہو۔ دوکان بند ہو۔ گاہک نہ آتے ہوں۔ رشتوں کی بندش ہو۔ یا رشتے آکر واپس چلے جاتے ہوں۔ شادی نہ ہوتی ہو۔ اولاد کی بندش ہو۔ تو آپ اس ترکیب کو آزمائیں۔ انشاءاللہ نتیجہ آپکی مرضی کے مطابق نکلے گا۔ اور تین روز میں بندش ٹوٹ جائیگی۔ بندش خواہ سفلی ہو۔ یا علوی۔ یا کسی نے جنات کے ذریعے لگائی ہو۔ ان سب کیلیے یہ عمل کام دے گا۔ جسکا جی چاہے وہ تجربہ کر سکتا ہے۔
اس عمل کی خوبیاں احاطہ تحریر میں نہیں لائی جا سکتی ::

**بندش خواہ سفلی ہو۔ یا علوی یا کسی نے جنات کے ذریعے لگائی ہو۔ ان سب کے لیے یہ عمل مجرب المجرب ہے۔ اور صرف تین روز میں بندش ٹوٹ جاتی ہے**

**ترکیب:** اس نقش کو کسی بھی وقت لکھ لیں۔ نقش لکھنے کا کوئی خاص وقت مقررہ نہیں ہے۔ ایک نقش روزانہ پانی میں گھول کر اسکا پانی بندش والی جگہ پر چھڑک دیں۔ اگر دوکان بند ہو۔ تو دوکان کے اندر پانی کا تین روز چھڑکاؤ کریں۔ اگر رشتے نہ آتے ہوں۔ تو گھر میں یہ نقش لکھ کر پانی میں گھول کر اسکا پانی پورے گھر کے اندر تین روز تک چھڑکیں۔ اور لڑکا لڑکی اس نقش سے تین روز تک غسل بھی کریں۔

اگر مرد / عورت بستہ ہوں۔ تو وہ بھی تین روز تک اس نقش سے غسل کریں۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

Ghulam Yaseen

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ل | ش | ک | ر | ف | ر | ع | و |
| ش | ک | ر | ف | ر | ع | و | ن |
| ک | ر | ف | ر | ع | و | ن | غ |
| ر | ف | ر | ع | و | ن | غ | ر |
| ف | ر | ع | و | ن | غ | ر | ق |
| ر | ع | و | ن | غ | ر | ق | ش |
| ع | و | ن | غ | ر | ق | ش | و |
| و | ن | غ | ر | ق | ش | و | د |

**لشکرِ فرعون غرق شود**

Ghulam Yaseen

# عجیب عمل برائے شادی

جو لوگ کسی مخصوص جگہ پر شادی کے خواہاں ہوں۔ لیکن وہاں شادی ہونے کے آثار نظر نہ آ رہے ہوں۔ یا لڑکی / لڑکے کے رشتے کی بندش کر دی ہو۔ یا رشتے نہ آتے ہوں۔ یا آکر
واپس چلے جاتے ہوں۔ باوجود کوشش کے کسی
کی شادی نہ ہو رہی ہو تو ایسی صورت میں اس
ترکیب کو آزمائیں انشاء اللہ آپ اپنے مقصد میں ضرور
کامیاب ہوں گے ترکیب اصلاح ہے۔ گو تو چندی
جمعرات بعد از نماز عشاء باطہارت پاکیزہ جگہ پر
خلوت میں عمل کو ۳۱۳ مرتبہ ھذا نامہ
پابندی وقت کیا جائے اول و آخر گیارہ گیارہ

یہ عمل بے حد سریع الاثر اور مجرب ہے اور ہمارا بارہا کا آزمودہ ہے۔ اگر کوئی شخص کسی جگہ پر شادی کا خواہشمند ہو۔ باوجود کوشش کے اسکی مراد پوری نہ ہوئی ہو۔ تو ایسی صورت میں اس ترکیب کو آزمائیں۔

مرتبہ درود شریف ۲۱ یوم تک پڑھیں۔ پہلے دن جہاں عمل پڑھیں۔ آخری دن تک وہ جگہ تبدیل نہ کریں۔ اگربتی بھی سلگا لیا کریں۔ دوران عمل بدبودار اشیاء مثلاً کچا لہسن پیاز وغیرہ سے پرہیز کریں۔ ان شاء اللہ ۲۱ یوم کے اندر ہی نتیجہ آپکی مرضی کے مطابق نکلے گا۔ دوران عمل مطلوب کا تصور ضروری ہے۔ عمل یہ ہے۔

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ خَلَقَ الۡاَزۡوَاجَ کُلَّہَا مِمَّا تُنۡۢبِتُ الۡاَرۡضُ وَ مِنۡ اَنۡفُسِہِمۡ وَ مِمَّا لَا یَعۡلَمُوۡنَ

سورہ یٰسین آیت ۳۶

**نوٹ:** خواتین اس عمل کو مخصوص ایام میں ہرگز نہ کریں۔ اگر دوران عمل ایام ہو جائیں تو عمل کو چھوڑ دیں۔ اور ناغہ کے دن بعد میں پورے کریں۔

Ghulam Yaseen

# محفلِ حاضرات

## عمل :

نوچندی اتوار جو قمر در عقرب سے احتیاط سے با طہارت کو دیکھتے ہوئے تنہا

| |
|---|
| یا مرشد شاہ شمس میری آس پجا دے<br>ہدّت سے تیری راہ دیکھوں حاضرات دکھا دے |

جمرات یا جمعہ پاک ہو. نہایت طلوعِ آفتاب جگہ پر خلوت

میں روزانہ پندرہ منٹ تک پڑھیں ۔ کوئی خاص مدّت بھی مقرر نہیں ۔ جونہی آفتاب طلوع ہونا شروع ہو ۔ اسکی ٹکیہ پر نظر جماکر پڑھنا شروع کر دیں ۔ کوشش کریں ۔ کہ پلک نہ جھپکے اور ذہن بھی یکسو ہو ۔ جوں جوں عمل کی قوت بڑھتی جائیگی ۔ سورج شعلے کی شکل اختیار کرتا جائیگا ۔ روزانہ بلاناغہ پڑھنا ہے ۔ جبکہ شعلہ بھڑکے ۔ اور شعلے میں سُرخ رنگ کی شبیہ نظر آئے تو سمجھ لیں ۔ کہ عمل کامیاب ہو گیا ہے ۔

جس شخص کے اندر روحانی قوتیں جتنی کم ہونگی ۔ اتنا ہی زیادہ عرصہ لگے گا ۔ اور روحانی قوتیں جتنی زیادہ ہونگی ۔ اتنا ہی جلدی عمل کامیاب ہوگا ۔ چاہیے کہ اسطرح کے اعمال کرنے سے پہلے اپنی خوابیدہ روحانی صلاحیتوں کو بیدار کر لیا جائے ۔ روحانی قوتیں بڑھانے کے سریع الاثر طریقے ناچیز کی کتاب "محفلِ حاضرات" میں تفصیلاً درج ہیں ۔

**ترکیب حاضرات :** ۱۰ یا 12 برس کے ہوشیار اور عقل مند بچے کو غسل کرا کر اور پاک لباس پہنا کے اپنے سامنے تقریباً ڈیڑھ فٹ کے فاصلے پر بٹھائیں ۔ اور اُس سے کہیں ۔ کہ وہ آپ (عامل) کی آنکھوں میں نظر جماکر بغیر پلک جھپکائے غور سے دیکھے ۔ آپ اُسکی آنکھوں میں آنکھیں ڈال دیں ۔ بچہ سو جائیگا ۔ آپ جو چاہیں پوچھ سکتے ہیں ۔ آپ کو انشاء اللہ

آپ کے ہر سوال کا جواب ملے گا ۔

نوٹ : ابتدائے عمل سے پہلے کسی میٹھی چیز پر فاتحہ ضرور دیں ۔ اور ایسے بچوں میں بانٹ دیں ۔ اور جب بھی حاضرات کریں ۔ پہلے فاتحہ دیں ۔

پرہیز : دوران عمل پاک صاف رہیں ۔ اگر ہو سکے تو روزانہ غسل کریں ۔ لڑائی جھگڑے سے قطعی گریز کریں ۔ کیونکہ دوران عمل غصہ بہت آتا ہے ۔ بدبودار اشیاء کھانے اور جماع سے گریز کریں ۔ نماز کی پابندی کریں ۔ دوران عمل آپکی آنکھیں دن بدن سرخ ہونا شروع ہو جائینگی ۔ چہرے پر جلال آ جائیگا ۔ کوئی آپ سے نگاہیں ملا کر بات نہیں کر سکے گا ۔ عمل کا اظہار قطعی کسی سے نہ کریں ۔

انتباہ : -

جو حضرات اپنے غصے پر قابو نہ رکھ سکتے ہوں ۔ وہ قطعی یہ عمل نہ کریں ۔ جس دن سورج نہ ہو ۔ اس دن تنہا کمرے میں پاک صاف جگہ پر آنکھیں بند کر کے طلوع آفتاب کا منظر اپنی نگاہوں کے سامنے لا کر سورج پر نظر جما کر تصور کامل گیارہ یا پندرہ منٹ تک پڑھیں ۔

**ختم شدہ**

Ghulam Yaseen